فہرست مضامین

حق خواهد گردید —

پس هر امتی را باید علی الدوام برای صیانت اخلاق و حفاظت ملکات و راهنمائی
بسوی سعادت منبهی از غفلت و صائنی از هبوط و سائقی بسوی رفع مائل و قائدی بجانب کمالات
و مانعی از رذائل و زاجری از نقائص و آمری بمعروف و ناهی از منکر بوده باشد —

و چون بنظر بصیرت بنگریم و بمیزان عقل بسنجیم هیچ چیزی را درین زمان
نمی بینیم که متصف بجمیع این اوصاف و دارای همگی این مزایا بوده باشد مگر جرائد و اخبارنامهای
یومیه — زیرا که هر صنعت و حرفه را موضوعیست خاص و یا حامیکه بسوی تصرف با اهل آن
منزله خاص گردیده است و ساحت آن ورا مستغرق شده چشم از مشارکین خویش در عالم
مدنیت پوشیده و از سود و زیان و تقدم و تأخر آنها غفلت ورزیده است بلکه ضرورت
معیشت او را در غالب اوقات از توازن صنعت خویش باز داشته است —

اما اخبارات یگانه صناعت است که موضوع آن عموم احوال و اخلاق
امم و غایتش اصلاح شئون امت خویش و جلب سعادت و رفاهیت و امنیت از
برای آن بلکه برای جمیع امم میباشد — (۱) از آنست که جریده (اخبار نامه)
مسابقت مینماید در نشر فضیلت ارباب فضائل اولاً ادای محمدت حقه که جزای صاحب
فضیلت است و ثانیاً از برای حث دیگران به اکتساب فضائل — (۲) و مبادرت
میکند بر ذکر رذائل اشکال ضررهای آنها متعدی است بجهت کج صاحب رذیله و زجر
سائر ناس از ارتکاب مثل آن — (۳) منافع اخلاق جمیله را با دلائل واضحه و بیانات
شافیه بطوریکه عوام از آن فائده گیرد و خواص بی بهره نماند هر روزه و هر اسبوع خود
اداء مینماید و مساوی صفات خسیسه و نقیصه را و مضرات آنها را و [illegible]

بلکه اگر کسے تعمق و تدبر نماید درین مسئله که سعادت اینکه باسم واحد
نامیده و بسمه واحده شناخته میشود بلکه رفاهیت هر فردے از افراد آن حاصل میگردد مگر
بتعاون و توازر زیراکه بالبداهه شخص واحد بلکه یک دو سه قلیله اینکه ما لهم از اعادی چند
بوده باشد هرگز قیام بر معیشت ضروریه خود نتواند کرد تا بجا که استحصال سعادت تامه
و رفاهیت کامله از برای خویش نماید — و تعاون و توازر اشخاص متکثره مختلفة الطبیعه
صورت وقوع نخواهد یافت مگر بتکافو در اشتغال و تناسب در افعال و تعادل در اعمال
بدان گونه که آن افراد متعدده را صورت وحدانیه حاصل گردد — و تکافو و تعادل در
عمل در عالم خارج پیرایه وجود و هستی نخواهد یافت جز باعتدال اخلاق ناطقیه و قوی نفسانیه
و نزاهت آنها — و استقامت اخلاق و اعتدال سجایا هرگز وجود نه پذیرد الا به تدبیر
و بینائی و تعدیل قوی عقلیه و تقویم و تهذیب ملکات آن — البته آن مدبر بصیر ما را و ملا حکم
خواهد کرد که علت حقیقی و سبب اصلی سعادت تامه هر امتے از امم عقل و بصیرت و نزاهت
و اعتدال اخلاق آن امت است و باعث شقا و موجب پریشان حالی آن زوال آن علت است
چون این ظاهر شد پس باید دانست که اخلاق نفسانیه و قوی و ملکات عقلیه
را عجائب [illegible] و تندی و قصی و بسطی و ارتفاعی و انخفاضی و ازدیادی و انتقاصی و
عروجی و هبوطی میباشد حتی اگر امتے از امم غفلت ورزیده زمانه قلیلی از مراقبت و محافظت
اخلاق نفسانیه و قوی عقلیه خود چشم پوشد و در تعدیل و تقویم و ادامه و تثبیت آنها
بر مراکز لائقه تساهل کند آن اخلاق و قوی اگرچه به درجه عالیه رسیده باشد رفته رفته روی
باضمحلال آورده تا آنکه بالمره معدوم و نابود خواهد گردید و آن امت نه تنها از سعادت و
رفاهیت محروم خواهد شد بلکه در اندک زمانے از دایره انسانیت بیرون شده بحیوانات وحشیه

[illegible] (۴) فوائد علوم را برای عموم بیان [illegible]
[illegible] می‌شود که [illegible] برای [illegible]
[illegible] و [illegible] بیان [illegible]
می اسراف [illegible] است [illegible]
بروده شد — (۵) درجات شرف علوم را باندازهٔ منافع آنها در عالم [illegible]
مینماید و مقدار لوازم هر یک را بدلیل و برهان می‌آرد تا آنکه نادانی که هست [illegible]
صرف عمر گران بها را نکند و از فایدهٔ جلیله که از اشتغال بعلم دیگر حاصل میشد محروم
نگردد — (۶) و وجوه صنایع را که نتایج علوم است در عالم مدنیت تشخیص و بعدم
حصول رفاهیت و سعادت بدون ترقی و صناعات [illegible] قاطعه می‌کند
(۷) و معارف ضروریه که هر انسان را از برای صدق اسم انسان بر دو استناد
واجب و لازم است چه اولیات جغرافیه و چه مبادی طبیعیات و چه امور فلکیه
و چه حوادث جویه و چه لوازم زراعت و چه صنعیات حرف و چه ضروریات [illegible] و چه
ترتیب منزل و چه تنظیف بلاد و چه تربیت اولاد بر نوعیکه عوام الناس ازان بهره‌ور
شوند ذکر می‌کند — (۸) تاریخ انسان و شرح فضیلت انسانیت را از وقت پیدایش
ازان ابتدا و [illegible] گشت را بفضیلت [illegible] دعوت و انتشار مکاتب عمومیه
اجرای علوم و معارف و صنایع و بنای [illegible] با ترتیب و تدقیق می‌نماید —
(۹) و از برای برانگیختن همم حامله و احیای [illegible] ذکر فضائل آبای ماضیه
و اجداد سالفه را بکیفیت اولاد و احفاد [illegible] گاه و بی‌گاه [illegible]
مینماید — (۱۰) احوال و اخبار امم بعیده [illegible] خود بتفصیل نقل می‌کند

پس بعبث راههای سنگوله نباید اراضی پست و بلند را بیهوده قطع نماید —

ولاکن بشرط آنکه صاحب جریده بنده حق بوده باشد نه عبد دینار و درهم زیرا که
اگر بنده دینار و درهم بوده باشد حق را باطل و باطل را حق و خائن را امین و امین را خائن
و صادق را کاذب و کاذب را صادق و عدو را صدیق و صدیق را عدو و قریب را بعید
و بعید را قریب و ضعیف را قوی و قوی را ضعیف و منفعت را مضرت و مضرت را منفعت
و حسن را قبیح و قبیح را حسن و موهوم حقیقی را موجود و موجود حقیقی را موهوم وا می نماید
البته عدم اینگونه جریده از وجود آن بمراتب غیر متناهیه بهتر است —

چون فائدهٔ اخبار نامه‌ها و مرتبت آنها معلوم گردید اکنون مرا می رسد که تأسف
خویشتن را اظهار کرده بگویم هندوستانی که از قدیم زمان معادن علوم و معارف و منبع
صنائع و بدایع و منبع حکم و فلسفه و کان قوانین و نظامات و مدنیت بوده است چرا باید
جرائد را در او آنقدر که باید و شاید مقدار و منزلت نباشد و جرائد مطبوعه در آن عمارت
از معدودی چند باشد با کثرت هندوستان آنکه دو صد میلیون (بیست کرور) بالغ می شود
و چرا اهالی آن مملکت را رغبت بامور خواندن جرائد نباشد با عظم فائده و کثرت منافع آن

و اما آن عذر یکه بعضی از ارباب وجاهت هند در باب نخواندن جریده تقریر
کرده می‌گویند که جرائد مطبوعه درین ممالک مطالب نافعه و مقالات مفیده را حاوی نیست
لهذا طبع بقرائت آن رغبت نمی نماید البته این عذر مقبول نخواهد افتاد نیز اگر معلوم
شود هر صاحب بصیرتی که اتقان صناعت و احکام حرف و تأنق در اعمال و تحسین اعمال
بحسب رغبت و میل عموم امت می باشد پس نقص را باید در افکار عمومیه دانست نه
در اخبار نامه‌ها —

و برای احتراز کردن اخبار کرده و مساوی راههای سعادت ارشاد میکند و از برای جلب منفعت و دفع مضرت حقائق اشیا را چنانچه در واقع است جلوه داده آشکارا مینماید و در هر جا و در هر چیز یکه منفعتی از برای امت خود دیده حالا اعلان میکند —

و بالجمله جریده انسان خواهان سعادت را دوربینیست جهان نما — و ذره بینیست حقیقت پیرا — و راه بریست نیک فرجام — و صدیقیست سعادت انجام — و طبیب است شفیق — و ناصحیست صدیق — و معلمیست متواضع — و مادبیست خاضع — و دیده بانیست بیدار — و حارسیست هوشیار — و مربیست کامل از برای عموم و تریاق شافیست بجهت جمیع هموم — و بهترین مشغلیست خاملین را — و نیکوترین انیسیست غافلین را — و روح بخش است دلهای مرده را — و برانگیزنده است افکار افسرده را — و در وحدت جلیس است — و در وحشت انیس — عالمان را است سرمایه — و عارفان را است پیرایه — تاجران را رهبر — و حاکمان را مشیر معدلت گستر — زارعان را قانون فلاحت است و صانعان را اوستاد صناعت — و جوانان را دبستان — و عوام را است اوستان — ارباب بصیرت را است نور دیده — و خداوند سیاست را دستوریست پسندیده — و مدنیت را حصنیست حصین — و سعادت انسانی را حبلی است متین —

و شرف و سروریت و رفعت جریده و کثرت آن سبب ترقی امم است در علوم و معارف و عروج آنها است بمدارج مدنیت زیرا که عالم عارف حاجات و ضروریات خویش را از جاهل غافل بیشتر میداند و در استحصال آنها زیاده سعی مبذول میدارد —

پس هر امتی که جویان سعادت و خواهان رفاهیت بوده باشد باید بداند که بغیر از جرائد و اخبارنامهای یومیه بمقصود اصلی و مطلوب حقیقی خود نخواهد رسید —

اور جہاں تک ہو سکے اِس قسم کی کتابیں صرف اور نحو اور لغت اور اشتقاق اور ادب کی اپنی زبان
میں تالیف کرنے میں تیسری یہ کہ ہم جدید علوم اور فنون کی کتابیں خواہ وہ دینی ہوں یا
دنیاوی اردو زبان میں تالیف اور ترجمہ کریں تاریخ اور تجربے اور دانائی کے مقتضی سے یہ امر
اظہر من الشمس ہے کہ جس زبان میں علوم اور فنون بہت ہوتے ہیں اوس زبان کا بقا اور قیام ایک
مدت مدید تک رہتا ہے اور جب تک تالیف و تصنیف کا اور علوم جدیدہ کے ترجمہ کرنے کا اوس زبان
میں جاری رہے تو علاوہ بقا اور قیام کے روز افزوں ترقی ہوتی جاتی ہے آپ عربی زبان کو
دیکھئے کہ ہندوستان میں اوس کا قیام اسی وجہ سے ہے کہ ہمارے دینی اغراض اور مقاصد
اِس زبان سے متعلق ہیں اگر ہمارے دینی مقاصد عربی زبان سے متعلق نہ ہوتے تو
ہندوستان میں آج ایک شخص بھی عربی جاننے والا نہ نکلتا خیال کیجئے کہ فارسی زبان
کیسی شیریں اور فصیح زبان ہے لیکن چونکہ رواج اوسکا ہندوستان میں محض تعلیم سیاست
کے زور سے تھا اسلئے اوس سلطنت کے جاتے ہی کتنا بڑا تنزل اور انحطاط فارسی زبان
کا ہو گیا ہے برخلاف اوسکے انگریزی زبان کا شیوع اور فروغ روز بروز بڑھتا جاتا ہے
اگرچہ ہم اس امر کو تسلیم کرتے ہیں کہ حکومت کے زور سے بھی زبان کی ترقی اور رونق
ہو سکتی ہے اور زبان انگریزی کی شیوع کی جو وجہیں ہیں اون میں ایک یہ بھی وجہ ہے کہ
حکومت اور سلطنت سرکار انگلشیہ کی ہے اور عموماً حصول ملازمت کا [illegible] زبان کی
پر موقوف ہے اور تمام دفاتر سرکاری میں بھی یہی زبان مروج اور مستعمل ہے لیکن اسکے ساتھ
ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ علوم اور فنون کی وجہ سے بھی زبان انگریزی کا زیادہ تر شیوع ہے دیکھو [illegible]
ہزاروں بلکہ لاکھوں آدمی ہندوستان میں ایسے نکلینگے کہ وہ علوم و فنون کے
شوق میں زبان انگریزی کی تحصیل کرتے ہیں فرض کیجئے کہ اگر کیمیا یا جر اثقیل یا علم [illegible]

ہم بھی خیال کرتے رہے اپنی قوم کو فایدہ دیوین اور نیک کامون مین رغبت کرین لیکن اس خیال کا سونفرہ یہ ہوا ہمارے ہاتھی دانت بیرحستر ہے اور اسکا انتظام اور عام پہر ایک مصرا ور خیال ہر سے خیال سے جسکا علم ہمکو نہ ہو عام معصیت اور خیر کو روک کیا سماجت ہمین لوکہا ہے — فقط

ترقی زبان اردو

ہم سے جہانتک ہوسکی اپنی زبان اور ملک کی ترقی کرین یہ امر ظاہر ہے کہ ہر زبان کی ترقی اوسی وقت ہوتی ہے جب اوس زبان سے ہمارے مقاصد اور اغراض متعلق ہون خواہ یہ مقاصد دین کے ہون یا دنیا کے یا دونون کے جہانتک تعلق مقاصد اور اغراض کا کسی زبان سے بڑہتا جاویگا وہانتک اوس زبان کی ترقی ہوتی جاویگی اور جہانتک مقاصد و اغراض مین اختلاط ہوگا وہانتک اوس زبان کا تنزل ہوگا ہمارے ملک کی زبان اردو ہے جو درحقیقت ایک مرکب زبان ہے اوسمین سنسکرت اور بہاکا اور فارسی وعربی اور انگریزی الفاظ مخلوط اور مستعمل ہین جب ہم چاہین اپنی اردو زبان کو وسعت دیوین اور ممالک اجنبیہ مین اس زبان کو پہیلاوین تو ہمکو کئی امور لازم ہین ایک یہ کہ ہم زبان اردو کی تحریر اور املا کو نہایت سلیس اور آسان کرین تا کہ زبان سیکہنے والیکو اوسکے الفاظ لکہنے مین کسی قسم کی دشواری پیش نہو ہم ت اور ط س اور ص اور ث کا امتیاز واجب اور ضروری نجانین اسیطرح ظ اور ض اور ز اور ذ کا فرق لازم نہ مانین ہر ایک لفظ عربی زبان کا جو اردو مین مستعمل ہے اور تقریباً کثرت استعمال کی وجہ سے وہ لفظ زبان اردو کا ایک جز ہو گیا ہے جب اوسمین ان حروف مین سے کوئی حرف موجود ہو تو کتابت مین ایسی آسانی برتین کہ لکہنے والیکو غوریا کی حاجت ہو مثلاً ظلم کا لفظ خواہ ض سے لکہا جاوے یا ز سے یا ظ سے ہم کسی ایک طور کو غلط نہ سمجہین دوسری یہ کہ ہم اردو زبان کی گرامر یعنی صرف اور نحو کے قواعد اچہی طرح سے درست کرین

تجارت

قواعد اہل حرفت وتجارت

ف ۱ ہر کاروبار کی بنیاد ایمانداری ہے اور یہی تمام کام میں لانے سے قائم ہوتی ہے اور ایک سچے کاروباری آدمی کیلیے چال چلن ایمانداری کی جو حسب ذیل لازم ہیں

ف ۲ تاجر کو اپنے قول و قرار پر مستقل طور سے قائم رہنا چاہیے اور کام کو بے پروائی اور عجلت سے نہ کرنا چاہیے۔

ف ۳ جو کام کہ وہ خود بآسانی کر سکتا ہے کسی دوسرے سے نہ کرانا چاہیے

ف ۴ ہر چیز کو اوسکے موقع اور محل سے رکھنا چاہیے۔

ف ۵ کسی کام کو ادھورا اور ناتمام نہیں چھوڑنا چاہیے جسکا اوسکو کرنا ضروری ہے اور جسکو حسب اتفاق زمانہ اوسکو کرنا چاہیے۔

ف ۶ اپنے ارادہ اور کام کو دوسروں کے نظر سے پوشیدہ رکھنا چاہیے

ف ۷ اپنے گاہکوں کے ساتھ خوش مزاجی سے پیش آنا چاہیے اور سب سے ایک ہی بات کہنا چاہیے۔

ف ۸ بضاعت سے زیادہ تجارت نہیں کرنا چاہیے۔

ف ۹ تھوڑے قرض کو بہت قرض پر ترجیح دینا چاہیے اور [illegible] خرید و فروخت کے معاملہ میں۔ اور قرض دینے میں تھوڑے سے نفع کو جہاں روپیہ ڈوبنے کا خوف کم ہے اوس کثیر منفعت پر ترجیح دینا چاہیے جہاں روپیہ مارے جانیکا اندیشہ زیادہ ہے

یا حیوان یا معادن حاصل کرنا چاہیں تو کیونکہ بغیر انگریزی سیکھے ہوئے حاصل کر سکتے ہین اگر یہ علوم
و فنون ہماری ملکی زبان یعنی اردو زبان مین موجود ہوتی تو ہمکو انگریزی حاصل کرنے کی احتیاج
نہ ہوتی اگر ہماری عقل سلیم ہے تو ہم بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ کوئی حکومت یا سلطنت حوادث
اور انقلاب سے بچ نہین سکتی او صفحہ تواریخ پر ہمیشہ اوسکی حالت مستمرہ قایم نہیں رہ سکتی
پس اپنی زبان کی ترقی ایسی بے نقا اور موہوم اور موقت شے پر منحصر کر دینا حقیقت
ایک بہت بڑی غلط فہمی ہے ہم ایسے موہوم اور موقت شے پر کیون بھروسہ کیے رہیں
اور مضبوط اور موبد شے کو کیون نہ اختیار کریں وہ یہی ہے کہ ہم علوم و فنون کو زیادہ تر
اپنی زبان میں رواج دیویں اور جہان تک ہم سے ہو سکے عربی اور انگریزی اور
جرمنی اور فرانسیسی زبانون سے علوم و فنون کی کتابیں ترجمہ کر کر اپنی زبان میں
شایع کریں جب یہ صورت جلوہ ظہور مین آوے تو ممکن نہین ہے کہ ہماری زبان
کی روشنی اور ترقی کسی کے مٹائی مٹ سکے خواہ کیسی ہی سلطنتون کا انقلاب ہو
خواہ کیسی ہی حوادث کا زور ہو مگر ہر وقت اور ہر
زمانے میں ہماری زبان کے طرف لوگون کی
احتیاج قایم رہیگی اور جہان تک احتیاج باقی
رہیگی وہ ہماری زبان کی تحصیل
میں اور اوسکے ترویج میں
کوشش کرتے رہیں گے

مثل تقرری اور ملشہ وغیرہ کے دوسرے نقدی معاملات کو درج کرنا چاہیئے —

(۲۰) اس بات سے کوئی آگاہ ہونا چاہیئے کہ کسطرح آدمی دوسرے شخص کا صاف ہو جاتا ہی اور ایسا ہی اوسکی ہمدردی کے کاموں میں بھی رہنا چاہیئے —

(۲۱) ہر شخص کو چاہیئے کہ ان قواعد پر اچھی طرح عمل کرے اور یہہ بات یاد رکھے کہ جسکو خدا نہیں چاہتا ہی وہ اپنی محنت سے کچھہ فائدہ نہیں اوٹھاتا ہی — لیکن انشاء اللہ تعالی ان سب باتوں کو خیال رکھنے سے وہ سب اپنے کاروبار میں کامیاب ہوگا —

دوکان لگانے اور کاروبار کے لئے جگہہ مقرر کرنے کے قواعد —

اگر تم دوکان لگانا چاہتے ہو تو مندرجۂ ذیل کے قواعد کو معمول رکھو —

تہوڑے سرمایہ والا — اول ہم اوس شخص کا حال بیان کرتے ہیں جو تجارت کے حالات سے محض ناواقف ہوتا ہی اور قلیل سرمایہ سے تجارت شروع کیا چاہتا ہی اور بعدہ روپیہ سے اسباب خرید کیا چاہتا ہی تاکہ تجارت کے ذریعہ سے وہ اپنی گذران بسر کرے — ظاہر ہی کہ اگر ایسا شخص دوراندیشی سے اور خوب سوچ سمجھکر اپنا کام نکریگا تو اوسکا روپیہ بغیر کسی کافی نتیجہ کے صرف ہو جائیگا اور کرایہ اور محصول اور دیگر خرچہ مانگے اور اوسکا مال پڑا رہیگا یا خراب ہو جائیگا اور اسواسطے اوسکو ضرور نقصان ہوگا — کیونکہ ذرا ذرا نقصان قلیل بضاعت کو مثل بہونسے پانی کے خشک کر دیگا اور ہمکو اوس شخص کی تصویر کہینچنا ضرور نہیں ہے جو اوسوقت اوسکو پیش آئیگی جبکہ وہ تہوڑا جو ایک ماہ کے بعد ہوگا اصلی ذریعہ ہے اوسکے پاس رہیگی —

بڑے سرمایہ والا — بڑی سرمایہ والا کا بھی حال قاعدہ مذکورۂ بالا سے

دفعہ ۱۰ تمام خرید و فروخت میں دیانتداری اور سچائی برتنا چاہیئے —

دفعہ ۱۱ ہر ضروری امر کو لکھ رکھنا یاد داشت میں چاہیئے تاکہ کوئی بات بھولنے نہ پائے اور ضرورت کے وقت [illegible]

نہیں چھوڑا جائے

دفعہ ۱۲ تمام ضروری چٹھیوں اور خطوں کی نقلیں جو روانہ کئے جائیں اپنے پاس رکھنا چاہیئے اور ہر ایک خط اور آئی ہوئی چٹھیوں کو جو کاروبار سے متعلق رکھتا ہو محفوظ کرنا چاہیئے اور

ان کو سلسلہ وار ترتیب دیکر رکھا جانا چاہیئے —

دفعہ ۱۳ کام کے میعاد کا وعدون کو پریشان نہ ہونے دینا چاہیئے —

دفعہ ۱۴ ہمیشہ اپنے کاروبار کا نگران رہنا چاہیئے اور یہہ سمجھنا چاہیئے کہ اگر ہم اسکو چھوڑ دینگے تو وہ ہمکو چھوڑ دیگا —

دفعہ ۱۵ اسامیات کو ایسا اصول گردانا چاہیئے کہ جس شخص سے قرض وصول ہونے میں شک ہو اوسکا اعتبار نہیں کرنا چاہیئے —

دفعہ ۱۶ اپنے گاہکون کے حسابات کو خواہ وہ دیس میں ہوں یا پردیس میں معین اوقات پر تصفیہ کرتے رہنا چاہیئے اور انکو تیار کرکے اون گاہکون کو پاس روانہ کرنا چاہیئے

دفعہ ۱۷ جہان تک ممکن ہو تمام عیش کے سامان اور چیزون میں روپیہ خرچ کرنے سے پرہیز کرنا چاہیئے اور درصورت قلیل نقصان حتی الوسع نالش کرنے سے احتیاط کرنا چاہیئے —

دفعہ ۱۸ تمام اپنے اخراجات میں کفایت شعاری کرنا چاہیئے اور ہمیشہ اپنی آمد کے احاطہ سے قدم باہر نہیں رکھنا چاہیئے —

دفعہ ۱۹ اپنی جیب میں ایک کتاب یادداشت رکھنا چاہیئے جسمین ہر ایک ضروری امر کو

* انڈاسمنٹ" انگریزی میں اوس خط یا چٹھی کو کہتے ہیں جو بلا کسی شئے کے روانہ کی گئی ہو —

مدورفت رکھتے ہیں اور وہاں سے خاص چیزیں کی اونکو ضرورت ہوتی ہے خواہ عادةً یا عمدہ
سمجھکر خرید لاتے ہیں اور اس سوداگر کی آمدنی اور فروخت ایسے لوگون کی خرید پر منحصر
ہوتی ہی جو بے پرواہی کے وجہ سے اپنی ضرورت کی چیزین اور ان اور عمدہ دیکھکر ان
قصبون سے ہین لاتے ہین - یا جب موسم بدلتا ہی جسکی وجہ سے اون قصبون تک جانا
نہایت ناگوار معلوم ہوتا ہی تو اوسکی روزی چلتی ہے اور کچھہ مال فروخت ہوتا ہے -

دیوالا ——— مثل ہی جب تک گہاس بڑھتی ہے گہوڑا ہوکون مرتا ہے
اسیطرح سے جب تک نئی جگہہ آباد ہو یہہ سوداگر اپنی بضاعت کو رفتہ رفتہ کہا جاتا ہے
اور جس وقت پرا پیانا ٹاٹ لوٹتا ہی اور دوکان بند کرتا ہی اور برخلاف اسکے اسی وقت
ایک بڑا ہوشیار تاجر اسی میل جول کے ذریعہ سے جسکو اول کے تاجر نے پیدا کیا تہا
نفع اوٹہاتا ہی اور اس مقام نو آباد شدہ کی حالت سے فائدہ پاتا ہی - اسواسطے یہہ ایک
قلیل بضاعت والے کے لئے بہتر ہی کہ وہ زیادہ کرایہ دینا گوارا کرے اور جو آباد
جگہہ دوکان لگاوی بہ نسبت اسکے کہ وہ اُن مقامات مین کاروبار کرے جہان بکری
کم اور غیر یقینی ہو - کیونکہ چہوٹے سوداگر کی کامیابی اور بہبودی صرف اسی بات پر
منحصر ہے کہ اوسکا تہوڑا سا اسباب اور محدود سا مال جلدی جلدی بکتا جاوے او
نیا اسباب آتا جائے -

دور اندیشی ——— لیکن ایسے ہی اگر کوئی کم بضاعت والا تاجر شہر کے
باہر یا دیہات مین دوکان لگاتا ہی جہان ہم پیشہ والوں کی نفسانیت اور مسابقت کا
خوف کم ہی اور کرایہ بہی قلیل ہین تو چند باتون کا لحاظ رکہنا چاہئے - اوسکو چاہئے
کہ خصوصاً اون چیزوں کی دوکان نہ لگائے جو بہت ضروری نہیں ہیں یعنی آرایش اور زینت

مستثنی نہیں ہی کیونکہ جب کوئی شخص جسکے پاس بہت سرمایہ ہوتا ہی تجارت شروع کرتا ہی تو وہ بہت
سا روپیہ اسباب کی خرید مین لگاتا ہی اور بڑے کرایہ کی دوکان لیتا ہی اور بڑے بڑے محصول
ادا کرتا ہی اور مددگارون اور نوکرون کی تنخواہ بھی زیادہ ہوتی ہے — اسواسطے اگر مال
جلد نہ بکا تو اوسی قسم کا نتیجہ جسکو ہمنے اوپر بیان کیا ہی جلد یا دیر مین پیدا ہوگا —

جگہہ —— اسواسطے ہر تاجر کو چاہئے خواہ اوسکے پاس سرمایہ
قلیل ہو یا کثیر کہ دوکان لگانے کے وقت اول وہ اوس جگہہ کو بخوبی غور کرے جہان
وہ دوکان کہولا چاہتا ہی کہ کس قسم کی وہ جگہہ ہی اور آدمیون کی تعداد اور اونکی احتیاج
اور عادات کو خیال کرے اور یہہ دیکہے کہ کسقدر مال اور دوسرے تاجر اوس جگہہ فی الحال
لاتے ہین اور کہان تک لوگون کی احتیاج رفع ہوتی ہے —

جدید مقامات —— نئے مقامون پر دوکان لگانے کا میلان کم بضاعت
والے تاجرون میں اس امید سے زیادہ ہوتا ہی کہ وہ جلد ہی لوگون سے میل جول حاصل
کریں — اور تہوڑے کرایہ کی وجہہ سے بہی اونکو ان مقامون پر دوکان لگانے کی
خواہش ہوتی ہی — مجہکو اپنی ذاتی تجربہ سے معلوم ہوا ہی کہ ابتداء باہر بلدہ یا شہر کے
دوکان لگانے سے ہمیشہ ناکامیابی ہوتی ہی — ان مقامات میں سوداگر بہت جلد
جہان ذرا بہی وہ آباد ہوتے داخل ہوتے ہیں اور قبل اسکے کہ مکان وہان تیار
ہو چکیں وہ اونکا کرایہ نامہ لکہہ دیتے ہیں اور اسباب کو فروخت کے لئے رکہدیتے
ہین اور اسوقت جب وہ دوکان لگاتے ہیں شارع راہ پر کنکر وغیرہ بہی بچہے نہین
ہوتے ہیں اور سڑکیں ناہموار اور زمین غیر مسطح مثل شہرون کی کہود رہنے کے ہوتی ہی
اور جو چند لوگ ان مقامات کے باشندے ہوتے ہین وہ گرد و نواح کے قصبون سے

کی چیزین - کیونکہ ان مقامات کے باشندے وہ لوگ ہوتے ہیں جو مثل اُسکے بغرض کفایت شعاری
ان مقامات مین جہاں ہر شی ارزان ہوتی ہے بود و باش اختیار کرتے ہین اور اگر یہہ
صورت نہو یعنی اگر وہان کے لوگ متمول اور دولت مند ہوں جو دیہات مین رہنے کو
شہر کی بود و باش پر ترجیح دیتے ہین اور جنکی آمدنی شہر اور دیہات دونون مین صرف ہوتی ہے
تو اونکے پاس گھوڑے اور بگھیان ہوتی ہیں جنپر سوار ہو کر وہ شہر کو آتے ہین اور وہان
عمدہ بازارون مین سے جہان ہر طرح کی قیمتی چیزین اور طرح طرح کے سامان دکھلانے کے لئے
رکھے ہوتے ہیں اپنی آرایش اور زیبایش کی چیزیں خرید کر لیجاتے ہیں —

ضرورت کی چیزیں ——— اسواسطے اوس دوکاندار کو چاہئے جو
دیہات میں دوکان لگاے کہ وہ روزمرّہ ضرورت کی چیزیں اپنی دوکان میں رکھے —
پانچ کوس کے فاصلہ سے روٹی لانا ہو تو لوگ پسند نہیں کرتے ہین اور بہت دور ترکاری
کیلئے جانا فی الواقع بڑی تکلیف کی بات ہے - باورچی - قصّاب - پنساری یا عطّار - خردہ فروش
اور ترکاری فروش وغیرہ پہلے اپنی دوکان کو دیہات مین قایم کرتے ہیں اور اپنی بضاعت
کو بڑھاتے ہیں اور اگر درزی اور ٹوپی بنانے والے اور سنار اور موچی اور موزے
بنانے والے اور دیگر چھوٹے چھوٹے پیشہ والے لوگ اپنی دوکان پہلے گانون مین
نہ لگائینگے تو اونکی اپنی دوکان مین جلد ترقی ہونے کی امید کم ہے —

خوش اخلاقی ——— بڑے مقامات مین جہان ہم پیشہ لوگ کثرت سے
ہوتے ہیں ایک چھوٹا دوکاندار اپنے بڑے ہم پیشہ والے سے صرف ایک سبب
کی وجہ سے اکثر بڑھ جاتا ہے وہ سبب کامیابی کا ایک جز ہے جو ہر بضاعت کو ترقی دیتا ہے
اور اگر اس سبب پر لحاظ نرکھا جاے تو اوسکو نقصان پہونچتا ہے - اس سبب کا نام خوش اخلاقی

... اور ... اس کا ہجوم کریگا اور تابع احکام ... ہونگے فقط

تجارت کا ایک دلچسپ مضمون

تمہید

ہر مضمون لکہنے کے قبل ضرور ہے کہ اوسکا تاریخی بیان اول تہوڑا سا لکہا جاوے تاکہ ناظرین کو مضمون نگار کے مقاصد اور اغراض پر کما حقہ واقفیت حاصل ہوا اور مضمون کے مطالب بخوبی ذہن نشین ہوں اسواسطے قبل اسکے کہ میں مضمون تجارت کو شروع کروں یہ مناسب سمجہتا ہوں کہ پہلے کچہہ تاریخی بیان تجارت کا لکہا جائے اور نوح علیہ السلام کے زمانہ سے لیکر اب تک جو جو قومیں دنیا میں مشہور اور معروف ہوئی ہیں اونکی تجارت کے طریقے اور ڈہنگ تحریر کئے جائیں اور ہر ایک قوم کے اصول تجارت اور اشیاء تجارت اور سامان تجارت کے درآمد اور برآمد پر غور کرکے اوس قوم کی ترقی اور تنزل کے اسباب بیان کئے جائیں ۔ اسواسطے میں نے اس تاریخ تجارت کو سات زمانوں میں تقسیم کیا ہے وہو ہذا —

۱　اسرائیلیونکا زمانہ

۲　مصریون کا زمانہ

۳　ہندوؤں کا زمانہ

۴　یونانیوں کا زمانہ

۵　رومیونکا زمانہ

۶　عربون کا زمانہ

۷　اہل یورپ کا زمانہ

زرع ثلثا شعیر یا ... زرع تا ... ہم زراعت ۔ اس شعر کا مطلب یہ ہے کہ زرع میں تین
حرف ہیں زر ع زر سونا ہے اور ع بھی زبان عرب میں سونے کو کہتے ہیں گویا زراعت میں بڑا
ہی سونا ہے اگر خوش اسلوبی اور عمدہ تدبیر سے زراعت کا کام کیا جاوے تو یہی کیمیا ہے
اللہ تعالی جل شانہ نے اپنی کلام پاک میں زراعت کا جا بجا ذکر فرمایا ہے ارشاد ہوتا ہے
یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم یا ایہا الذین آمنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم
ومما اخرجنا لکم من الارض کزرع اخرج شطأہ فآزرہ فاستغلظ فاستوی علی سوقہ یعجب الزراع لیغیظ
بہم الکفار مثل الذین ینفقون فی سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ
مائۃ حبۃ واللہ یضاعف لمن یشاء واللہ واسع علیم — بغوی نے اپنی تفسیر میں باسناد مسلسل
حضرت انس سے روایت کیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا - ما من مسلم
یغرس غرسا او زرع زرعا فیاکل منہ انسان او طیر او بہیمۃ الا کانت لہ صدقۃ یعنی جو کوئی
مسلمان کوئی درخت لگا دے یا کھیتی کرے پھر اوس میں سے کوئی آدمی یا پرندہ یا چارپایہ
کھا جاوے تو ہر ایک کے کھانے سے اوسکو صدقے دینے کا ثواب حاصل ہوگا —

کان زید بن سلمۃ یغرس فی ارضہ فقال لہ عمر اصبت استغن عن الناس یکن اصون
لدینک واکرم لک علیہم کما قال صاحبکم احیحۃ ان الکریم علی الاخوان ذو المال زید بن سلمہ
اپنی زمین میں درخت لگا رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا فرمایا تم نے بہت اچھا کام کیا
بے پرواہ ہو جاؤ لوگوں سے اپنے دین کو بچا سکو گے اور تمہاری عزت ہوگی جیسے احیحہ شاعر
عرب نے کہا ہے کہ سب بھائیوں میں عزت مند وہی ہوتا ہے جو مالدار ہو پیغمبروں میں
سے حضرت آدم اور حضرت شیث زراعت کیا کرتے تھے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
کے بڑے بڑے صحابہ جلیل القدر جیسے ابو ہریرہ اور عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس

پانی دیں پھر حسب دستور ان میں مصالح مذکور کو تھوڑا تھوڑا ایک ایک مشت یا لحظہ بعد ڈالتے رہیں جب سب مصالحہ ہو چکے آگ تیز کر دیں تاکہ یا دو گھنٹہ میں تانبہ مع مصالحہ کے گل کر ایک جگہ ہو جائے پھر ریت میں نالی بنا کر ڈال دیں بعد سرد ہونے کے [illegible] ہو جاوے گا تانبہ پارہ کے موافق سفید ہو جائیگا —

تانبے کو طلائی بنانے کی ترکیب

صاف ریگار دو چھٹانک — صاف طوطیا ایک چھٹانک — [illegible] آدھی چھٹانک — سہاگہ سوا تولہ — ان سب کو خشک پیسا [illegible] اور کٹھالی میں رکھکر گلا لیں پھر تانبے کو ذرا گرم کرکے [illegible]

لوہے پر تانبے کا رنگ چڑھانے کی ترکیب

ایک اونس یعنی آدھی چھٹانک تانبے کے [illegible] کو آگ [illegible] صاف کرکے ڈیڑھ چھٹانک "ایکوا ریجیا"[+] میں حل کریں جب [illegible] ہو جائے [illegible] پر کے ذریعہ سے لوہے کی چیز پر لگائیں — اس ترکیب سے آہنی شئے نفیس اور چمکدار ہو جائیگی جب کثرت استعمال سے یہ مصنوعی رنگ ہلکا پڑ جائے تو پھر [illegible] عمل میں لائیں —

لکھنے کے لئے آب زر بنانے کی ترکیب

ورق طلائی کو آب صمغ عربی میں حل کریں بعدہ قدرے "ہائی کلورائڈ آف مرکیوری" اسمیں شامل کریں اور شیشے میں رکھہ چھوڑیں وقت ضرورت کام میں لائیں

+ اسکو نائٹرو کلیرو ہائڈرک ایسڈ بھی کہتے ہیں —

* ہائی کلورائڈ آف مرکیوری — دو حصہ کلورین اور ایک پارہ کلورین کا کوئی ہندوستانی نام نہیں ہے

"نائٹرو میوری ایٹک ایسڈ" (شورہ اور نمک کا تیزاب ملا ہوا) مین ڈالین جب وہ
حل ہو جاوین تب اوسمین ایک سفید کپڑا تر کرکے اور دہوپ مین خشک کرکے
آگ مین جلا دین۔ جس نقرئی چیز پر سونے کا ملمع کرنا ہو اوسپر پہلے چربی ملین بعدہ
اوس کپڑے کی راکھہ کو تہوک مین ملاکر اوسپر چڑہا دین پہر سفید کپڑے سے صاف
کر ڈالین اس ترکیب سے خاک اڑجائیگی اور خالص سونا نکل آئیگا۔

سونے سے ملمع کرنے کی دوسری ترکیب

گندک اور نوسادر مساوی الوزن اسقدر کہرل کرین کہ دونو ایک
ذات ہو جاوین پہر دو مثقال ورق طلائی کو چینی کے پیالہ مین رکھکر اجزاء مذکورہ
مین سے ایک دانگ لیکر اوسمین ڈالین اور پہر شیشے کے کہرل سے ہوتے رہین
جب ورق طلا حل ہو جاوے تب چینی کے پیالہ کو ذرا آگ پر گرم کرین تاکہ نوسادر
اور گندک دور ہو کر زر محلول رہجاوے اب اسمین گوند کا پانی ملاکر نقاشی کے کام
مین لاوین یا تانبے یا لوہے یا چاندی کی چیز کو خوب صاف کرکے اوسپر ملمع کرین۔

تانبے کو نقرئی کرنیکی ترکیب

آدہ سیر تانبے کے واسطے دو چہٹانک شورہ اور دو چہٹانک سہاگا
کو پیسکر کہالی مین ڈالکر اور آگ پر رکہکر گلاوین بعد گل جانے کے آگ سے اوتار کر
اوسمین اس سفوف کے ساتہہ صاف سہاگہ اور "کریم آف ٹارٹار" (شراب کا تلچھٹ جو
سفید رنگ کا ہو) ڈیڑہ ڈیڑہ اونس" (یہہ ایک انگریزی وزن کا نام ہے جو
آدہی چہٹانک کے برابر ہے) ملاکر اور کہٹالی مین ڈالکر گلا دین بعدہ اوسکو ہی کی پرتین
ڈالکر ریزہ ریزہ کرین اور تانبے کے پتروں کو چہہ سات مرتبہ آگ مین تپا تپا کر پانی مین

حفظ صحت ازواج

سبحان اللہ جملہ تعریف اوسی خالق بے ہمتا اور صانع بے ہمتا
اور مصور کامل کو سزاوار ہے جسنے ایک قطرۂ نجس کو انسان کی پیدائیش کا سبب ٹھیرایا
اور اوسی قطرہ سے لولو شاہوار اور دُرّ بے بہا بنائے جنکے آب وتاب سے زمین و
آسمان روشن ہوا اور جنکی بڑی اور عظمت سے زمین کا دماغ عرش پر ہوا—
اوسی قطرۂ نجس سے کیسے کیسے حسین معشوق گل اندام پری چہرہ جنکی حسن وجمال کی
تحریر میں قلم کوتاہ ہے پیدا ہوتی ہیں اور اوسی قطرہ سے کیسے کیسے حکیم اور فیلسوف
اور عالم وفاضل اور عارف اور زاہد پردۂ غیب سے عالم وجود میں آسکتے ہیں یہہ ہی
قطرہ تو ہے جسنے رستم اور سہراب اور اسفندیار کو عالم ہستی دکہایا اور یہہ وہی
قطرہ تو ہے جسنے سلاطین عظام کو اس دار فانی میں موجود کیا۔ الغرض نسل آدم
کی حفاظت کے لئے یہہ ضرور ہے کہ عورتوں اور مردوں کی حفظ صحت رہے تاکہ اولاد
قوی اور صاحب فہم اور فراست پیدا ہو—

جیسا کہ انسان میں قاعدہ توالد اور تناسل جاری ہے اور
اوسکے واسطے عورت اور مرد کی مجامعت ضرور ہے اسیطرح اور دیگر حیوانات
مثل گہوڑا ہاتہی وغیرہ اور نباتات میں بہی یہہ قاعدہ جاری ہے جسکسی حیوانات اور
نباتات پر خیال کرے اور اونکی حالت دیکہے اور اون کے پہل اور پہول کو غور
کرے سے وہی بات برآمد ہوگی جو انسان کے حالت پر خیال کرنے سے ہوگی
دیکہو جب ایک درخت تر وتازہ ہوتا ہے اور اوسکے پتے اور ڈالیں ہری ہری
ہوتی ہیں تو اوسمیں پہول اور پہل بہی بڑے بڑے اور سرسبز اور شاداب اور خوش ذائقہ

لکھنے یا نقش و نگار کرنے کے لئے آب نقرہ بنانے کی ترکیب

ورق نقرہ کو گوند کے پانی خواہ سفیدہ مرغ کی سفیدی میں حل کر کے استعمال کریں —

سبز روشنائی بنانے کی ترکیب

طوطیا دو حصہ - زنگار دو حصہ - کریم آف ٹارٹر (شراب کا درد) ایک حصہ - پانی آٹھ حصہ — طوطیا اور زنگار پانی میں ملا کر پھر اس میں کریم آف ٹارٹر ڈالکر سب کو اسقدر جوش دیں کہ پانی نصف رہ جاوے پھر اسکو چھانکر بوتل میں رکھ چھوڑیں —

لوہے کی چیزوں پر حرف کھودنے کی ترکیب

اول موم کو گرم کریں پھر جو کچھ لکھنا ہو اوس سے لوہے کی چیز پر لکھیں اوسکے بعد نوسادر — طوطیا سبز — پھٹکری - تینوں برابر وزن لیکر پانی میں ملا کر اوس پر چھڑکیں اس ترکیب سے حروف نمودار ہو جاوینگے —

چاندی کی چیز پر حرف کھودنے کی ترکیب

اول موم سے لکھیں پھر نوسادر — نیلا تھوتھا - گندک — مساوی الوزن لیکر لیموں کے عرق میں پیس کر اوسپر چھڑکیں اور دھوپ میں سکھا کر دھو ڈالیں حرف نمودار ہوجاوینگے —

پتھر پر حروف کھودنے کی ترکیب

موم کو روغن کچھ کے ساتھ بذریعہ حرارت کے حل کریں پھر اوس سے پتھر پر لکھیں بعد تین روز کے تیز سرکہ سے دھو ڈالیں اس ترکیب

كلمة الحكمة ضالة المؤمن حيث وجدها فهو أحق بها

خذوا الكلمة الحق من سفيه ودعوا الكلمة الباطل من فقيه

نشان ۲ نمبرہ ماہ صفر ۱۲۹۶ ہجری مطابق جنوری انگریزی ۱۸۸۱ء

جلد اول رسالہ بے نظیر کے ۱ تا ۱۲ نمبروں

کا مجموعہ

معلم

شفیق

مشتمل بر علوم و فنون قدیمہ و جدیدہ یعنی علوم مندرجہ ذیل

ریاضیات - طبیعیات - الٰہیات - تجارت - اخلاق -

طب - تاریخ - جغرافیہ - ادب - کیمیا - نباتات - سیاحت

در مطبع مرتضوی واقع حیدرآباد مطبوع شد

فہرست نامہ مضامین

آپ تو آ فرماویں گے کہ حضرت ہیں سبحانہٗ تعالیٰ و شافی مطلق علامہ شفا ابابت اور داتا فرماتا
آپ نے سنا ہوگا کہ ابوالحق صاحب کا انام رحمت ہو گیا ہے اب زاہد کوئی
کشش فی الحقیقت اور فی الواقع نظر نہیں آتی — خدا اپنا فضل کرے —
ہر حال میں صبر اور شکر چاہئے — راقم بندہ ذلیل ابوالخلیل

فرد

نثار تجھ پہ سے گو دل ہزار بار کیا ۰ ولیک تو نے کبھی بھی نہ اعتبار کیا
خزاں میں رنگ کا ڈر تھا نہ کچھ ستم سے دلا ۰ تماشا آتی ہے تو نے جو بہار کیا

فرد

سر بالین تو سے کشتوں کو قضا کہتی ہے ۰ کر گئی تیغ ادا ہم سے ہمیں بدنام ستم
ہوں وہ مہجور کہ جب دور ہوا ہے آخر شب ۰ ہی وہ پیدائی ہو نہ یادی و جام سے

راقم محسن

راقم اور ایک اجنبی شخص کے جواب و سوال

ایک روز اتفاقاً ایک صاحب جن سے کبھی جان پہچان تک نہیں ور از
سر آمد ہوئے اور سلام و علیک کہکر کرم فرما ہوئے — بعد سلام و علیک کے چھوٹتے ہی
فرمانے لگے کہ ایک رسالہ مسلم جاری ہوا ہے کیا آپ ہی اسکے ایڈیٹر ہیں — میں نے عرض کیا
کہ حضرت ایڈیٹری کی لیاقت تو بندہ میں نہیں ہے مگر دوستوں اور احبابوں کے کہنے
سے اس خاکسار نے اسکے اہتمام کو اپنے ذمہ لیا ہے — کہنے لگے کہ حضرت اس رسالہ میں
مادہ علم میں وہ کون صاحب ایسے اس زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں جو ان علوم سے واقف ہیں

بالفعل فارسی مین کچھہ تھوڑی بہت شد بد نہ پیدا کرلے تب تک اوسکو اردو لکھنا جائز نہیں
کیا انصاف کی بات ہے کہ اردو زبان لکھنے کے لئے جسکو وہ ایک سہل اور سلیس زبان کہے
اور ایک شخص کو آتی بھی ہے مگر اوسکے لکھنے مین وہ فارسی یا عربی پڑھنے کا محتاج
ہو گویا ہمین ایک چھوٹی سی بات کو ایک بہت بڑی بات پر موقوف رکھنا ہے اور یہہ بات
دانشمندی سے بہت بعید ہے — پس ضرور ہے کہ جو لوگ اپنے لڑکے اور لڑکیونکو
اعلی درجہ کی تعلیم فارسی یا عربی کی دینی نہیں چاہتے اور اتنی خواہش رکھتے ہین
کہ وہ لوگ اردو لکھہ پڑھ سکین تو اونکو ضرور ہے کہ اوسی طریقہ کو اختیار کرین کہ
جو بات عربی اور فارسی پڑھکے برسون مین آتی ہے وہ بات اِس طریقہ سے مہینون
بلکہ ہفتون مین آسکتی ہے — شاید صاحب ایسا اعتراض کرینگے کہ اگر اسطور سے
تعلیم کی تمیز اوٹھا دیجاوے تو پڑہنے مین بہت دہوکا ہوگا اور سمجھہ مین نہین آئیگا
ایسے لکھنے والے کی منشا کیا تھی اوسکے جواب مین ہم کہینگے کہ یہی عذر اور یہی اعتراض
دوسرے لفظ اور حرفونمین ہو سکتا ہے کیونکہ بولنے والا بولنے مین تو کچھ (ث، س)
(ص) (ذ، ز، ظ، ض) کی تمیز رکھتا ہی نہین ہے تو ہم اچھی طرح سے اپنا مطلب
سمجھہ لیتے ہین پس اسی طرح پڑہنے مین بھی ہوگا — اب ہم مثال کے طور پر ایک
قصہ اور چند اشعار آسان سلیس اردو کے طرز تحریر کے باب مین لکھتے ہین —

نثر

عرض بندہ سلامت

آپکا رقعہ پہنچا سارا حال اوسکا بخوبی از ہر در پر ہوا اور اسمین جو
آپنے مہربانی سے ... ذکر کرہ فرمایا تھا ... حقیقت تمین ... الیل ... ہو

جغرافیہ

دیباچہ مالی

جغرافیہ کے بہت سے چھوٹے بڑے رسالے انگریزی اور ہندی کی
زبان مین شایع ہین اور کچھ تعلیم [illegible] کی سرکاری اسکولون اور مدرسون مین [illegible]
ہوتی ہی مگر ہم جس جغرافیہ سے بحث کیا چاہتے ہین وہ ایک نئی ڈھنگ کا ہی ہم یہ چاہتے
کہ اوس جغرافیہ کو لکھین جو تاجرون اور سوداگرون کو بڑی مدد دیوے ظاہر ہے کہ
جب تک ہمکو ہر مال کا ماخذ معلوم نہ ہو ہم اوس مال مین معتدبہ اور کثیر منفعت نہین کما سکتے
اور یون بیٹھے بیٹھے تو ایک ہی شہر مین ایک بازار سے دوسرے بازار مین
مل جاتے ہین جب ہمکو یہ منظور ہو کہ دونا اور چوگنا نفع حاصل کرین تو ہمکو ضرور ہی
کہ ہم جس چیز کی سوداگری کرین اوسکے کان سے منگوا دین جب تک ہمکو ہر مال کی
کان اور وسائل کا [illegible] معلوم ہو نفع کی توقع رکھنا بیجا ہے مثلاً ہم چاہتے ہین کہ زعفران
کی تجارت کرین اور اسکا کچھ پتا نہ ڈھونڈھ کے بمبئی سے زعفران منگا لین تو بڑی
بڑی مشکل سے ایک آنہ روپیہ ہمکو مل جاوے گا اور یہ بھی احتمال ہے کہ گرانی اور
ارزانی نرخ سے [illegible] وقت مین نقصان ہو مگر یہ ممکن نہین ہے کہ ہم زعفران کی
کان سے زعفران منگوا دین اور ہمکو خسارہ ہو گو ہم کوڑیون کے مول بیچ ڈالین
تب بھی کم سے کم دونا نفع ہو گا اور جو ہم اچھی طرح سے [illegible]
ذریعہ سے وسائل [illegible] بندوبست کر لین تو چوگنا ہوگا نفع کبھی حاصل ہونا ممکن ہے
اشیاء تجارتی [illegible] ہوسکے ہین ایک قدرتی دوسری مصنوعی پہر قدرتی [illegible]
نباتی اور حیوانی اور معدنی اور [illegible] کی تین قسمیں ہیں ہم اب سب کے [illegible]

علم طب کے سیکھنے سے حکیموں کو اسبات کی استعداد ہوتی ہے کہ وہ امراض شدیدہ کی تکالیف کو روک سکیں اور مریض کو عمر طبعی کے میسر رہنے سے باز رکھ سکیں۔

علم تشریح اور علم جراحی کی پڑھنے سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ جراح اون ہڈیوں کو جو بہت ٹوٹ جاتی ہیں جوڑ سکتا ہے اور جو زخم خوفناک ہو گئے ہیں اونکو آرام کر سکتا ہے بلکہ جو پھوڑے اور پھنسیاں جسم کے اندرونی اعضا میں ہو جاتے ہیں اور بغیر علاج کے مہلک ہوتی ہیں اونکو دفعہ کر سکتا ہے۔

علم جرثقیل کے سیکھنے سے یہ بات پیدا ہوتی ہے کہ انسان اپنی قوت کو آلات اور کلیں بنا کر ترقی دے سکتا ہے۔ جہاز دخانی جو سمندر کو بمخالفت ہوا و طوفان پار کرتا ہے ریل کا انجن جو ایک گھنٹہ میں ساٹھ میل راستہ طے کرتا ہے اور دخانی ہاتھوڑا جو لوہے کی چادروں کو ایک دم میں گھونسکر رکھ دیتا ہے یہ سب کے سب ادنی قوت کے نمونے ہیں جو انسان کو علم جرثقیل کے پڑھنے سے حاصل ہوتی ہے۔

علم البرق کے پڑھنے سے انسان کو اسبات کی استعداد پیدا ہوتی ہے کہ وہ خاک باد اور آب آتش کی لڑائی میں اپنے آپکو بچا سکتا ہے۔ بجلی کیا ہے ایک شعلہ برق کا ہے اور جن بلند چیزوں پر گرتی ہے ہوا اوسکو کھینچتے ہیں۔ بجلی میں وہ بڑی قوت ہوتی ہے جس سے کہ ایک دم میں بڑی بڑی عالیشان مکانات اور گرجا اور مندر مسمار اور خاکستر ہو جاتے ہیں۔ مگر جب انسان کو علم البرق کے سیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خاص خاص دھاتوں سے بجلی بآسانی بڑے زور سے کھینچ آتی ہے تو وہ بلند مکانوں پر اون دھاتوں کی لمبی لمبی سلاخیں کھڑی کرتا ہے جو زمین کے اندر گڑی ہوئی ہوتی ہیں جب بجلی گرتی ہے تو وہ بڑے زور اور شور کے ساتھ اون سلاخوں کی طرف دوڑتی ہے اور بادل کو وہ دھاتوں کی سلاخیں کھینچتے ہیں اور بغیر کسی نقصان کے زمین میں بجلی گھس جاتی ہے۔ اسطرح سے انسان کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ بجلی کو اپنے ہاتھ میں پکڑ لیتا ہے اور اوسکی خوفناک اور نیست و نابود کرنے والی قوت کو خاک میں ملا دیتا ہے یہ سب اسیطرح نتیجے ہیں علم کی تحصیل کے [illegible]

راقم
محب حسین

پیدا ہوتا ہی تمام بنگال پرگنہ پٹنہ اور اراکان اور پیگو میں روئی بوئی جاتی ہی مگر گجرات اور دکہن اور برار والے میں اسکی کثرت ہی ہمالیہ اور گنگا کے درمیان نیل بویا جاتا ہی بہار اور بنگال سے ۱۰۰۸۰ ہزار من نیل اور ولایتوں کو جاتا ہی دکہن میں کہین کہین نیل کی کاشت ہوتی ہے زعفران اطراف اور جوانب میں کشمیر کے پیدا ہوتی ہی اگر کوئی نیا آدمی زعفران کے کہیتوں پر جاوے تو اوسکے سر میں درد ہونے لگتا ہی مگر وہان کے لوگون کو بالکل تکلیف نہین ہوتی سب درخت پہولون کے اول شاخ و برگ لاتے ہین پہر پہول برخلاف زعفران کے کہ جب زمین سے چار انگشت اوسکا درخت نکلا تو پہول سوسنی رنگ چار پنکہڑی کا اوسمین نمودار ہوتا ہی اور اوسمین تارکی ریشمی کرم کیطرح ہوتی ہین اور زعفران یہی ہے کہین ایک کوس کہین آدہ کوس تک زعفران کا کہیت ہوتا ہی دور سے بہت خوشنما معلوم ہوتا ہی افیون کی بہت کاشت آسام اور گنگا کے جنوب کیطرف بنگال اور بہار بنارس اور مالوہ میں ہوتی ہے افیون کا ٹہیکہ سرکار انگریزی نے خود لے رکہا ہی اور اوسکا منافع سرکار کو پانچ کرور روپیہ سے لیکر سات کرور روپیہ تک حاصل ہوتا ہے لیکن اسنا بعض ریاستوں مین تہوری بہت افیون کی کاشت ہوا کرتی تہی اور وہ وہان کے رعایا صرف ہوتی تہی پہر سرکار انگریزی نے چند مصالح کے لحاظ سے سب جگہوں میں افیون کی کاشت بالکل موقوف کرادی ہی بالفعل یہ حال ہے کہ جو روپیہ کی دو تولہ افیون ملتی ہے اور بیس تولے سے کم نہین ملتی لیکن سرکار سے اوسکا روپیہ آٹہ محصول مقرر کر رکہا ہے اسوجہ سے جو وہ ... سے کم افیون نہین بنتی ہی اسی وجہ سے ممالک مغربی اور شمالی اور اضلاع ہندوستان ...

اس جغرافیہ سابق میں تمام ملکوں کا لکھتے ہیں پھر جغرافیہ نباتی پھر جغرافیہ معدنی پھر جغرافیہ مصنوعات
لکھیں گے پھر اسکے بعد ہر رشتے کی پوری پوری تفصیل وقتاً فوقتاً درج کرتے رہیں گے
یقین ہے کہ اس قسم کے جغرافیہ کو ہمارے ملک کے ودیارتھی اور باہر سوداگر بہت
پسند کریں گے اور اشیائے تجارتی کے منگواتے ہیں اور [illegible] کا لحاظ رکھیں گے سب سے
پہلے ہم ہندوستان کے حالات کو لکھتے ہیں ۔

ہندوستان

جو پیداوار ہندوستان کے بڑے بڑے ہیں وہ یہ ہیں۔ چاول۔
گیہوں اور اناج ۔ روئی۔ تیل۔ افیون۔ نمک۔ گانجہ۔ سن۔ اور ریشہ دار چیزیں
چائے۔ کتھا۔ لاک۔ زعفران۔ الائچی۔ سیاہ مرچ۔ شکر۔ گڑ۔
اس ملک کے تمام اضلاع ریتیلے بہار اور بنگال اور ساحل مدراس کے گرد۔ چاول
پیدا ہوتا ہے بنگال میں بردوان کے قریب اور اراکان میں ہر سال اوسکی دو فصلیں
ہوتی ہیں ممالک مغربی اور اضلاع پنجاب میں گیہوں بہت پیدا ہوتا ہے اور دہلی
آگرہ لاہور سرہند گویا گیہوں کے معدن ہیں ان شہروں کے برابر سارے ہندوستان
میں کہیں گیہوں ارزاں نہیں ملتا ہے۔ جوار۔ باجرا اور چھوٹے اناج ملک ہی کے
پہاڑوں میں بہت پیدا ہوتے ہیں دکھن کے برابر جوار باجرہ کہیں کا نہیں ہوتا
لیکن باجرہ ممالک مغربی اور شمالی میں دکھن سے زیادہ ارزاں ملتا ہے۔ پہلے چنا کی
ممالک مغربی اور شمالی میں بہت ارزاں ہوتا ہے۔ آلو ۔ دور اروی ممالک پنجاب اور
ممالک مغربی اور شمالی میں بہ نسبت کثرت سے ہو لیکن اروی عمل پورے کے نواح میں ہاتھ
کلاں اور مزیدار ہوتی ہے ممالک دکن میں پونا کے اطراف [illegible] آلو بہت کثرت سے

علی الخصوص صوبہ اودہ مین آم کی پیداوار بہت ہونے سے کہٹائی بہی نہایت
سستی رہتی ہی کہٹائی املی کی رواج دکن مین نہایت ارزان ہے —
سرخ مرچ ممالک مغربی و شمالی اور تمام ہندوستان کے قطعات مین پیدا
ہوتی ہے سیاہ مرچ اور الایچی ساحل ملیبار کے کنارے پر پیدا ہوتی ہے
سے پورے بیس کوس کے فاصلے پر الایچی کی بڑی پیداوار ہی اور گجرات مین بہی
الایچی ہوتی ہی ساگوان کی لکڑی بہت عمدہ ہوتی ہے اور جہازون اور مکانون
کے تعمیر مین آتی ہے وہ ملیبار کے پہاڑون اور مدراس پریسیڈنسی اور
دادہی شہر اور پنجاب اور آسام اور پیگو اور برہما مین کثرت سے پیدا ہوتی ہے
ببول ہندوستان کے تمام قطعات مین کم وبیش پیدا ہوتا ہی اوسکی
چہال سے چمڑا صاف ہوتا ہی سال یہ لکڑی بہاری اور مضبوط اور
دیرپا ہوتی ہے نیپال اور بہوٹان کے جنوبی سرحدون اور اوڑیسہ کے کوہستانی
اضلاع مین ہوتی ہی بانس جسکو اہل دکن بینو بہی کہتے ہین مشرقی ہندوستان
مین بہت پیدا ہوتا ہی اور تعمیر کے کامون مین صرف ہوتا ہی سوا ان کے طرح
طرح کے میوہ جات جیسے آم خربوزہ تربوز کنولا سنگترہ کیلا امرود املی سیتا
ناسپاتی انگور انار جامون فالسہ کہرنی چکوترا اناس شہتوت آلوچہ [illegible]
سیتا پہل یعنی شریفہ پیدا ہوتے ہین مگر جامون بنگالہ کے عمدہ ہوتے ہین اور
خربوزہ لکہنؤ اور ٹونک اور جاورہ مین اچہا ہوتا ہی اور امرود الہ آباد کا اور آم
مدراس اور بمبئی کا اور شریفہ حیدرآباد کا اور سپاری ممالک بنگال اور
دکن مین کثرت سے پیدا ہوتی ہی فقط وحید الزمان

سولہ روپیہ سیر ادہر بکا کرتی ہے لیکن ممالک دکن میں تین تولے اور دو تولے فی روپیہ
بکتی ہے بنگالہ اور گجرات پٹنہ میں ستلج اور بیاس کے کناروں پر اور مسقط
اور بنگال میں سن پیدا ہوتی ہیں ہزاروں اور لاکھوں من سن اور روئی ہندوستان
ولایت کو جاتی ہے اور وہاں سے عمدہ عمدہ کپڑے بن کر آتے ہیں جنکو تمام ہندوستان
کے لوگ عمدگی سے پسند کرتے ہیں پر اون کپڑوں کے بنانے کے لئے اسقدر ملک میں
کچھ سعی نہیں کرتے چاہی تھوڑے دنوں سے ہندوستان میں پیدا ہونے لگی ہے
آسام کی پارسامنٹ اور دارجیلنگ کے قریب پہاڑوں پر کمایوں میں وادی کانگڑہ میں
پیدا ہوتی ہے اور ممالک مغربی اور شمالی میں مصوری پر اور ممالک جنوبی میں نیلگری
پر بھی چائے پیدا ہوتی ہے لیکن یہ چائے عمدگی میں چین کے چائے کے برابر نہیں ہوتی
چائے کا قاعدہ ہے کہ وہ ہمیشہ اوس زمین پر پیدا ہوتی ہے جو سطح سمندر سے دو ہزار
فیٹ سے لیکر پانچ ہزار فیٹ تک بلند ہو قہوہ لنکا اور نیلگری میں پیدا ہوتا ہے
اور اون کے شمال و مغرب میں بھی پیدا ہوتا ہے لیکن یہ قہوہ عمدگی میں عرب کے قہوے
کے برابر نہیں ہوتا اگر ممالک دکن میں خصوصا حیدرآباد کے نواح میں کوشش کیجائے
تو قہوے کی پیداوار ترقی ہوسکے اسوجہ سے کہ یہ ملک اکثر امور میں قریب قریب
ملک عرب کے ہے گنّا سارے ہندوستان میں پیدا ہوتا ہے مگر ممالک مغربی
اور شمالی میں بہت کثرت سے ہوتا ہے جہاں پیدا ہو بریلی اور دہلی اور میرٹھ میں
رانپور اور گڑ اور شکر بہت ارزان ہے میں نے دیکھا ہے کہ ان دنوں میں پانچ
روپیہ کی ایک من اون تک ہو جاتی ہے اور ایک روپیہ کا سوا سیر تک کھانڈ
کھاتی آم کی ممالک مغربی اور شمالی میں بہت کثرت سے اور نہایت ارزان ملتی ہے

جغرافیہ کے عام اصول

(۱) زمین کے بیان کو جغرافیہ کہتے ہیں —

(۲) زمین گول شکل کی ہے اور اسواسطے اسکو اکثر کرہ کہتے ہیں — قطر میں اسکی پیمائش ۷۹۱۲ میل ہے اور دایرہ یا گھیرہ میں تقریبا ۲۴۰۰۰ —

(۳) اور [illegible] سیارے ہیں جو [illegible] فاصلہ پر سورج کے گرد پھرتے ہیں ایک زمین بھی ہے —

(۴) ہر چوبیس گھنٹہ میں ایک بار زمین اسطرح گھوم جاتی ہے جیسے کوئی شی محور پر گھومتی ہے اور ایک سال کے عرصہ میں وہ اپنی گردش کو آفتاب کے گرد پورا کرتی ہے —

(۵) سطح زمین کا ۳/۴ حصہ پانی سے ڈھپا ہوا ہے —

(۶) سمندر میں زمین خشک مختلف اندازہ اور شکل [illegible] قائم ہوتی ہے — اسکی سطح ناہموار ہے کیونکہ بعض جگہہ [illegible] میدان اور بعض جگہہ اونچی ہوتی ہے اور بعض جا اونچی پہاڑیوں اور [illegible] قطاروں میں بلند ہوتی ہے — فقط

راقم محمد حسین

درست کرنا - قیس بن عاصم نے اپنی بیٹیوں سے کہا تم اپنی مال کی درستی کرو
یعنی کہیت اور باغ کی کیونکہ وہ ہوشیار کرتا ہی سخی کو اور بے پرواہ ہوتا ہی اوسکی
وجہ سے آدمی بخیل اور کم ظرف سے عتبہ بن ابی سفیان نے جب اپنے غلام کو
مال سپرد کیا تو کہا دیکہو میری مال کی حفاظت کرنا ایسا نہ ہو کہ بڑا مال چہوٹا ہو جاوی
بلکہ ایسا ہو کہ چہوٹا مال بڑا ہوتا جاوے ایک بزرگ کی وصیت یہ ہے کہ جو شخص
کہیت یا باغ کا مالک ہو اوسکو چاہیئے کہ وہ خود اپنے کہیت اور باغ کو دیکہتا رہے
چہوڑکر غایب نہ ہو جاوے خاص کر جب جوتنے بونے کا وقت ہو تاکہ محنت کرنے والے
اور کام چور دونوں قسم کے لوگوں کو پہچان لیوے پہر جو محنتی ہوں اونکو صلہ اور
انعام دیوے اور جو کام چور یا بیکار ہوں اون کی بدلی کردے عرب میں ایک
مثل مشہور ہے تقول الضیعۃ لصاحبہا ارنی ظلک اعمر یعنی کہیت یا باغ اپنے
مالک سے کہتا ہے تو اپنا سایہ مجہے دکہاتا رہ میں آباد رہونگا - منقول ہے
کہ سب سے پہلے جس نے جوتا بویا وہ آدم علیہ السلام تہے اور اون کو اللہ تعالی
نے زراعت کی تدبیر بتلائی تہی پہر اون کے بعد شیث بن آدم نے زراعت کی
پہر ادریس علیہ السلام نے پہر جب طوفان ہوا تو کسی کو زراعت کی تدبیر نہ آئی
اوسوقت حضرت نوح علیہ السلام نے کہیتی کی تدبیر سکہلائی

علم زراعت کی تعریف

علم فلاحت اور زراعت وہ علم ہے جس میں زمین درست کرنے کی تدبیریں
اور درخت لگانے کے طریقے اور غلوں اور دانوں کے بونے کی تدبیریں
اور اونکو عمدہ اور بہتر کرنے کے طریقے اور جو آفات سماوی کہیت یا باغ پر

حیض ہے کیا رہ ہین اور ایک زچگی کی نسبت اور ایک دودہ پلانے کے باب مین لکہون
تاکہ لوگون کو واقفیت حاصل ہو اور وہ صحت ازدواج کو ایک ضروری امر سمجہین —

حفظ صحت ازدواج

{ ترجمہ از کتاب ایڈوایس ٹو اے وائف
مؤلفہ ڈاکٹر پای ہیری کواسی صاحب }

مضمون اول

حیض

حیض بلوغ کی علامت ہی اور اسکا اعتدال سے جاری رہنا عورت کی تندرستی اور
حمل کے لئے ضروری ہے۔ ایام حمل مین ہمیشہ اور دودہ پلانے کے دنون مین بہموما اور
بیماری مین اکثر حیض بند ہوجاتا ہی۔ حیض [illegible] کہ ہمیشہ [illegible] پنج اور اکثر [illegible]
مین عموماً جاری ہوا کرتا ہی۔ اور پینتیس سال تک [illegible] ہوتا ہی پہر وہ بالکل [illegible]
ہوجاتا ہی اور اوسکے موقوف ہونے کے [illegible] [illegible] جسم مین واقع ہوتا [illegible]

۱ عورتین بہت کثرت سے بانجہ ہوتی ہین اور اوسط تعداد انکی
فیصدی ۲۰ ہی یعنی سو عورتون مین سے بیس عورتین بے اولادی ہوتی ہین۔
کیا کوئی ایسا سبب نہین ہے جسکی وجہ سے یہہ [illegible] اور افسوس [illegible]
ہوتا ہی۔ بیشک کوئی سبب ضرور ہے لیکن اسمین بہی کوئی شک [illegible]
یہہ سبب اکثر عورتون مین رک سکتا ہی —

۲ جسطرح سے کہ ایک درخت [illegible] پہل [illegible] کی وجہ [illegible]
جاتا ہی اوسیطرح ایک تندرست جسم ہی جو حاملہ ہونے کی قابلیت رکہتا ہی [illegible]

[illegible]

۶ [illegible] ... اسوقت ... اور اسکے لڑکپن کا ... اور وہ بالغ ہوتی ہے ... اور اسکو حاملہ ہونے کی استعداد اولاد پیدا ... ہے۔

۷ اگرچہ اسوقت عورت کا زمانہ بلوغ شروع ہوجاتا ہے لیکن یہ نہیں کہہ سکتے ہیں کہ وہ پوری جوان ہے اور اسکے جسم کی تکمیل پوری ہوگئی۔ اسلئے آٹھ یا دس سال کا عرصہ لگتا ہے یعنی بیس یا بائیس (۲۰ یا ۲۲) برس تک یہ سب تکمیل ہو جاتی ہے۔ اور اگر وہ اولاد کرنیکا ارادہ کرے اور اتفاق ہو تو یہ عمر اسکے واسطے بہت مناسب ہے۔

۸ جب چھوٹی عمر کی عورت شادی کرتی ہے تو اسکا جسم کمزور ہو جاتا ہے اور پورا نشوونما اسکے جسم کا نہیں ہونے پاتا ہے۔ علاوہ اسکے زچگی [illegible] یا اینٹھن ہوتی ہے اور اینٹھن زچگی کی تکالیف میں سے ایک سخت تکلیف ہے۔ اسلئے جب ایک عورت بارہ یا تیرہ (۱۲ یا ۱۳) برس کی عمر میں شادی کرتی ہے تو اسکے کولھے کی ہڈیاں یعنی پیچھے کے دھڑ کی ہڈیاں اسوقت کافی طور سے نشوونما پائے ہوئے نہیں ہوتیں اور بچہ کے لئے مناسب شکل کی نہیں ہوتی ہیں اور بچہ کا سر آسانی سے نکلنے کے لئے کافی فاصلہ نہیں دیتی ہیں جیسا کہ بیس یا بائیس (۲۰ یا ۲۲) سال کی عمر میں ہوتا ہے۔ اسواسطے حالت زچگی بہت خوفناک اور سخت دقت طلب ہوتی ہے۔ ایسی کم سن چھوکری زچگی

۱۷ اسواسطے جو لوگ مریض اور کمزور ہیں ان کو شادی کرنیکا
استحقاق حاصل نہیں ہے — اور اگر وہ شادی کرینگے تو ایک روز یقینا ضرور انکا
ان کو اسکے سبب سے وقوفی اور ناسمجھی کی سزا ملیگی فی الحقیقت شادی ایک بڑی جوابداری
کی شئے ہے اور غور و فکر کر کے شادی کرنا چاہئے — شادی کے معاملات میں دل
اور جسم کی تندرستی کو دولت اور حسب و نسب اور تمام دنیوی چیزوں پر ترجیح دینا چاہئے —

۱۸ حیض عموماً ہر ماہ میں ایک مرتبہ جاری ہوتا ہے یعنی ہر ۲۸ دن میں
اور عموماً ۴ سے ۵ دن اور اکثر ۸ ساعت جاری ہوا کرتا ہے بعض عورتیں ایسی ہیں
ہر ماہ کے ہر تین ہفتہ میں حائضہ ہوتی ہیں ہر حیض تین دن سے پانچ دن تک رہتا ہے
اور بعض عورتیں ایک ہفتہ تک حائضہ رہتی ہیں اور دوسری عورتیں اس سے زیادہ
عرصہ تک — اندازاً ہر ایام میں چار اونس سے پانچ اونس تک مادہ نکلتا ہے —

۱۹ جب تک عورت برابر حیض سے ہوتی ہے وہ بہت کم حاملہ
ہوتی ہے اگرچہ بہت سی عورتیں ایسی بھی ہیں جن میں وہ عورتیں حاملہ ہو گئی ہیں
دو مہینہ ایام سے نہیں ہوئی ہیں — لیکن ایسی صورتیں بہت نادر ہیں —

۲۰ اس ملک میں حیض عموماً تیرہ چودہ برس کی عمر سے سولہ برس کی عمر تک
آتا رہتا ہے اور بعض اوقات اس سے بھی پہلے — اور گاہ گاہ گیارہ یا بارہ
سال میں ہی حیض کا آغاز ہوتا ہے اور کبھی دیر میں جب لڑکی کی عمر سترہ یا اٹھارہ برس کی
ہوتی ہے لوگ خیال کرتے ہیں کہ شہر کے قصبوں میں بہ نسبت دیہات کے جلدی حیض
ہوتا ہے جو لڑکیاں عیش و آرام میں رہتی ہیں ان میں بہ نسبت ان کے جو سادہ طور
زندگی بسر کرتے ہیں حیض جلد شروع ہوتا ہے —

معلم شفیق
ریاضیات - طبیعیات - الٰہیات - تجارت - اخلاق -
طب - تاریخ - جغرافیہ - ادب - کیمیا - نباتات - معادن -

زمانہ کی بے التفاتی اور ناقدردانی

ہر زمانہ میں لوگون کی ایک خاص قسم کی طرف رغبت اور
ایک خاص کام کی جانب میلان ہوا کرتا ہی جن سے اشخاص کاہل وجود کو خوشی
حاصل ہوتی ہی اور محنتی لوگون کی طبیعت اوسطرف مائل ہوتی ہے خوش نصیب
وہی شخص ہی جسمین خداداد اوس کام کی لیاقت ہو جسکی اوسکے زمانہ مین قدر و
منزلت ہی اور بہا گوان وہی آدمی ہی جسمین قدرتی وہ قابلیت ہو جو اوسکے
زمانہ کے مناسب ہی ۔ کتنے بہت سے شخص ہم اس زمانہ مین دیکھتے ہین جو علوم
اور فنون مین گوی سبقت لیجاتے اگر اون کے ملکون اور شہرون مین اعلی
کامونکو نکرجاتے اور کتنے ایسے بہت سے لوگ ہین جنمین بڑے بڑے کام
کرنے کی لیاقت اور بڑی بڑی باتون کے دریافت کرنے کی استعداد موجود ہے
لیکن کچھ بھی سوا چھوٹی چھوٹی باتون اور ناکارہ چیزون کے باقی نہیں جسکو
وہ دریافت کرتے ۔ برخلاف اسکے وہ لوگ جنمین اوسط درجہ کی لیاقت ہی
بہت مشہور اور معروف ہو جاتے ہین کیونکہ اونکے زمانہ مین جس بات کی
قدر و منزلت ہوتی ہی اوسی میں وہ لیاقت رکھتے ہین اور اوسی کام کو کرتے ہیں
وہ اوسکو حاصل ہوتے ہیں ۔۔۔

مثلاً جب یورپ مین لکھنے پڑھنے کا چرچا ہوا اور صرف
لوگون کی رغبت نئی کتابین تصنیف کرنے کی طرف نہ تہی بلکہ پرانی کتابون پر
حاشیہ اور شرح لکہنے کا شوق ہوتا تہا ۔ اس اوس زمانہ مین کیا امید تہی کہ
نئی کتابین لکہی جاتین جبکہ صدہا پرانی کتابین ایسے تہین جنکو لوگو کی

قدر و منزلت اونکی ہوتی اور کیا نہ کچھ جزا اونکو اپنے فن کی ملتی —

بہت سے زمانوں میں لایق اور قابل آدمیوں کو ایسا
موقع نہ ملا جس سے انکا علم و فضل ظاہر ہوتا اور اسواسطے وہ بغیر کسی جزا اور قدر و منزلت کے
تاسف اور حسرت زدہ اس جہان فانی سے سدہارے — لیکن اکثر یہ بات بہی ہوئی ہی
کہ جو لوگ عالی ہمت اور لایق اور قابل ہوتے ہین وہ بغیر قدر و منزلت کے بلکہ افلاس کی
حالت میں کیونکہ سب اونکی سخت مخالفت کیجاتی اپنی کوششوں سے باز نہین آتے اور
سعی کا دامن نہین چہوڑتے — ہمکو اکثر معلوم ہوا ہی کہ اسطرح لوگ مثل اون خوشبودار
پہولون کے درختوں کی جو جنگلون اور بیابانون میں پیدا ہوتے اور وہیں اوگتے ہیں اور بغیر اسکے
کہ اونکی خوشبو اور خوشنمائی کو کوئی دیکہے وہین کہ مرجہا جاتے ہین [illegible]
یا صحرا اور غیر مہذب ملکون مین پیدا ہوتے رہتے ہیں اور پہر بغیر اسکے کہ اونکے ہنر
اور لیاقت مشہور اور اون کے عیب اور فضایل ظاہر ہون اس دار بقا سے
گذر جاتے ہین —

پس معلوم ہوا کہ زمانہ مین طبیعتون کا میلان اور دلونکا
رجحان خاص خاص باتون کی طرف ہوا کرتا ہی اور انکے حاصل کرنے کا شوق و
ذوق موافق اندازہ رغبت کے ہوتا ہی پس جس صورت مین آج کل ہماری طبیعتین
لہو لعب اور ناچ گانے کی طرف مایل ہین اور ہماری دلون میں عشقبازی کوٹ کوٹ
کے بہری ہوئی اور عشقیہ اشعار، ناٹک اور سوانگ کے دیکہنے کی رغبت ہی
تو کیا کوئی کہہ سکتا ہی کہ اس زمانہ میں وہ شخص جو کسی علمی بات کا چرچا پہیلانا چاہیگا
اور علوم سے فایدہ لینے کی کوشش کریگا اپنے کاموں اور مقاصد میں [illegible]

میر حسن کی مثنوی اور ناسخ اور آتش کے کلام فی الحقیقت ایک عمدہ شاعری کے نمونے اور فصاحت سے بہرے ہوے ہین لیکن اونکی ترقی کا زمانہ وہی تہا جب اور دوسرے علوم کی غارت گری کا زمانہ تہا —

جو حالت کسی وقت روم اعظم کی تھی وہی حالت بعینہ آجکل ہمارے پیارے ہند کی ہے رئیس، اور امیر ہمارے ملک کے آجکل ناچ گانے اور تماشے اور میلے ٹھیلے اور شاعری اور کبت کے زیادہ تر شایق اور معین و مددگار ہین بہ نسبت اسکے کہ علوم و فنون کا شوق اور حکمت سے رغبت ہوا اور رسائل علمی کی سرپرستی کرین — بڑے سے بڑے رئیس اور معمولی سے لیکر جسکے بڑی بڑی کوٹھیاں اور عظیم الشان مکان ہین اور نیچے ادنا غریب آدمی تک جسکے رہنے کو ایک ٹوٹی پھوٹی یا ایک پھوس کا چہپر ہو سب ناچ اور تماشے اور شاعری کے طرف مایل ہین اور سب اونکی دل سے تعریف کرنے والے ہین اور جو بڑے آدمی ہین اون کی نظر مین سوا ان باتون کے اور کسی چیز کی قدر و منزلت نہین اور جو غریب اور عام آدمی ہین اون کو بجز ان کے اور کچھہ بہلا ہی نہین معلوم ہوتا ہے —

کیسے خوش قسمت وہ لوگ آجکل ہوتے جو ان باتوں مین کمال رکہتے ہوتے اور کیسی اونکی قدر و منزلت اس زمانہ مین ہوتی جسکا بیان نہین - اگر آجکل ہومر شاعر ہوتا جو کسی زمانہ مین باوجود اسکے کہ فن شاعری مین اوستاد بلکہ اگر اسکو موجد شاعری کہین تو بجا ہے یونان کی گلیون مین اپنے شعر پڑہکر روٹی مانگتا پہرتا تہا اور کوئی ان عمدہ شعرون کی قدر نہین کرتا تہا — کاش اگر وہ اس زمانہ مین ہوتا تو کیا نہ

یہہ یہاں نہ پیسے کو ملتا اور نہ کہانے کو روٹی ہے

اب کیا کرے جب کچھہ نہ بن آیا تو اوسنے اوس تختہ کو جو اِسکے دروازہ پر
لکہا ہوا لگا تہا اور جسکو سائن بورڈ کہتے ہین جہٹ اوتار لیا اور اوسکو سرا کے مالک کے حوالہ کیا
اسکی اجرت مین مالک نے دو روٹی اور ایک کورا پانی کا دیا جسکو اوسنے صبر و شکر کے ساتھ کہا لیا
اوسطرح "کاراوجیو" تہوڑی دیر دم لیکر پہر وہان سے روانہ ہوا اور مالک
سرا کچہہ خوش ہوا اور دو روٹی بہی اوس تختہ کی تیاری کی عوض مین دینا اوسکو بار گزرا۔
تہوڑے عرصہ کے بعد اوس سرا مین چند شخص کسی دوسرے ملک سے آئے اور انہون نے
دروازہ پر اوس تختہ کو دیکہا جو "کاراوجیو" نے تیار کیا تہا۔ جب اونہون نے اوس تختہ
کی خوبصورتی اور صنعت کو دیکہا تو بے مثل پایا اور ہزار زبان سے اوسکی تعریف کی اور
مالک سرا کو بلا کر اوسکو پانچ اشرفی دیکر خرید کیا۔

جب مالک سرا نے اوس تختہ کی یہہ قدر دیکہی تو اپنی جہالت پر بہت
افسوس کیا اور کہا کہ اگر کاش مین اوس مصور سے چند ایسے تختے تیار کرا لیتا تو
مین اسوقت مالدار ہو جاتا۔ ایسے ایسے خیال کر کے وہ "کاراوجیو" کے تلاش مین
نکلا اور کوسون اوسکو ڈہونڈتا ہوا دور چلا گیا آخرالامر ہزار افسوس اوس ریاضت کے
مارے ہوئے اور فلک کے ستائے ہوئے کو ایک سڑک کے کنارے پر مرا ہوا پایا۔ اور
معلوم کیا کہ بہوک اور پیاس مایوسی اور ہراس سے اور راہ کے تہکان سے مر گیا۔

کیا ہم یہہ نہین کہہ سکتے ہین کہ اِس زمانہ مین بہی علوم اور فنون
کی ایسی ہی ناقدری ہے جو "کاراوجیو" کے زمانہ مین فن مصوری کے روم مین تہی
اور کیا ہم یہہ نہین کہہ سکتے ہین کہ اکثر لوگ جو علوم و فنون مین لایق و فایق ہوتے ہین

طول عمر کی ترکیب

اطبای متقدمین اور متاخرین اور جدید محققین [illegible]
اور نئی اور پرانی تصنیفات کے دیکھنے سے جہان تک [illegible]
حیات کی تدبیرین معلوم ہوئین ہین اونکو ایک مختصر [illegible] لکھنا چاہتا ہون
کیونکہ اگر اس بحث کی تفصیل کیجاوے تو اوسکے لیے ایک دفتر چاہیے [illegible]
بالفعل میرا قصد یہ ہی کہ ہر ایک آدمی جو طول عمر اور حیات کا خواہان ہو [illegible]
سے پہلے وقت اور تطویل اگر اون باتون کو حاصل کرنا چاہے جن سے عمر
ترقی ہوتی ہی تو اس تقریر کو دیکھکر حاصل کرلے اور حتی المقدور کمال [illegible]
اون پر عمل کرتا رہے خدا چاہے تو اوسکے حیات مین ترقی ہوگی اور اوسکی عمر زیادہ ہوگی

اول خلق خدا سے عموماً نیکی اور احسان کرے خصوصاً اپنی عزیز و اقارب کی
جو محتاج ہون جہان تک ممکن ہو خبرگیری کرے اور اون کو راحت اور آسایش
پہونچاوے —

دوم نجاست اور گندگی اور بدبو سے بہت اجتناب کرے ہمیشہ [illegible]
اپنے مقام مین اقامت کرے جو مانند اور خشک ہوا اور گرد و پیش اوسکے کوئی
گھورہ یا نالہ یا تالاب نجاستون کا نہو اور اطراف مین اوسکے بہت درخت
بھی نہ ہون اگر تھوڑے درخت ہون تو مضایقہ نہین ہے ہوا کی طہارت
اور پاکیزگی حفظ صحت کے لئے نہایت ضرور ہی اور بدون حفظ صحت کے طول عمر
ممکن نہین ہی اور جو ہو بھی تو بیمار رہ کر زندگی موت سے بدتر معلوم ہوتی ہی

سوم جس مکان مین سکونت اختیار کرے اوسمین کئی باتون کا ہونا ضرور ہے

ایک یہ کہ اوس مکان مین ہوا کے آمد و رفت کی منفذ ہون یعنی ایک طرف سے ہوا
آوے تو دوسرے طرف سے نکل جاوے اور اس مطلب کے لئے یہ ضرور ہے
کہ اوس مکان مین مقابل کے دروازے یا ستبکے ہون اگر صرف ایک جانب سے
مکان کہلا ہووے اور تین طرف سے بند ہووے جیسے ہندوستانی دالان
یا کوٹہریان ہوتی ہین اور اوسکا سقف پختہ ہووے تو ہرگز اوسمین نرہے البتہ
اگر سقالپوش ہو تو چندان مضر نہین ہوا سلئے کہ ہواسپچے کی اوپریلیون کے
منافذ سے نکل جاویگی اور اوپر کی ہوا اوہین سوراخون سے نیچے آجاویگی مگر
پہر بہی اوسمین رہنا بہتر اور قرین احتیاط نہین ہے —
دوسری یہ کہ وہ مکان سوکہا اور خشک ہو یعنی اوسکی دیوارون اور چہت مین
سیل اور تری نہ ہو اگر اوسکے دیوارون مین تری اور لونی ہو تو ہرگز وہان
نرہے تیسری یہ کہ اوس مکان مین پانی سہنے کے لئے نہری ہو کہ بارش کا
پانی اکٹہا نرہے اسیطرح نجاست کا پانی وہان جمع ہوکر ہوا کو متعفن نہ کرے
چوتہی یہ کہ وہ مکان نہایت تنگ اور مختصر نہ ہو کم سے کم ایک آدمی کے لئے
اتنا بڑا دالان یا حجرہ یا ہال ضرور ہے کہ اوسکا طول پانچ ہاتہہ کا ہوا ور عرض بہی
پانچ ہاتہہ کا اور بہتر یہ ہے کہ طول اور عرض پانچ پانچ گز یعنی دس دس ہاتہہ سے
کم نہ ہو لیکن اگر ہوا کے لئے اوسمین کھڑکیان اور دروازے مقابل کے کثرت
سے ہون تو اس سے کم بہی چندان نقصان نہین کرتا اگر ایک مکان مین
کئی آدمی رہا چاہین تو اسی حساب سے جگہ ہونا ضرور ہے یعنی فی آدمی دس گز
مسر کے سو گز ہوتے ہین جگہ ہونا چاہیئے پانچوین یہ کہ وہ مکان نشیب مین

نہ رہی رہ گیا تو رعشہ اور فالج اور نقرہ اور اکثر امراض مہلکہ میں گرفتار رہتا ہے جتنے بادشاہ شراب خوار گذرے ہیں وہ سب جوانی میں مر گئے ہیں اور جو متقی پرہیزگار ہوئے ہیں وہ اکثر طویل العمر ہوئے ہیں دیکھو شہنشاہ اکبر اور عالمگیر اور شاہجہان کو کہ ان لوگون نے شراب کا استعمال نہین کیا تھا پس اسّی اسّی اور نوّی نوّی برس کی عمر مین انہون نے انتقال کیا —

ہشتم جب غذا کھاوے تو پیٹ بھر کر نہ کھاوے بلکہ آدھا پیٹ کھانا کھاوے اگر بھوک جلدی لگی تو کچھ قباحت نہین پھر تھوڑا سا کھا لیوے تھوڑا تھوڑا کھانا کئی بار کریسکے جو طبیعت پر گران نہ گذرے بہتر ہے اس سے کہ ڈٹ کر ایکبار اتنا کھا لیوے کہ اوٹھا نہ جاوے غذا اور وقت مناسب ہی ہے جب سچی بھوک معلوم ہو اور علامت اوسکی یہ ہے کہ نفس خواہش کرے غذا کی اور کچھ بھی پریشان ہوا ہو طبیعت میں ضعف اور نقاہت معلوم ہوا اور غذا کھاتے ہی طبیعت بشاش اور خوش ہو جاوے —

نہم جب غذا کھاوے تو خوب چبا چبا کر ٹھیر ٹھیر کے کھاوے جلدی جلدی کھانا بالکل منع اور مذموم ہے ہر ایک نوالے کو اسقدر چبانا چاہیئے کہ وہ پسکر گھل جاوے اور جب باریک ریزہ ریزہ ہو جاوے نہین تو معدے کو دو انتون کا بھی کام کرنا ہوگا پس چند روز میں معدہ کمزور ہو جاویگا اور ہضم مین فتور ہو گا کم سے کم وقت کھانیکا آدھا گھنٹہ ہے اور ایک گھنٹہ بہتر ہے —

یازدہم کھانا کھاتے وقت طبیعت کو خوش اور بشاش رکھے اور جہانتک ممکن ہو کھانیکے وقت خوشی کے سامان مہیا کرے اگر دوست احباب مین بیٹھکر اون

گہی روغن کا استعمال بہت نہ کرے اور ہمیشہ سنگین اور ثقیل غذائین جیسے پلاؤ بریانی
قورمہ کباب شیرمال سوہیان طرح طرح کے تلن نہ کہاوے اگر کبھی سنگین یا ثقیل
غذا کے کہانے کا اتفاق پڑجاوے تو بہت تہوڑی کہاوے اور اوسکا تدارک
بعد غذا کے کرلیوے ہمیشہ ہمارے ملک کے امیر اور متمول انہی عمدہ غذاؤن کی
وجہ سے بیمار رہتے ہین اور کم عمر مرجاتے ہین اور غریب ان عوارض سے بری
ہوتے ہین روٹی ہمیشہ اوس آٹے کی کہاوے جسمین بہوسہ بہی شریک ہو میدے کا
استعمال کبھی نہ کرے اور ہمیشہ گیہون کی روٹی نہ کہایا کرے بلکہ کبھی جوار یا جو یا
باجرے کی روٹی بھی کہاوے اور روز قورمہ یا قلیہ دونون وقت نہ کہاوے
بلکہ ایک وقت دال اور بہاجی اور دوسرے وقت گوشت کا استعمال کرے
ایک قسم کی غذا کی کبھی عادت نہ کرے اور حتی المقدور بیکار اور غیر ضروری پرہیز سے
پرہیز رکہے اور جہان تک روغن فائدہ کرے ڈال سکتا ہی لیکن جب گرانی یا نفخ
لاوے اور اشتہا مین کمی کرے فوراً ترک کرنا چاہیئے

ہشتم شراب یا گانجہ یا افیون یا مدک یا بہنگ یا اور کسی نشے چیز کا استعمال
کبھی نہ کرے جب پہلے پہل کوئی شراب کو پیتا ہی تو اوسکا بہت بڑا فائدہ تمام قوی مین
معلوم ہوتا ہی حرارت غریزی کا زور ہوجاتا ہی اشتہا بہت ہوتی ہی طبیعت مسرور رہتی ہے
پس وہ دہوکے مین پڑکے شراب کو اکسیر سمجھتا ہی اور یہ نہین جانتا کہ شراب ایک عجیب
قسم کا زہر ہے جو استعمال کے وقت مفید معلوم ہوتا ہی لیکن رفتہ رفتہ چند روز مین اپنی
سمیت کا اثر دکہلاتا ہی اور اس سے زیادہ کون سا بڑا اثر ہوگا کہ شراب پینے والے کی
عمر طبعی گہٹ جاتی ہی اور اکثر بلکہ تمام شرابخوار جوان مرتے ہین اور جو شاذ و نادر کوئی

احتیاط رکہے کہ نہاتے وقت ٹہنڈی ہوا بدن مین نہ لگنے پاوے —

پانزدہم بعد حمام کے اوجلے کپڑے نئے یا دہوئے ہوئے بدلے اور کپڑون میں وہ خوشبو لگاوے جس سے تنزلے کی تحریک نہ ہو اگر اوجلے کپڑے نہ ہوں تو اوہی کپڑون کو دہوا کر یا دہوپ مین ڈالکر پہن لیوے لیکن آٹہہ روز کے بعد ضرور بدل ڈالے اور کپڑون کے ساتہہ پلنگ کی چادرین اوڑہنے اور بچہونے کے بہی بدلا کرے اور تکیون کے غلاف بہی بدلے اگر ہر روز یا دوسرے روز ان چیزون کا بدلنا ممکن نہ ہو تو ان کو دہوپ مین ڈلوا دیا کرے پہر آٹہہ روز کے بعد ضرور بدل ڈالے —

شانزدہم اگر پانی یا ہوا تہوڑی سے ناسازی کرے تو اون کی اصلاح کر لے پانی کی یون اصلاح کرے کہ پہلے اوسکو جوش دیوے اتنا کہ دو ثلث پانی جل جاوے پہر ایک ثلث پانی کو کوریون اور ریتی مین مقطر کر لیوے یا علم پہری ڈالکر صاف کر لے اور ہوا کی یوں اصلاح کرے کہ گرد و پیش کی نجاست اور رطوبت کو دور کرے اور مقابل کے دروازون مین چلمنین ڈالدے اور مکان بیل ریہی چہوا دیوے اور چولے کے بڑے بڑے ڈہیر چار دن طرف ڈالدیوے اور مکان کی چہت مین ٹوکرا کوئلون کا لٹکا دیوے اور کونون مین تہوڑا چونا رکہا دیوے اور سونے سے کچہہ پہلے لوبان یا عود سلگا دیوے اور جو اس پر کبہی آب و ہوا ناموافق ہو تو اوس ملک کی سکونت ترک کرے —

ہفدہم جس مکان مین رہے وہان آٹہوین روز گندہک کی دہونی کر دیا کرے اور اگر ہو سکے تو ہر روز لوبان یا عود کا دہواں کیا کرے اور دو سکے طاقون مین

ساتھ کہانا کہاوے تو بہتر ہے اور جو دوست احباب نہ ہوون تو اپنے خیالات کو اون امور کے طرف متوجہ کرے جو خوشی لاوین کوئی رسالہ یا اخبار ایسا دیکھتا جاوے جس سے رنج پاس نہ پہٹکنے پاوے اور طبیعت اودہر متوجہ ہو جاوے —

دوازدہم پاخانہ میں جانے کے لئے وقت مقرر کرے ہر دن رات مین دو بار پاخانے جاوے صبح اور شام اور خواہ اجابت ہو یا نہ ہو لیکن آدہی گہنٹہ تک پاخانے مین بیٹھے اِس ترکیب سے اکثر بڑے بڑے قبض والونکا قبض رفع ہو گیا ہے اور اکثر قبض کا عارضہ اِس ترکیب کے چہوڑ دینے اور اسپر التفات نہ کرنے سے عارض ہوتا ہے —

سیزدہم سردی اور گرمی اور بارش مین ہر فصل کے موافق لباس اور غذا مین احتیاط کرے جاڑے مین گرم غذائین کہاوے جیسے انڈہ گوشت وغیرہ اور لباس بہی خوب گرم پہنے اور اگر نزلے کی تحریک رہتی ہو تو سر پر گرم ٹوپی اور عمامہ رکہے رہے اور احتیاط رکہے کہ سرد ہوا سینے مو قع لگنے نہ پاوے اور گرمی مین غذا معتدل مایل بہ حرارت یا مایل بہ برودت کہاوے جیسے چانول آش جو کہچڑی وغیرہ اور لباس اسقدر گرم پہنے کہ گرم ہوا جسم تک سرایت نہ کرے اگر اندر پہنا رہے تو مناسب ہے اور برسات مین موقع کے موافق لباس پہنے اور غذا معتدل کہاوے لیکن خشک غذائین کہانا بہتر ہے جیسے چنے کی روٹی بجڑی کی روٹی میتہی کا ساگ بشرطیکہ مزاج مین یبوست اور خشکی نہ ہو —

چہاردہم اگر ممکن ہو تو ہر روز نہین تو ایک دن بیچ حمام کرے جاڑے مین گرم پانی سے نہاوے اور گرمیوں مین سرد پانی سے مگر دونون فصلون مین

تھوڑا تھوڑا کرکے فوراً کھایا ہووے ـــ

ہفدہم صبح اور شام ریاضت جسمانی یعنی ورزش کرے اور جسقدر دماغی محنت زیادہ ہوتی چاہوے اوسی قدر جسمانی محنت کو بڑھاتا جاوے بہتر ریاضت یہ ہے کہ کشتی کرے ڈنڈ پیلے مگدر ہلاوے جلی سے کشتی کو کھیوے پانی بہرے لکڑیاں چیرے کانٹا چھاپے پھر یہ ہو کہ دوڑے کودے اور جھپٹے پانی مین تیرے گیند بلا کھیلا اوٹھاوے پھر یہ ہے کہ گھوڑے کی پیٹھ پر گھوڑا دوڑاوے اور پھراوے اور شکار کرے پھر یہ ہے کہ جھولے مین جھولے میانہ پالکی مین سوار ہو کشتی مین نہ بیٹھے ہر ایک شخص کو اپنی اپنی طاقت اور قوت کے موافق اوسکے لایق ریاضت اختیار کرنا چاہیے لیکن جب اخیر قسم کی ریاضت کی عادت ہو جاوے تو اوس سے اوپر کی ریاضت اختیار کرے اس ترکیب سے ضعیف اور کم قوت کی طاقت اور قوت مین بہت جلد ترقی ہو سکتی ہے جب ریاضت کرے تو خارجی ہوا سے پرہیز رکھے اور لباس گرم پہنے رہے تاکہ بدن مین عرق آجاوے اور ریاضت کو رفتہ رفتہ ختم کرے جب بالکل طبیعت بحال ہو جاوے اور خون کی تیزی اور حدت جاتی رہے اوس وقت غذا کا استعمال کرے ـــ

ہژدہم آٹھ گھنٹے سے زیادہ اور چھ گھنٹے سے کم نہ سووے اور جس جگہہ سووے وہان دھوان نہ ہووے اور اوس جگہہ چارون طرف کی ہوا ہلکی ہلکی آتی اور نکلتی رہے اور وہان آگ نہ ہو وہ مکان بلند اور وسیع ہو ـــ

نوزدہم ہمیشہ سویرے اوٹھنے کی عادت کرے اگر مسلمان ہو تو فجر کی نماز نہ ہوسکے تو پڑھا کرے لیکن سویرے سے جب بیدار ہو تو فوراً باہر نکل جاوے

(۴) کوئلوں کے قریب کبھی نہیں سونا چاہیئے - اگر کہیں ایسی جگہ غنودگی آجاوے جہاں کوئلوں کی آنچ سے کام ہوتا ہو تو فوراً ہی ہوا باہر جا کر کھانا چاہیئے -

(۵) بیشتر اسکے کہ درخت کاٹے جاویں ان کو ہوشیاری رسی سے باندھنا چاہیئے تاکہ جب وہ گریں تو کوئی نقصان یا صدمہ نہ پہونچائیں -

(۶) جب سردی سے بدن ٹھٹھر جاوے اور ہاتھ پاؤں سُن ہو جائیں تو باہر سونا چاہیئے - اور اگر برف دست یاب ہو سکے تو اوسکی مالش کرانا چاہیئے اور جلدی سے ایک مرتبہ آگ کے پاس نہ جانا چاہیئے -

(۷) تری اور نمی سے بچنا چاہیئے -

(۸) بیشتر اسکے کہ تم تنگ اور تاریک اور بند مکانوں اور گمبدوں میں داخل ہو اونکو کچھ وقت تک کھلا رہنے دو یا ایسا ہوا چلنا دو جس کسی قدر منتشر کر دو - جہاں چراغ نہیں جل سکیگا وہاں حیوان زندہ نہیں رہ سکتا ہے اسواسطے ایسے تنگ اور تاریک اور تر مکانوں میں جانے کے پہلے اسی سادہ سے تجربہ کو کر لیں -

(۹) حملہ کرتے ہوئے گھوڑوں کو تنہا نہ چھوڑنا چاہیئے اور نہ لڑنے والے گھوڑوں کے سامنے یا پیچھے چلے جانا چاہیئے کیونکہ اسوقت لات مارنیکا شبہ ضرور ہے -

(۱۰) یکبارگی راستہ سے گھوڑے پر سوار ہو کر نہیں جانا چاہیئے -

(۱۱) لڑکوں سے ہوشیار رہو خواہ وہ سوتے ہوں یا جاگتے اور خصوصاً جب وہ آگ کے نزدیک ہوں جس سے کہ وہ زیادہ خوش ہوتے ہیں تو خبرداری کرو

جاتا پھر آ کر آرام ہون یہان جاؤ یا ان جاؤ لیٹا پھر اسی طرح کروٹین بدلتا ہی رات کو بڑے عرصے تک نیند آتی ہی کیونکہ جب تک محنت نہ ہو اور بدن مین تھکاوٹ پیدا نہ ہو اوس وقت تک عمدہ میٹھی نیند نہین آتی اور چای کا استعمال مین بہت رکھتا ہون حاصل یہ ہی کہ ہر ایک انسان کو امیر ہو یا غریب اپنی حفظ صحت اور ترقی حیات کا ضرور خیال رکھنا چاہئے کیونکہ جب صحت محفوظ رہیگی اور حیات قایم رہیگی اوسی وقت تک ہم نیک کامون کو بجالا وینگے اور نیکی کو دنیا مین پہیلا وینگے اسی واسطے مخبر صادق نے ارشاد فرمایا ہے۔ طوبے لمن طال عمرہ وحسن عملہ یعنی مبارک ہو اوس شخص کو جسکی عمر طویل ہو اور اوسکے اعمال نیک ہون بہ نسبت غربا کے امرا اور شاہزادون اور والیان ملک کو زیادہ تران قواعد کا خیال رکھنا چاہئے اور جہان تک ہوسکے اون کی پابندی کرنا چاہئے اگر ایسا کرینگے تو زندگی کا ثمرہ اور لطف اوٹھا وینگے آیندہ اختیار وما علینا الا البلاغ۔ وھیہ الذہنی ارضی اور سماوی آفات سے بچنے اور حوادث زمانہ سے محفوظ رہنے کی تدبیرین مندرجہ ذیل کے قاعدون کو آب زر سے صفحہ یادگار پر لکہنا چاہئے

(۱) اکثر واقعات ناگہانی پانی کی وجہ سے ہوجاتے ہین اسواسطے ضرور ہے کہ جب دریا اور ندی کے کنارہ پر ہون تو احتیاط کرین —

(۲) جب بجلی چمکتی ہو تو درخت کے قریب اور لوہے کے دروازہ کے متصل اور سلاخون دار کیواڑون اور حاطون کے پاس نہ کھڑے ہون —

(۳) بھری ہوئی بندوق کو محفوظ جگہ مین رکھنا چاہئے اور دلگی و مذاق مین بھی بندوق کو کسی پر ہرگز نہ اوٹھانا چاہئے —

ہوتے ہین اون کے دور کرنے کی تدبیرین بیان کیجاتی ہین اور اسی علم مین زمین کے
پہچاننے کے طریقے بیان کیجاتے ہین کہ کون سی زمین عمدہ اور کونسی ردی ہی اور کون سی
متوسط ہی اور کون سی ادنے درجے کی ہی . فن یعنے زمین کا پہچاننا زراعت کا
اصل الاصول ہی جسکی ہر شخص کو ہر وقت مین احتیاج ہی اس علم کے حاصل کرنے کو یہ
یہ ضرور ہی کہ ہر ایک جنس اور ہر ایک قسم کے پہل اور دانے اور ترکاری یعنی ساگ پات کو
جو چیزین درست کرتے ہین اونکو پہچانے اور ہر ایک قسم مین کہرے اور عمدہ کو اچھا کر
اور ہر ایک چیز کے بونے اور لگانے کے وقت اور فصل کو پہچانے اور جو ہوا اوسکے موافق
ہی اوسکو دریافت کرے پہر بونے اور بوٹے اور درخت لگانے کی تدبیرین اور تر
سیکہے اور جس طرح کے پانی ہر ایک قسم کو مفید ہوتے ہین اونکی شناخت کرے اور
طرح طرح کی کہاد اور اونکا بنانا سیکہے پہر یہ بہی جانے کہ کون کون سی کہاد کس کس
قسم کے درختون اور دانون اور ترکاریون کو مفید ہوتے ہین اور یہ بہی دریافت
کرے کہ زراعت کرنے سے پہلے زمین کو کس طرح آباد کرتے ہین اور بعد زراعت یا درخت
لگانے کے اوسکو کیونکر درست کرتے رہتے ہین تاکہ پانی سب مقامات پر پہونچا کرے
پہر ہر ایک زمین کا کیا اندازہ ہی ہر ایک پہل یا میوہ یا بیج لگانے کے لیے یعنی کسقدر
فاصلے سے ہر ایک زمین مین کیونکر تخم ریزی کرنا چاہیئے پہر ہر ایک درخت یا سبزی پر
جو آفت آوے اوسکا علاج کیونکر کرنا چاہیئے اور کس تدبیر سے اوس آفت کو دور کرے
اوسکی صحت اور تندرستی کی بہی تدبیر ہونا چاہیئے تاکہ اوسکے فواید پوری طور حاصل ہون
اور اوسکی پیداوار پہر بعد اور زیادہ ہو پہر غلون اور میوون اور ترکاریون کو کیونکر
محفوظ رکہنا چاہیئے کہ وہ خراب نہون ہم چاہتے ہین کہ ان سب مضامین

(۱۲) کوئی چیز زہردار کھولی ہوئی اوسے ایسے مقام پر نہ رکھو جہاں ہر کوئی اوسکو چہو سکے اور جس شیشے اور جس ظرف مین وہ ہو اوسکے اوپر چٹھی پر ضرور مین زہر کا لفظ ضرور لکھو خواہ وہ کسی جگہہ رکہی ہو۔

(۱۳) چلنے مین سڑک کے کنارے چلنا چاہیئے اور ایک طرف دیکھنا اور دوسرے طرف چلنا نہ چاہیئے۔

(۱۴) نارنگی کا چھلکا اور کانچ کے بوتل کے ٹکڑے راستے مین ہرگز نہ ڈالو

(۱۵) بارود کو چراغ کی بتی سے نہ چھیڑو۔

(۱۶) گیاس کا تیل لیمپ مین موہنہ تک نہ بہرو بالکل تھوڑا خالی رہنے دو تاکہ جب تیل گرمی سے پہیلے تو اوسکو پہیلنے کی جگہہ ملے۔

(۱۷) بچے کو آگ مین چہوڑ کر نہ جانا چاہیئے۔

(۱۸) جب کسی ایسے عرق کے بوتل کو کہولو جسمین اوبہان آوے جیسے سوڈا واٹر کی بوتل تو کاگ کو اپنے ہاتھ سے پکڑ لو۔

(۱۹) جب کوہرا پڑتا ہو تو خوب ہوشیاری کے ساتھ گہر سے نکلنا چاہیئے۔

(۲۰) دیا سلائیون کو اونکی ڈبی مین رکھو اور اونکو ادہر اودہر پڑا نہ رہنے دو۔

(۲۱) جنگل مین اگر چراغ جلاوین تو اوسکے پاس نہ بیٹھین۔

(۲۲) گیاس کا تیل بہت مقدار سے گہر مین نہ رکھین۔

(۲۳) ریل گاڑی جب چلتی ہو تو اوسوقت نہ اوترین چڑہین۔

راقم محب حسین

اور علم زراعت سے محض جاہل رہا ۔ رازی نے کتاب سبع الکیان مین لکھا ہو کہ ایک
مدت مین آفتاب کے اثر سے اور بارش سے پتھر مٹی ہو جاتا ہو اسلیے کہ آفتاب اوسکو گرم
کرتا ہی اور اوسکے اجزا مین جدائی ڈالتا ہی جیسے آگ کا اثر ہی پھر اوسکے بعد پانی برستا
تو اوس مین سے جو لطیف ہی وہ گل جاتا ہی اور ریزہ ریزہ ہو جاتا ہی پھر ایک زمانہ گذرنے
کے بعد متعفن ہو کر مٹی ہو جاتا ہی ابن حجاج نے کہا رازی کے اس قول سے صاف معلوم
ہوا کہ آفتاب ہی زمین کو گرم کرتا ہی اور اوسکے اجزا کو جدا جدا کرتا ہی اسی واسطے اوپر کی
زمین بوجہ آفتاب کے حرارت پہونچنے کے اندر کی زمین سے عمدہ اور لطیف ہوتی ہی
اور یہ بات مشاہدہ ہوئی ہے کہ جو مٹی کنوین کے تہ سے یا عمارت کے نیو سے نکلتی ہے
وہ پہلے سال اس لایق نہین ہوتی کہ اوس مین کچھہ اوگے لیکن جب اوسکو آفتاب
پکا دیتا ہی اور اوسکے اجزا کو لطیف کر دیتا ہی اور وہ گرم ہو جاتی ہی تو اوگانے
لگتی ہی اور اسکی وجہ یہ ہی کہ مٹی کا مزاج سرد اور خشک ہی پس اگر حرارت آفتاب کی
اور بارش کی تری اوسکو نہ پہونچے تو کوئی گھاس اوس مین نہ اوگے اس موقع پر
یہ بات بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ اگرچہ زمین اپنی طبیعت سے سرد اور خشک ہی مگر البتہ
ایک زمین دوسرے زمین کے نسبت زیادہ تر ہوتی ہی اسیطرح ایک زمین دوسری
زمین کی نسبت زیادہ سرد ہوتی ہی

سب سے گرم باجماع علمای زراعت وہ زمین ہی جسکی مٹی کالی ہو پھر لال ۔ اور سب سے سرد
وہ زمین ہی جو سفید ہو پھر زرد اور جس زمین مین جسقدر سفیدی ہوگی اوسی قدر سرد ہوگی
اوسمین سمجھنا چاہیئے ایسا ہی زردی کا حال ہی اور سب رنگون کا ۔٭

٭ یعنی جس زمین مین جتنی کالک اوسمین زیادہ ہوگی اوتنی ہی وہ زیادہ گرم ہوگی اور جتنی کالک کم ہوگی اوتنی ہی گرمی کم ہوگی ۱۲ منہ

اور مسائل جو کہ اچھی طرح تعلیم پاتے ہیں ایک ایک باب میں بیان کریں اور بعد ان مطالب
کے بیان کرنے کے ہم حیوانات کی فلاحت کو بھی بیان کرینگے یعنی اون حیوانات کی جنکی
زراعت میں بہت بڑی احتیاج ہوا کرتی ہے جیسے گائے بیل بھینس اونٹ وغیرہ اون کی نسل
بڑہانے کے طریقے اور اون کے بیماریاں دور کرنے کے نسخے اور علاج اور جو باتین
اس سبب سے تعلق رکھتے ہین—

پہلا باب

زمین کی شناخت مین اور بیان اس باتکا کہ مزروعہ زمین مین سے کونسی زمین اعلی درجہ
کی ہے اور کون سی متوسط ہے اور کونسی ادنیٰ درجہ کی ہے اور اسکے شناخت کے واسطے
کیا کیا علامات اور دلایل ہین اور اسی باب مین بیان ہے اوس زمین کا جو اوسر
(مہمل) ہے اور ذکر ہے اسباب کا کہ ہر ایک قسم کی زمین کن کن درختوں اور کس کس
چیز کی کاشت کے لئے زیادہ مناسب ہے—

زمین کے اقسام

جاننا چاہیئے کہ علم فلاحت اور زراعت مین سب سے پہلے اس بات کے جاننے کی ضرور
ہے کہ زمین مین عمدہ اور بہتر کونسی زمین ہے اور اوسکے پہچاننے کی تدبیر کیا ہے پھر اوس
زمین مین بلحاظ عمدگی اور خوبی کے کتنے درجے ہین یعنی کونسی زمین اول نمبر کی ہے
اور کون سی دوم نمبر کی اور کون سی سوم نمبر کی جو شخص ان باتون سے واقف نہ ہوگا
علم زراعت کے اصول سے ہرگز واقف نہ ہوگا بلکہ اگر زمین کی شناخت نہ ہو اور
سارا علم زراعت جانتا ہو تو کہہ سکتے ہین کہ اس نے اپنی اوقات کو ضایع اور برباد کیا

* مزروعہ یعنی آباد زمین وہی جو کہ جوتی گئی ہو اور افتادہ وہ زمین جو کھیتی کے لائق ہو جسکو عربی میں بنجر کہتے ہیں

شکریہ

خاکسار صاحبان مفصلہ ذیل کا نہایت شکر گزار ہے جنہوں نے

از راہ قدردانی اور فیض رسانی رسالہ علم کی خریداری فرمائی اور علوم کے شائع ہونے پر [illegible]

اپنی نیک نیتی سے اور بطور خیرخواہی قوم امداد کی خصوصاً جناب مولانا مولوی جمال الدین

صاحب جن کا شکریہ نہایت دل سے ادا کیا جاتا ہے جنہوں نے اپنی نیک [illegible]

اور سچی ہمدردی اور اپنی ذاتی خوش اخلاقی کی وجہ سے اس رسالہ کی [illegible]

فرمائی - یہہ وہ صاحب ہیں جنہوں نے اپنی صفائی قلب سے اون علمی خیالات

کی تائید کی جو میرے دل میں رسالہ علم کے اجرا کی نسبت آئی تھی اور پہلا [illegible]

رسالہ کی امداد ہر طرح سے فرمائی اور قوم کی بھلائی کے واسطے اپنے اوپر

تکلیف اوٹھا کر مضامین علمی تحریر فرمائی اور آیندہ کے واسطے وعدہ بھی فرمایا

یہہ صاحب بڑے لائق اور فائق شخص ہیں جو علوم قدیمہ و

جدیدہ میں یکتا روزگار ہیں اور ہند میں [illegible] رونق افروز ہوئے ہیں

یہہ صاحب زبان فرانسیس اور عربی میں کامل ہیں اور فارسی تو انکی مادری زبان [illegible] فی

الواقع ایسے صاحبوں کا ہمارے ملک میں تشریف لانا نہایت مغتنمات سے ہے

ہمکو نواب حافظ صدر الاسلام خان بہادر کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہیے جو نفس نفیس

بہت بڑے قوم کے ہمدرد اور سچے ہیں اور ہر ایک نیک کام میں اپنی نیک نیتی کی وجہ سے

دل ہوتے ہیں - اور حتی الامکان اپنی کوشش اور سعی سے اوس کام میں مدد پہنچاتے ہیں

یہہ صاحب جلسہ خیرخواہ ہند کے ممبر مجلس ہیں اور سوسائٹی [illegible] باہمی [illegible]

اور کتب [illegible] ہیں - اور فی الحال سرکار نظام میں [illegible] صدر المہام

لیکن وہ زمین تر جو اعلی درجے کی ہو وہ وہ زمین ہی جسکی شکل پر پانی کو برف کی طرح ہوا کر
پہولی پہولی ہوا وسمین نہ نرمی ہو نہ سختی اور اوسکا ڈہیلہ سخت ہو جا ہوا پتہر کی طرح
لیکن نہ بالکل جمی ہوئی ہو نہ بالکل خشک ہو بلکہ تہوڑی تہوڑی تری ہوا اور اجزا
اوسکے الگ الگ ہون جیسے پتہر کی ریتی اِس سبب سے کہ اوسمین تری کم ہوتی ہے
اگر درحقیقت دیکہو تو وہ بہت چہوٹی چہوٹی کنکریان ہین یہ تو سب قسمون مین تری
کے اعلی درجے کی ہی اور اکثر ایسی زمین کم دیکہی گئی ہے لیکن کبہی کبہی دیکہی گئی ہے
اِس زمین کے بعد وہ زمین ہی جسکا بیان ابوحنیفہ دینوری صاحب نبات نے
اپنی کتاب مین کیا ہی اور اوسکی بہت تعریف کی ہی وہ لکہتا ہی جو ملک نرم اور گرم
اور ملایم ہوتا ہی اوسکی مٹی ریت کی طرح ہوتی ہی لیکن ریت نہین ہوتی اِس قسم کی
مٹی سبزی کو بہت پالتی ہی خصوصًا جب اوسکے گرداگرد کہود دیا جاوے تو وہ
درخت کی پرورش کرتی ہی اور اوسکی حفاظت کرتی ہی اسوجہ سے کہ وہ پانی
پی لیتی ہے خواہ آسمان کا ہو یا زمین کا بوجہ اپنی نرمی کے اور پانی اوسکے ہر رگ
اور ریشے مین سما جاتا ہی پر اوسمین سے درخت کی رگون مین جاتا ہی اور جسقدر درخت
کی جڑ کا زور ہوتا جاتا ہی وہ کشادہ ہوتی جاتی ہی اسوجہ سے درخت خوب اوبہرتا ہی اور
اوسکی عمر زیادہ ہوتی ہے —
جب کوئی ملک سخت اور دشوار ہوتا ہی تو پانی وہان سے بہ جاتا ہی اور زمین مین
جذب نہین ہوتا اور چونکہ جذب نہین ہوتا اوسمین نمی بہی نہین آتی اور چونکہ نمی
نہین آتی وہان کچہہ نہین اوگتا اور بوجہ اِس امر کے کہ وہ زمین سخت اور خشک ہوتی ہے
اوسمین پانی نہین ٹہیرتا نہ درخت کی رگین اوسمین پہیلتی ہین —

فہرست مضامین

فہرست تصاویر

الف بارومیٹر
ب — بارومیٹر کی نلی پہیا چرخی

طبعیات

بارومیٹر یعنی مقیاس الریح

شاگرد کا سوال — ہوا کا وزن کیون بارومیٹر سے دریافت ہوتا ہے -

معلم کا جواب — اوسکا سبب یہہ ہے کہ بارومیٹر مین ایک شیشہ کی نلی ہوتی اور یہہ نلی ایک طرف بند اور دوسرے طرف کہولی ہوی ہوتی ہے اسطرح سے کہ ہوا کا دباؤ جو نلی کی کہولی ہوی جانب پڑتا ہے پارہ کے وزن کو تولتا ہے اور جب ہوا کا دباؤ پارے کی سطح پر زیادہ اور کم ہوتا ہی تو اوسیقدر پارا چڑہتا اور اوترتا ہے

جو پارہ کو سنبھالتا ہوا اوپر اوتارنے سے روکتی ہے —

س — بارومیٹر کے اوتارنے سے کیوں بارش کی علامت ظاہر ہوتی ہی یعنی جب پارا اوترتا ہی تو کیوں معلوم ہوتا ہی کہ پانی قریب برسیگا —

ج — اسواسطے کہ جب ہوا پارہ کو نہیں سنبھال سکتی تو معلوم ہوتا کہ ہوا ضرور بوجہ بخارات ہلکی ہوی ہے —

س — جب بارومیٹر کا پارا اوپر چڑہتا ہی تو کیوں اوس سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ موسم گرما آنے والا ہے —

ج — اسواسطے کہ بیرونی ہوا جب کثیف ہوجاتی ہے اور بخارات سے پاک ہوتی ہی تو وہ پارے کو جسمین وہ بوجہ تیرتا ہے بڑے زور کے ساتھ دباتی ہے — اسواسطے جب پارا شیشی نلی مین چڑہتا ہی تو وہ بوجہ چھوٹی نلی میں ہوجاتا ہی اور سوئی کو پھیر دیتا ہے —

س — بارومیٹر کب بہت چڑہا ہوا رہتا ہے —

ج — جب عرصہ تک کہرا گرتا ہے یا جب شمالی مشرقی یا مشرقی پوربی ہوا چلتی ہے

س — کیوں بارومیٹر کا پارا ان وقتون مین چڑہا ہوا رہتا ہی —

ج — اسواسطے کہ ان وقتوں میں ہوا نہایت خشک اور کثیف ہوتی ہی اور اسواسطے وہ پارہ کو اچھی طرح اوٹھائی رہتی ہے —

س — کب بارومیٹر بہت اوترا ہوا رہتا ہے —

ج — جب بعد کہرا گرنے کے برف پڑتا ہی یا جب جنوبی غربی ہوا چلتی ہے

س — کیوں بارومیٹر ان وقتون مین اوتر جاتا ہی —

س — بارومیٹر کو "ویدر گلاس" یعنی آلۂ موسم کیوں کہتے ہیں —

ج — اسواسطے کہ جب موسم میں تبدیل ہوتی ہے تو اسکے پہلے ہوا کے دباؤ میں تغیرات واقع ہوتے ہیں — لیکن یہہ موسم کی تبدیلیاں ہمکو معلوم نہیں ہوسکتیں کیونکہ وہ بہت آہستہ آہستہ واقع ہوتی ہیں — پس جب پارہ میں تغیر پیدا ہوتا ہے تو ہمکو اس سے یہہ بات معلوم ہوسکتی ہے کہ ہوا میں تغیر ہو رہا ہے اور تجربہ سے ہم چند قاعدے معین کرسکے ہیں جنکے ذریعہ سے موسم کی حالت کی بہت یقین کے ساتھ پیشین گوئی کرسکتے ہیں —

س — جب پارا چڑہتا اور اوترتا ہے تو کیوں ویدر ڈایل یا آلۂ موسم نما کی سوئی اپنی جگہہ بدلتی ہے —

ج — اسواسطے کہ پارہ کی سطح پر جو ایک وزن تیرتا رہتا ہے وہ ایک تار میں بندہا ہوا ہوتا ہے اور اوس تار کی دوسری جانب ایک ہم وزن بوجہ ہوتا ہی یہہ تار ایک گہومتے ہوے محور پر رکہا جاتا ہی جسمین کہ سوئی لگی ہوتی ہے — اور جب پارا چڑہتا اوترتا ہے تو تار کی رگڑ سے یہہ سوئی پہرتی ہے —

س — جب ہم بارومیٹر کے موہنہ کو تہپ تہپاتے ہیں تو کیوں بعض وقت سوئی پہرتی ہے —

ج — اسواسطے کہ جو وزن پارہ کی سطح پر تیرتا رہتا ہی وہ اکثر نلی کی کہیں جا لگ رہتا ہی اور اچہی طرح نہیں پہرتا ہے — اور پارہ بہی نلی کے چاروں طرف "کیپلری کشش" کی وجہہ سے لگ جاتا ہی — اسواسطے جب بارومیٹر کے موہنہ کو تہپ تہپاتے ہیں تو وہ بوجہ علیحدہ ہوجاتا ہی اور وہ کشش بہی مغلوب ہوجاتی ہی

[illegible] ان دونون مین ہوا مین بہت تیزی ہوتی ہے جسکی وجہ
[illegible] اور [illegible] ہوا ہوتی ہے — راقم محب حسین

کیمیا

صنعت

جوتون اور بوٹون پر فرانسیسی وارنش کرنیکی ترکیب

تین پاو عمدہ سرکہ ڈیڑہ پاو پانی ملاوین اور آدہ پاو سرش کے ٹکڑے اور پاو بہر لاکہہ کے ٹکڑے اور ۱ ماشہ عمدہ پسا ہوا نیل اور ۹ ماشہ عمدہ نرم صابون اور ۹ ماشہ ایس گلاس[1] اوسمین ملاکر ہلا وین پہر ان سب اجزا کو آگ پر رکہین اور دس یا زیادہ منٹ تک اوسکو جوش دیوین پہر اوسکو چہانکر ایک شیشے مین بند کرلین اور ڈاٹ لگا دین جب ٹہنڈا ہو تو اوسکو استعمال مین لاوین اسطرح کہ ایک صاف اسپنج لیکر اوس سے چمڑے پر ملین —

جوتون کی سیاہی بنانیکی ترکیب

جوتون کی سیاہی اکثر آیوری بلیک[2] اور ٹریکل اور السی کا تیل یا میٹہا تیل اور

X " ت " وہ الہ ہی جو پارہ میٹر سے شیشہ پر لگا ہوا ہوتا ہے — " الف " کانچ کی نلی ہے — " الف " اور " ب " کے درمیان مین خالی جگہ ہے — " ب " پارہ کی بلندی کو ظاہر کرتا ہے — " د " کہلا ہوا نلی کا منہ ہے — " ج " وہ ورنیر جو پارہ کی سطح پر تیرتا ہے — " ر " موٹا چیتر تاگہ پہرتا ہے — " س " دوسرا ورنیر جو مہور پر پہرتا ہے —

[1] ایس گلاس ایک کم چمکدار سفید چیز ہے جو جانورون کے پیٹ ورپٹے [illegible] ہے وہ بہی ایک چمکدار چیز ہے —
[2] آیوری بلیک یعنی ہڈی کا کوئلہ باریک پسا ہوا — ٹریکل گڑ کا ست ہے —

سادی روشنائی

کاجل ایک تولہ اور گوند ببول کا پانچ تولہ اور نیل دیسی ۶ ماشہ پہلے گوند کو پانی مین بھگا وسے پھر ان دونون چیزون کو ملا کر گھوٹے اور حل کرے جسقدر زیادہ گھوٹے گا اوتنا ہی روشنائی عمدہ ہوگی —

طرح طرح کی رنگین روشنائی بنانے کی ترکیب

جس طرحکا چاہے انگریزی رنگ لاوے اور پانچ گنی گوند مین ملا کر گھونٹ لیوے

شنجرف بنانے کی ترکیب

شنجرف کی ڈلی لیکر بڑے کٹھی مین رکھے اور اوسکو بھوبل (جلتی راکھ) مین دبا دیوے تین بار ایسا ہی کرے پھر اوسکو خوب پیسکر پانی مین گھوٹے اور چینی کے پیالے مین ڈالکر بہت سا پانی بھر دیوے اور ایک لیمون کاٹ کر اوسمین نچوڑ دیوے جب شنجرف تہ نشین ہو جاوے تو بتی لگا کر اوپر کا پانی سب بہا دیوے جسقدر نیچے رہ جاوے اوسمین فی تولہ چار تولے گوند صاف کیا ہوا ملا کر خوب حل کرے اور سرکی یا قلمون پر اوسکو لیس کر دھوپ مین رکھدے وہ سب کھنچ کر علحدہ ہو جاویگی اوسکو استعمال کرے —

کانچی کاکاغذ بنانے کی ترکیب

عصارہ ریوند چینی دو تولے کتیرا آدہ پاؤ پانی مین بھگو کر مثل شیلی لئی کے پکاوین اور کاغذ پر ہلکا ہلکا اوار کرین جب خشک ہوجاوے تو کاغذ کو پیچ مین دبا دیکر چکنا کرلیوین —

راقم

وحید الزمان

تین تین گیلن ـ آئل آف وٹرل چودہ سیران سب اجزا کو مذکورہ بالا ترکیب سے ملادین اور بقدر مناسب پانی شریک کرین ـ

ہندوستان کی بوٹونکی وارنش

السی کا تیل پاؤبھر کہربا آدہ پاؤ کہربا کو السی کے تیل مین پکاوے جب وہ پک کر گاڑہا ہوجاوے اوسوقت دو تولے چیڑالاکہہ اوسمین ڈالدے اگر آبی بنانا منظور ہو تو ولایتی نیل (صاف کیاہوا نیل) اوس مین شریک کرے اگر کالی بنانا منظور ہو تو کاجل شریک کرے جب چمڑے پر خواہ لکڑی پر لگانا منظور ہو تو اوسمین تارپین شریک کرکے لگادین ـ

چہاپے کے لئے روشنائی بنانے کی ترکیب

السی کا تیل لیکر خوب پکادین یہان تک کہ گاڑہا ہوجاوے اور پکڑ لاوے اوسوقت ٹہنڈا کرکے کاجل ملاکر خوب پیسین یہان تک کہ چمکنے لگے پہر استعمال مین لادین ـ

کاپی لکہنے کی روشنائی

وارنش کہربائی ۳ تولہ چربی ولایتی صاف کی ہوئی ۲ تولہ موم زرد صاف کیاہوا تین تولے رال سفید تولہ بہر صابون ولایتی چار تولے کاجل تولہ بہر چپڑالاکہہ تولہ بہر پہلے چربی اور موم اور صابون کو پگہلادین پہر اوسمین وارنش اور رال اور چپڑالاکہہ ڈالین جب گل کر مل جاوے تو کاجل ملادین اور پکاوین یہانتک کہ خوب ملکر یکذات ہوجاوے پہر اوتار کر ٹہنڈا کرلین وہ جم جاویگی جب استعمال کرنا چاہین تہوڑا سا گرم پانی مین گہول کر لکہین ـ

بارم ہے کہ دعا کرے واسطے جناب مستطاب سر چارلس تہیو پلین صاحب بہادر کے
بمشوق طلبہ علوم ہین پہلا مقدمہ مشاہدہ لڑکون ہین کہ ادراک کے آلات
بواسطے جوان کو ملا ہی کم کم آہستہ آہستہ علمون کو حاصل کرتے ہین اور ہتنا اصلی
حالت سے دور ہوتے ہین اوتنا ہی علم اور صنعتون سے نزدیک ہوتے ہین
لیکن اس کسب کے واسطے معلم یعنے سکھلانے والا ضرور ہی سب سے پہلے سکھلانا
زبان کا ہی دیکھو لڑکون کے ساتھ کتنا بکنا پڑتا ہی جب وہ بات کرنی سیکھتے ہین
اور بڑی محنتون سے حرفون کو انکے خاص مخرجون سے اور خاص وصفون کے
ساتھ نکالتے ہین یہہ بات اور امتحانون سے بھی معلوم ہوتی ہے چنانچہ اکبر شاہ
شہنشاہی نے ایک مکان بنوایا اور اوسمین دودہ پیتے عورت اور مرد سب گونگے
اور بہرے لاکے رکھے اور لڑکے نوزاد کو پرورش کے واسطے اونکو سونپا
لیکن وہ لڑکے بعد رشد کے قادر کلام پر نہوے - اس تمہید سے یہہ غرض
نہین کہ اونکو قوت نامیہ نہین بلکہ اس قوت نامیہ سے کچھہ آن اون این
اور مانند اسکے جیسے اور گونگے کہتے ہین وہ بہی کہینگے بلکہ جیسے با - ما - ہا -
آ - اور قریب اون حرفون کے کچھہ نکل سکینگے - لیکن بہت عرصہ کے بعد اور
آپ سے اون حرفون کو ملا نہ سکینگے اور انکو واسطے کچھہ معنے مقرر نکر سکینگے مگر
جیسے اشارے اگر ہم اپنے نوع کے افراد کو متفرع ایک شخص سے جانین تو ضرور
پہلا معلم ہمارا ایک ہی تہا - مگر بعض یونان کے فیلسوفون کا قول ہے کہ انواع
و اجناس سب قدیم ہین - چنانچہ یونان کے فیلسوفون کی تواریخ مین فیلسوف ارسطاطالیس
سے منقول ہی کہ عالم باقی ہی بلا زوال اور سورج کو جسطرح سے ہم دیکھتے ہین ہمیشہ

ادب

بیان ماخذ علوم

تصنیف فاضل کامل عالم بے بدل سرامد دانشوران ہندوستان جناب مولوی
سید کرامت علی الحسینی الجونپوری اللہم اغفرہ و ادخلہ فی جنات النعیم متولی امام بارہ ہوگلی
بشعر جواب سوال خیرخواہ ہندوستان عمیم الاحسان صاحب معلی القاب اشرف سرجارج
ٹریویلین صاحب بہادر یعنی کہ عربون نے یونانیون سے اور فرنگستانیون نے
عربون سے کتنا فائدہ علمی حاصل کیا اور اب مسلمانان ہندوستان اہل انگلستان
کے اختلاط سے کتنا فائدہ علمی حاصل کرسکینگے ـ مرسلہ مولوی سید اسد اللہ عفی عنہ صاحب عرف
میر نواب اول تعلقدار ضلع گلبرگہ مراد فائدہ ناظرین تا تکمیل رسالہ معلم شفیق
مورخہ ۱۲ صفر المظفر ۱۲۹۸ ہجری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد و شکر حکیم مطلق و آلہ حق کا کہ پیغمبرون کو بنی آدم کی تعلیم اور ہدایت کیواسطے بہیجا
اور بہت بہت درود و سلام پیغمبرون پر کہ حکماء الٰہی ہین خصوصاً خاتم پیغمبران پیغمبر
آخر الزمان پر اور اونکی برگزیدہ اور پاک اولاد پر اور اونکے اصحاب اولوالالباب پر
اما بعد کہتا ہی کرامت علی بن رحمت علی حسینی جونپوری کہ یہ چھوٹا رسالہ ہی بیان میں
ماخذ علمون کے یعنی آدمیون نے کہان سے علم پایا اور بیان مین اسکے کہ کتنا فائدہ
علمی حاصل کیا عربون سے اور اب مسلمان کتنا فائدہ حاصل کرسکینگے اختلاط سے
اہل فرنگستان کے ـ اس رسالہ سے اگر ممکن ہو کہ کوئی شخص فائدہ حاصل کرے

گہومتا ہی اسیطرح سے قدیمی ہی اور نزاد و ولد کا اول نہین ہے اور ممکن نہین کہ کوئی
بے مان باپ کے بیدا ہووے اور اسیطرح سے چڑیان ہین نہ کوئی انڈا اولی
ہی نہ کوئی چڑیا اولی ہے - چڑیا انڈے سے ہی - انڈا چڑیا سے - اسی طرح سے
سب اجناس وانواع قدیم ہین - مانند اس قول کے ایک حدیث ہین ہے کہ ایک
شخص نے ہمارے پہلے امام سے پوچھا کہ آدم کے پہلے کون تھا فرمایا آدم
جب سائل نے اسی سوال کو کئی دفعہ مکرر کیا تو حضرت نے فرمایا اگر تو قیامت
تک ہمسے پوچھتا رہیگا تو مین یہی کہونگا - اس سے توہم ہوتا ہی کہ آدمی قدیم ہین
لیکن اوس امام ہمام کے اقوال سے کتابین بہری ہوئی ہین اور سب کے
کان پر ہین کہ آدم مخلوق ہی اوس سے سب آدمی پیدا ہوئے اور قرآن مجید
فصیح عبارت سے پکارتا ہی اور ضروری دین مسلمانون کا ہی کہ عالم حادث ہی
آدم بھی ایک جزو ہے عالم کا اوس جواب سے مستنبط ہوتا ہی کہ اصلی غرض سائل کی
یہہ تہی کہ آدم کی خلقت کے زمانہ کو جانے اور جاننا انسانکا طاقت سے باہر ہے
جیسا کہ زید کو سب بتلانے دوسرے کے اپنی زمان ولادت اور عمر سے آگاہی
نہین ہوسکتی تو اوسکی اولاد کو کسطرح آگاہی ہوگی حقیقت یہ ہے کہ ایسی چیزونکا
علم مبدء و معاد سے نزدیک نہین کرتا بلکہ دور کرتا ہی اور نہ معاش کے کام آتا ہی
لیکن بات فروشون کے رونق کا بڑا سبب ہوا ہی اس حدیث کے معنی یہہ بہی
ہین کہ علت غائی اگرچہ وجود مین موخر ہے لیکن تصور مین علت مادی و علت
صوری و علت فاعلی سے مقدم ہی چونکہ عالم کے ایجاد کی علت غائی آدم تھا
تفسیر حیثیت سے اوسکو علم باری تعالی مین مقدم جاننا چاہیئے نہ اوسکی علم مین

اتنا لمبا تھا کہ پانی اوسکی چھاتی اور کمر تک نہ پہونچا اوسے حضرت موسیٰ علیہ السلام
مار اب جتنے آدمی اوسکے بعد ہوئے اوہین تینون کی اولاد ہین نام نامی اوسکے
یہہ ہین حضرت سام حضرت یافث حضرت حام بت پرستون نے خلقت عالم کے
زمانیکو بہت لمبا اور دور دراز لکھا ہی کہ آدمی کے فہم سے باہر ہے محض خیالی زمانے
کوئی دلیل اوسپر نہین صرف تقلید ہی یہہ کہ رابر سے ... چلے آتے ہین وہ جھوٹی
کہانی بھی لوگ سنتے آتے ہین وہ جھوٹی کہانا کیا سچ ہوسکتی ہے - اگلے لوگون مین
بڑا چرچا تھا علم نجوم کا اور اب بھی بعضون مین ہی مصریون کا علم نجوم اور کلدانیون کا
اور ہندون کا علم نجوم مشہور ہے ان تینون سے ملکی چوتھا علم نجوم نکلا اوسے
فارسیون کا علم نجوم کہتے ہین اون کے منجمون نے عالم کی خلقت کا اور آدم کی خلقت
کا اور طوفان کا زائچہ بنایا خطا و ایقور سے حکما کے نزدیک آفرینش عالم سے لغایت
حال تخمیناً آٹھہ کرور چھیاسی لاکھہ تیس ہزار چار سے بتیس برس گذرے ہین رقم
اوسکی یہہ ہے ۸۸۶۳۰۴۳۲ طوفان کا قول بانند اسکے اقوال کے بہانے
بلکہ اوسپر دلیلین ہین گول ہونا زمین کا اور اونچی جگہین پانی وغیرہ کی صدمہ سے
نیچے بہہ کے آوسے اور نیچے زمین کو کم کم بہائی تو ضرور پانی ساری زمین کو گھیر لیگا
دوسری کائنات حجریہ کا ہونا تیسرے زمین کو کھودے سے اور بعض پہاڑ
طبقہ معلوم ہوسکتے ہین اگرچہ یہہ سب علوم ابتک کمال کو نہین پہونچے اور جسا
ری اونکا آدمی کی طاقت سے باہر ہے مگر طبیعیات مین اتنا ہی کافی ہے جیسے
دمی درخت کی عمر کو دیکھہ کے علامتون اور نشانیون کو پہچان کے تخمیناً بتلاتا ہی
لو زمانہ تحقیقی علوم نہو سب سے بڑی دلیل پیغمبرونکا فرمانا کہ علماء الٰہی ہین کہ

مجھسے کہا کہ جو آدمی سچ کہے وہ پیغمبر ہے چون کہ حضرت عیسے علیہ السّلام بڑکر
سچے تھے تو وہ پیغمبر تھے لیکن اوسنے پیغمبری کے وصفون سے جو بہت ہین
ایک ہی وصف کو کہ سچّائی ہے لیا اور سب وصفون کو چھوڑ دیا ظاہر یہہ ہے
کہ ہر پیغمبر سچّا ہوتا ہی لیکن ضرور نہین کہ ہر سچّا پیغمبر ہو — چوتھا مقدمہ آئیندہ تحریر کیا جاوےگا

زراعت

(بقیہ مضمون زراعت)

شیخ ابو زکریا نے کتاب الزراعت مین لکہا ہے کہ سوکہی زمین دو طرح کی ہوتی
ایک تو ریتی وہ نہایت خشک ہوتی ہے کیونکہ وہ چہوٹے چہوٹے پتہر ہین اور پتہر
کی سختی تو معلوم ہے جیسی کچہہ ہوتی ہے۔ دوسری طفلیہ وہ بہی خشک ہوتی ہے
لیکن ریت کے نسبت بہت تر ہوتی ہے لیکن اوسکو خشک اسوجہ سے کہتے ہین
کہ اوسکا ڈہیلہ سخت اور خشک ہوتا ہی جیسے پتہر نہ پہولتا ہی نہ نرم ہوتا ہی لیکن
جب اس قسم کی زمین نرم مٹی جو باریک ریتی کے طرح ہوتی ہے مل جاتی ہے تو
وہ اوسکی اصلاح کر دیتی ہی اور اسے قابل کر دیتی ہے کہ درخت کی رگین اوسمین
پہیلین اور وہ پانی چوسے اور اکثر ایسی زمین جزیرون مین ہوتی ہے لیکن
جزیرون مین یہ زمین اور عمدہ ہو جاتی بوجہ اسباب کے کہ وہان کالی مٹی
زیادہ ہوتی ہے اور یہی اسلئے کہ دریا کا پانی وہان کوڑہ کرکٹ نجاست کہینچ
کر لاتا ہی تو وہ اور نرم اور گیلی ہو جاتی ہے اور کبہی اوسمین باریک ریتی دریا کا
مل جاتی ہے اسوجہ سے زیادہ نرم اور پولی ہو جاتی ہے۔
حکیم شولون نے ایسا ہی بیان کیا ہی وہ لکہتا ہی کہ عمدہ زمین وہ ہی جسمین گیلا
ور تری پہونچ سکتا ہی اور کالا رنگ دلیل ہی گرمی کی اسیطرح سرخی بہی مگر سرخی کی

استقدا انکے وصی تھے لیکن ایک لاکھ چوالیس ہزار کی روایت سالتوین باب
رسالۂ مشاہدات لوحاسے ملتی ہی کہ ہر ہر فرقہ بنی اسرائیل سے بارہ بارہ ہزار
تھے اور غیر فرقون سے بہت مگر اونمین پیغمبر کے لفظ سے مذکور نہین مگر حاصل
ایک ہی ہی لیکن ان سب پیغمبرون مین کتنے کس قوم سے معلوم نہین اسمین
شک نہین کہ حضرت یافث کی اولاد مین پیغمبر ہوے ہین کہ اونمین دانشمند کو
پیدا ہوے ہین لیکن حضرت حام کی اولاد مین مجھے تردد ہے کہ کچھ بو آدمیت
کی اونمین ہین پائی جاتی شاید اونمین بھی ہوے ہون ان سب پیغمبرونمین
بہت تھوڑے ہون گے کہ سب جن و انس پر مبعوث ہوے ہون بعض
اونمین سے ایک قوم یا ایک شہر یا گانون یا ایک خاندان یا اپنے ہی گہر کے
لوگون پر مبعوث ہوے ہین بعض اونمین سے اپنے ہی پر مبعوث تھے حضرت
ذو القرنین و حضرت لقمان جسے یونانی یا افریخ زبان مین ایزدب کہتے ہین
اونکی پیغمبری مین اختلاف ہی حدیث مین مفضل بن عمر جعفی کے جو توحید مین ہے
ہمارے چھٹے امام نے رد مین اون لوگون کے جو منکر صانع تعالیٰ و آلہ حق
ہین اور خلقت کو ناقص جانتے ہین ارسطا طالیس حکیم کے قول کو سند لائے
اور اس سے رد کیا اونپر اور کہا کہ جو چیز بسبب عارضون کے کہ رحم مین حادث
ہوتا پیدا ہوتی ہے منافی عقل کے نہین ہے چون کہ اکثر امور حکمت کے
قانون پر واقع ہوتا ہی البتہ ایک مدبر حکیم چاہیے فقط اس حدیث سے اوس
حکیم کی بزرگی پائی جاتی ہے خواہ پیغمبر ہو خواہ نہو پیغمبر کے معنی مسلمانونکی
کتابون مین دیکھو لوسنٹر ڈال پادری امریکائی نے جو قائل خدای یگانہ کر

زیادہ ضرور ہی کہ پیداوار اوس سے مستفید ہوا اور اوسمین پہیلے اور زمین اوسکی
مزاحمت نہ کرے البتہ اگر قدرتی حرارت اور رطوبت کسی زمین مین زیادہ ہو تو
وہ بہت ہی کہری اور عمدہ زمین ہے —
ابن حجاج نے کہا کہ سیداغوس کا بیان بالکل سچ ہی جسمین کچھہ شبہہ نہین ہے
پہر ابن حجاج نے لکہا کہ زمین کی اقسام مین حکیمون کے جیسے یونیوس اور
کستنوس اور دیمقراطیس اور قلیسطوس کے مختلف اقوال اور آرا ہین —
حکیم یونیوس کہتا ہی کہ سب زمینون مین عمدہ زمین وہ ہے جو کالی ہو جسکی
تعریف اگلے لوگ کرتے چلے آئے ہین اور انہون نے مبالغہ کیا ہے
اوسکی تعریف مین اسوجہ سے کہ وہ بارش کے کثرت کی متحمل ہوتی ہی اور بعد ازین
ہے اس زمین کے وہ زمین جسکا رنگ بنفشی کے طرح ہو (ابن حجاج نے
کہا بنفشی کے رنگ سے یہ مراد ہے کہ وہ زمین لال ہو مایل بہ سیاہی او
ہم اوس زمین کو ہندی کہتے ہین وہ نہایت عمدہ زمین ہی جب پہولی ہوئی
ہو اوسمین درخت خوب اوگتا ہے) پہر یونیوس نے کہا قریب ہی اسکے
وہ زمین جسکو بہر کے پانی نے ڈبا دیا ہو اوسکو حابیہ کہتے ہین -
حکیم ڈیمقراطیس کہتا ہی جو زمین پانی کو چوس لے اور بعد پانی برس جانے کے
اوسمین شرخ نہ ہو نہ پہسلا پن وہ عمدہ زمین ہی اسیطرح جو زمین شدت کی گرمی
مین نہ تڑخے وہ بہتر زمین ہے -
ابن حجاج نے کہا اس کلام کا مطلب یہ ہی کہ وہ زمین طفلیہ (یعنی بالکل نرم
اور چکنی جیسے دار) نہ ہو نہ پتہر کی طرح سخت اور صاف ہو اور بعض لوگون نے

گرمی سب پانی کی گرمی سے کم ہو پھر سرخی سے کم زردی ہے اور وہ آخر درجہ ہے
حرارت کا اور قریب ہے سردی کے اور سفید زمین تو بالکل سرد ہے
اور تری اور خشکی کی پہچان تو نہایت سہل ہے وہ یہہ ہے کہ جو زمین پانی کو پی کر
جوش کر گیا ہو اور اوس پر کئی برس گذر گئے ہوں مشابہ ہو اور پہولی ہو جیسی روٹی
دہنکی ہوئی وہ تو اعلی درجے کی تر ہے پہر وہ زمین جسمین کالی مٹی اور باریک ریتی
ملی ہو اور وہ جزیرہ دن کی زمین ہے اور سب سے زیادہ خشک وہ زمین ہے
جو تری پہر پہری ہو جمتی نہ ہو نہ اوسمین چیک ہو وہ ریتی کی زمین ہے جسمین
بالکل مٹی نہین ملی جس کی وجہ سے اوسمین چکنائی یا تری آتی اسیطرح وہ زمین
جو کہر کہری اور پہر پہری ہو اور سفیدی میں چونے سے مشابہ ہو لیکن چونا ایسی
زمین تو وہ بھی خشک ہوتی ہے مگر ریتی سے زیادہ تر ہوتی ہے اسلئے کہ
اوسکا ڈھیلہ سخت ہوتا ہے جب وہ خشک ہو جاتی ہے اور اوسکی خشکی کی
یہہ دلیل ہے کہ وہ جلد خشک ہوتی ہے اور اوسکا ڈھیلہ سخت ہونا یہ ہے تو
اجزا اسکے اجتماع اور التیام مین پہر سے مشابہت رکہتے ہین الغرض الشام
کی مٹی مین کچھ پہر پہری مٹی مثل ریتی کی مل جاتی ہے لیکن وہ اوسکو نرم اور ڈھیلا
کر دیتی ہے اور درخت کی جڑین پہیلنے کے لائق کر دیتی ہے ۔
حکیم سدید غوس نے لکہا ہے کہ جب ہم زمینون کو اچہی طرح اپنی عقل سے دیکہین
تو یہ بات معلوم ہو گی کہ جس قدر ہمکو زمین کی تری اور ملائمت اور اوسکے
پہولے ہونے کی احتیاج ہے اوسیقدر اوسکی گرمی کی احتیاج نہین ہے اسواسطے
کہ آفتاب اور ہوا سے گرمی حاصل ہو جاتی ہے گی لیکن ہیشہ اور نرمی آسکے

یا اگر کچھ رہتی ہے تو ضعیف اور ناتوان ہوتی ہی اور سفید زمین باغون کے
لایق نہین ہوتی مگر بڑی دشواری اور محنت سے جب اوسمین مٹی کے برابر
گوبر ملایا جاوے لیکن وہ زمین جو گرمی مین تشنج جاوے وہ باغ کے لایق
نہین ہوتی اور نہ وہ زمین جو سخت ہو کیونکہ وہ درخت کی اچھی طرح پرورش
نہین کرتی اور اس قابل نہین ہوتی کہ پانی کو چوسے اور روکے اور بعضے
زمینین کم سخت ہوتی ہین جنمین ریتی ملی ہوتی ہے وہ ترکاریون کے بونے
کے واسطے اچھی ہین وہ وہ زمینین ہین جنمین کالی مٹی زیادہ ہوتی ہے
اور وہی ترکاریون کے جڑون کی غذا ہی اس بیان سے اوس زمین کا پہچاننا
جو ترکاریون کی زراعت کے لئے بہتر ہے سہل ہو گیا اور وہ اسطرح کہ اوس
مٹی کو پانی سے بھگو دین اور دیکھین اگر اوسمین کالی مٹی زیادہ ہو تو وہ زمین
ترکاریون کے لئے مناسب ہی اور اگر اوسمین ریتی زیادہ ہو تو وہ ترکاریون
کے لیئے موافق نہین ہے اگر ہاتھ سے اوس مٹی کو ملین اور اوسمین چم
اسطرح چپک ہو تو وہ زمین ترکاریون کے لئے مناسب نہین ہے حکیم
کستسوس کا قول ہے کہ ترکاریون کی زراعت کے لئے وہ زمین چاہیئے
جو چکنی ہو تیار نہ سخت ہو نہ سفید اور نہ چیپک دار اور نہ گرمی مین تشنج والی
ابن حجاج نے کہا ان لوگون نے چیپک دار اور سخت زمین کو ترکاریون کے
لئے مناسب نہین سمجھا اوسکی وجہ یہ ہی کہ ترکاری اپنی ذات سے تر اور آبی
رطوبت ... نسبت اوس درخت کے جسمین لکڑی ہو ... نہین مناسب
... وہ زمین جو چکنی اور تر بھولی ہوئی ہو تاکہ اوسکی جڑ عمدہ اور لطیفہ

مجہسے اعتراض کیا کہ ذیمقراطیس سے نے ترشے والی زمین کی برائی کیون کی ہی حالانکہ ہم سے نے قرمونہ شہر مین دیکہا ہے وہان کی زمین بہت ترشی ہے لیکن گیہون کے درخت اوسمین بہت بلند اور عمدہ ہوتے ہین کہ ایسے دوسرے شہرون مین نہین ہوتے مین سے جواب دیا کہ ذیمقراطیس نے اوسکی مذمت مطلقاً نہین کی بلکہ بہ نسبت اوس زمین کے کی ہے جو اوس سے عمدہ اور بہتر ہو دوسری یہہ کہ اوسمین صرف گیہون کے عمدہ پیدا ہونے سے فضیلت کلی لازم نہین آتی اسلئے کہ اور بہت سے علی الدوام درخت اوسمین اچھے نہین ہوتے پہر کیونکر دوسرے قسم کی زمین اوس سے افضل نہ ہوگی حالانکہ کالی زمین مین جو پہولی ہوئی ہو اور مشابہ ہو پیراسے کو بدسے اوسمین عموماً ہر ایک غلہ اور درخت عمدہ ہوتا ہی پس اس قسم کی زمین نہایت اعلی درجے کی ہے پہر کیونکر اسکے نسبت وہ زمین بری نہ ہوگی جسمین ہر ایک پیداوار اچھی نہین ہوتی سوا بعض چیزون کے ۔

حکیم قسطوس نے کہا کہ عمدہ زمین وہ ہی جو بارش کا پانی بہت پیے اور جسمین طرح طرح کی گہاسین اوگین اور وہ خوب سرسبز اور شاداب اور کہلی ہوں اور جسمین باریک باریک گہاسین اوگین ۔

حکیم دیونیوسس نے کہا ترکاریون کے لونے کے واسطے یعنی باغات کی زراعت کے لیئے وہ زمین عمدہ ہے جو سفید اور سخت نہ ہو اور گرمی مین بہت نہ ترشے اسلئے کہ سفید زمین جاڑے مین بہت جلد جم جاتی ہے اور گرمی مین جلد ہی خشک ہو جاتی ہے جو پیداوار اوسمین ہو سب تلف ہو جاتی ہے

جو چکنی ہو —

ابن حجاج کی کتاب مین بلند اور پست زمین کے بیان مین ہی کہ پہاڑ کی اوپر کی زمین
بہ نسبت نیچے زمین کے سرد اور خشک ہوتی ہی اوسکی خشکی کی وجہ تو ظاہر ہے کہ وہ
پتھر ہے یا اگر مٹی ہی تو پتھر کیطرح سخت ہی اور اوسکی سردی کی وجہ یہہ ہی کہ وہان
ہوا خوب آتی جاتی ہے اور برف زیادہ گرتی ہی یہ ثابت بن قرہ کا قول ہے اور
لیکن چٹانین پہاڑ کی تو اوسکی نی کم عمدہ ہوتی ہی اسواسطے کہ جسقدر اوسمین سے
بوجہ حرارت آفتاب کے گرم اور لطیف ہوتی ہے اوسکو پانی بہا دیتا ہے وہ
نیچے چلی آتی ہے اسوجہ سے وہان کی مٹی خراب رہ جاتی ہے اور نشیب
زمین کا حال اسکے برعکس ہے لیکن وہ زمین جو صاف میدان اور چراگاہ
کی ہو جسمین پانی بہت نہ ٹہرے وہ نہایت عمدہ ہوتی ہے اسوجہ سے کہ اوسکی
مٹی سیاہ ہو جاتی ہے بسبب اسکے کہ پانی اوسکو سڑا دیتا ہی اور جو چیز
سڑ جاویگی وہ گرم ہوگی لیکن جب پانی بہت وہان رہیگا تو وہ اوسکو سرد
کر دیگا اور اوس حرارت کا جو تعفن سے پیدا ہوئی ہے مقابل ہو جاویگا
حکیم یشو لون نے کہا چراگاہ کی زمین اکثر سرد ہوتی ہے لیکن بہت سرد نہین
ہوتی اور علت اسکی یہ ہی کہ پانی وہان جذب ہوتا ہی اور گہڑی گہڑی آیا کرتا ہی
اور مٹی کی طبیعت پر سردی غالب ہی تو اب دو طرف سے سردی ہوگی (ایک
ذاتی اور ایک عارضی) مگر اوسمین حرارت کا ایک جز ہے جو سڑاہند کی وجہ سے
پیدا ہوا ہی اسی وجہ سے وہ پہاڑ کے نسبت کرکے زیادہ تر اور گرم ہے
لیکن وہ زمین جسکی گرد و پیش بلندیان ہون اور وہ نشیب مین [illegible] ہوتی ہے

له اور ایک وجہ یہ بہی ہی [illegible] اوپر [illegible] لکہی ہی کہ پہاڑ کی [illegible] جسقدر بلندی زیادہ ہوتی جاوے [illegible]

غذا کو جذب کرتی ہے اور جو زمین بہت چپک دار ہو اوسمین سے جڑ ون کو تہوڑی غذا ملیگی اور اوسکی رگیں اچھی طرح اوسمین نہ گھسینگے اور سخت زمین درخت کو زیادہ مناسب ہی بہ نسبت ترکاری کے

بعض کاشتکار ون کا مقولہ ہے کہ ریتلی زمین گرمی مین بہت گرم ہو جاتی ہے اور جاڑے مین بہت سرد ہو جاتی ہے اسیطرح پتہر کا حال ہے کہ گرمی اور سردی کو جلد ہی قبول کر لیتا ہے پس اوس سے ایذا ہوتی ہے اون جڑ ون کو جو اوسکے اندر ہوتی ہین گرمی اور جاڑے مین اسلئے کہ پتہر گرم ہو جاتا ہی آفتاب کی حرارت سے اور ٹہنڈی ہوا سے سرد ہو جاتا ہی یہ قول ہی یونیوس کا- حکیم جالینوس نے ادویہ مفردہ کی کتاب مین لکھا ہے کہ یونانی اوس زمین کو جسکی مٹی چکنی اور نرم ہوتی ہے اندر اور باہر سے اوسکو خستہ کہتے ہین اور جو زمین اسکے ضد مین ہے اور چکنی نہین ہے اوسکو صلدہ کہتے ہین اور وہ برتن بنانے کے لایق ہوتی ہے اور فرق کرتے ہین اون مقامات مین جو نرم اور تر اور عمدہ ہین اور جو خشک اور سخت اور ریتیل ہین-

پہر کہا کاشتکار گمان کرتے ہین کہ بیروہ زمین ہے جو پتہر کے مزاج سے دور ہو اور بد کہتے ہین خشک ریتلی زمین کو کیونکہ وہ کسی کام کی نہین ہے پہر کہا کہ جس زمین مین لوگ کہیتی کرتے ہین اوسکی کئی قسمین ہین ایک تو چکنی سیاہ رنگ کی دوسری کہرکہری سفید رنگ کی اور یہ دونوں قسمین ایک دوسرے کی ضد ہین اور باقی قسمین ان دونون کے بیچ مین ہین یا اول قسم کے قریب ہین یا دوسرے قسم کے قریب ہین پہر کہا کہ عمدہ زمین کہیتی کو سکے لئے وہی ہے

غالب آجاتی ہی اور اوسکی حرارت کو کاہش [illegible]
لایق بہین ہوتی مگر اون چیزون کیلیے بہتر ہی (جیسے [illegible])
جیسے ککڑی اور کدو اور جوار کیلیے اور [illegible] بہت [illegible]
زمین مین نہین ہوتا بلکہ سڑجاتا ہی مگر تشتم اور بقول وغیرہ اور جو مشابہ ہین انکے
ابن حجاج نے اپنی کتاب مین لکہا ہی کہ زمین کا امتحان لوگون نے مختلف طریقون سے
رکہا ہی بعضون نے اوسکا امتحان ہوا اور مزے پر رکہا ہی اور بعضون نے دیکہنے
اور چہونے پر رکہا ہی اور بعضون نے اوسکی پیداوار پر رکہا ہے لیکن ان سب
طریقون مین دیکہنے اور چہونے کا امتحان بہتر ہے اسلئے کہ کبہی زمین مین
کوئی پیداوار نہین ہوتی ہی اوسکا امتحان کیونکر کرینگے اور جن لوگون نے
امتحان دیکہنے پر رکہا ہی اون مین سے حکیم یونیوس ہی وہ کہتا ہی عمدہ زمین
کی پہچان دیکہنے سے ہوتی ہے اور وہ یہ ہی کہ جب ہوا مین خشکی ہو اور بارش
بند ہو تو اوس زمین مین بہت شگاف نہ ہوا اور جب بارش شروع ہو تو وہ کیچڑ
ہوجاوے اور جسقدر پانی برسے اوسکو چوس لیوے اور جاڑے کے دنون مین
اوسکا بالائی سطح بالکل سوکہا اور خشک نہو
حکیم یونیوس نے کہا کہ اگلے لوگون نے ایک اور طرح کا امتحان دیکہنے سے
رکہا ہی وہ یہ ہی کہ اوسمین جو صحرائی نباتات اور اشجار ہون اگر وہ بڑے سبز
اور ہرے بہرے ہون تو وہ زمین عمدہ ہی اور اگر وہ متوسط ہون یعنی اونکی [illegible]
تو زمین بہی متوسط ہی اور اگر اوسمین باریک شاخون کی رکی ہوئی درخت ہو

زیادہ تر زیادتی ہے اسوجہ سے کہ آفتاب کا اثر اوسمیں پہونچتا وہان کی
پیداوار لہذا اچھی نہیں ہوتی وہ زمین تو اچھی بالطبیعت سے نہایت سرد ہے اور
بہت تر ہے ابر [illegible] اور عمدہ زمین وہ ہی جو پہاڑ سے بہ نسبت نشیب مین
ہو لیکن ہموار اور ہموار ہو پھر چراگاہ کی زمین پھر پہاڑ کی زمین اور پہاڑ مین
اوسکے بلندون کی زمین بہتر ہے اوسکے کنارون کی زمین سے کیونکہ کنارون پر
پہ[illegible] عمدہ مٹی کو پانی بہا لیجاتا ہی اور سب سے بدتر وہ زمین ہے جو نشیب
مین جمع ہوتی ہے جہان آفتاب کا اثر نہ پہونچتا ہو وہ کسی کام کی نہین —
حکیم [illegible] نے کہا ہے مجھسے سوال ہو کہ ایک زمین ایسی ہے جسکا ایک حصہ
نشیب مین ہی اور ایک حصہ بلند ہی تو کونسا حصہ بہتر ہے تو کہہ کہ نشیب کا
حصہ بہتر ہو اسلیئے کہ پانی عمدہ مٹی کو بہا کر نشیب والی زمین مین لاتا ہی تو وہ
ہمیشہ تر اور لطیف رہیگی اور بلند حصہ خشک اور سخت ہوگا جیسے پہاڑ ہوتی ہین
یہ حکم تو عمومی اور اکثری ہی مگر کبھی بلند حصہ زمین کا نشیب سے بہتر ہوتا ہی
باعتبار خلقت اور فطرت کے اوسکی دلیل یہ ہے کہ بعضے میدان ہم دیکھتے ہین
جہان ریت کثرت سے ہی اون مین کچھ زمین بلند ہوتی ہے اور وہ تر ہوتی ہے
لیکن اکثر [illegible] حکم ہے جو اوپر بیان ہوا یعنی نشیبی حصہ بلند حصے سے بہتر ہوتا ہے
نشیبی حصے کی افضل اور عمدہ ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ جس زمین کا
بلند حصہ سرخ ہوتا ہے تو اوسکا نشیبی حصہ سیاہ ہوتا ہی اور جس زمین کا بلند
حصہ سفید ہوتا ہی اوسکا نشیبی حصہ سرخ یا سیاہ ہوتا ہی یہ بات اکثری ہے
جو زمین مین ہمیشہ پانی گرتا رہے وہ نکمی اور خراب ہو اسواسطے کہ رطوبت [illegible]

طب

طب کی تاریخ کا مختصر بیان

طبابت بہت قدیم زمانے سے ہے اگرچہ بطور علم کے نہین تہی مگر اُسکا کچہہ نمونہ پایا جاتا تہا کیونکہ ہر ایک جاہے کے آدمی خواہ جاہل یا باعلم ہون انکو ولین موت کا ڈر اور درد کی ایذا سے نجات پانیکے لئے کچہہ تدبیرین کیا کرتے تہے اِس سے ثابت ہوتا ہی کہ قدیم زمانہ سے طبابت کا کچہہ نمونہ تہا اگرچہ بطور علم کے نہین تہی مگر عقلا کی اسکے طرف توجہ ہونے سے یہہ علم رفتہ رفتہ ترقی پاتا گیا چنانچہ بنیاد علم طب کی اول مصر مین ہوی اور اوسنے رواج پایا مگر وہ لوگ اپنی منفعت کے لئے اِس امر کے ساعی تہے کہ اِس علم کو دوسرے لوگونکو معلوم ہونے نہ دیوین اسواسطے اسنکے طبابت مین منتر و تعویذ وغیرہ بہی تہے جیساکہ یہہ تعویذ وغیرہ ابتک بہی جاہل و بے سمجہہ لوگون مین جاری ہین بعد اس علم کے ترقی یونان مین ہوی اور یونانیون نے مصر و فینشیا کے ملک کے لوگون سے حاصل کیا یونانی حکما مین سب سے اول حکیم اسقلیبدس تہا بعد اسکے مرنیکے اہل یونان نے اِسکو خدا مقرر کرکے اسکے نام کے ہزارہا بت خانے جابجا بنائے اور وہ جاری لوگ جو اسکے شاگرد تہے علاج کیا کرتے تہے اور جب بیمار صحت پاتا تہا تو اپنے بیماری کی کیفیت و علاج وغیرہ سونے چاندی کے ورق پر لکہہ کے بطور نذر کے بت خانہ مین لٹکاتا تہا بقراط ان ورقون کو بہت کام مین لایا ۔۔۔ برس پہلے حضرت پیغمبر خدا کے اہل یونان علم فلسفی کے طرف متوجہ ہوی طبابت مین سب سے مشہور فیثاغورس تہا حیوانات کی تشریح کی

اور بہوسے چہوسے گہانس ہو تو وہ زمین کمزور ہے ۔

جن لوگون سے امتحان زمین کا مزے پر رکہا ہے وہ فقط اوسکی شوریت اور شیرینی کا امتحان کرسکتے ہین ۔

حکیم یونیوس نے کہا زمین کا امتحان مزے سے اسطرح کرین کہ گڈہا کہود کر اندر کی مٹی نکالین پہر ایک شیشے کے برتن مین مٹی کو ڈالکر اوپر سے تہوڑا شیرین پانی ڈالین پہر اوسکو چکہین اگر وہ کہاری ہے تو وہ زمین نکمی ہی اگلے لوگ ایسے زمین سے بہاگتے تہے وہ کسی پیداوار کے لایق نہین ہے مگر کہجور کے لئے کیونکہ کہجور کا درخت ایسی زمین مین نہایت عمدہ ہوتا ہی اور خوب پہیلتا ہے

ابن حجاج نے اپنی کتاب مین لکہا ہی کہ بہت سے کاشتکارون سے بیان کیا ہے کہ ایسی زمین مین کرنب خوب ہوتا ہے اور بعضون نے کہا کہ ککڑی بہی اچہی ہوتی ہے اور اوسکا ذایقہ خوب ہوتا ہے ۔

جن لوگون نے امتحان سونگہنے پر رکہا ہو وہ اوسکی بو دیکہتے ہین کہ بری ہی یا بری نہین ہے کاشتکارونکا اتفاق ہی اس بات پر کہ بدبودار زمین اچہی نہین ہے

اور جن لوگون نے اسکا ذکر کیا ہی اون مین سے حکیم دیمقراطیس ہے وہ کہتا ہے عمدہ زمین جو درخت لگانے کے لئے بہتر ہے اوسکی پہچان یہ ہے کہ ایک گڈہا دو ہاتہہ کا گہرا اوسمین کہود دین پہر مٹی وہان کی لیکر ایک شیشے کے برتن مین ڈالین اور اوسپر بارش کا پانی یا نہر کا میٹہا پانی جو بدبودار نہ ہو بلکہ لطیف اور خوشگوار ہو ڈالین اور مٹی کو اوسمین گہولین پہر چہوڑ دین یہان تک کہ پانی اوسکے اوپر آجاوے

✣ پس جو زمین چکہنے مین کہاری ہو وہ بری ہی اور جو شیرین ہو وہ نہایت عمدہ ہے اور جو پہیکی

[illegible]

علم تشریح کو ترقی دی گئی اسی زمانہ میں علم طب سے علم جراحی و دواسازی کی علیحدہ ہوئی روم چہ اطالیہ کا پایۂ تخت ہے وہاں حکیم جالینوس تہا نہایت نامور حکیم حاذق و عزت دار تہا اس نے دو سو کتابیں تصنیف کیں بعد اسکے ۸۰۰ ہجری میں عرب لوگون نے علم و فن طب کا شروع کیا مشہور کتابون کا ترجمہ کیا خصوصاً جالینوس و بقراط کے کتابوں کا ترجمہ کیا علم طب کو افزایش نہین دی مگر (یعنی علم کیمیا نیا ایجاد کیا اس علم کیمیا سے طبابت مین بہت بڑا فایدہ ہوا عربی حکیمون مین سے سب سے اول ہارون نام تہا جسنے چیچک کا بیان سب اول لکھا ۸۶۰ ہجری مین عراق عجم مین رازی نام پیدا ہوا اس شخص نے چیچک و گوبری کا بیان طولانی لکھا جراحی کو ترقی دی نئی دوائین ایجاد کیں ۹۸۰ مین بو علی سینا بخارہ مین پیدا ہوا یہہ عربی طبابت مین بہت مشہور تہا بہت کتابین تصنیف کین اور مشہور کتاب قانون ہے ان عربی اطبا مین آخر شخص جو مشہور ہوا ابیو کاسس تہا یہہ شخص جراحی مین بہت مشہور ہوا بعد اسکے اسپین کے ملک مین دو حکیم ہوے جنہون نے عربی زبان مین کتابین لکہین باقی آیندہ —

تاریخ

حاجب محمد ابو المنصور

حاجب محمد ابو المنصور سال مین چند بار بطور سیر و تفریح ایک مقام کو جایا کرتے تہے جسکا نام کاروا تہا اور ایک مکان عالیشان تیار کرایا تہا جسمین عالم اور شاعر جمع ہوتے تہے — اور جن شاعرون کے کلام فصاحت سے اور ... ہوتے تہے اونکو وہ انعام دیا کرتا تہا —

معدنیات

میٹلرجی

۱ یہہ لفظ دو یونانی الفاظ سے مرکب ہی میٹلن بمعنی فلز یا معدنی اور ارگن بمعنی کام سے یعنی فلزات اور معدنیات کا کام اور یہہ میٹلرجی کے لفظی معنی ہے اور اصطلاح مین (بقول استادی ڈاکٹر پرسی صاحب کے جو اس فن مین فرد لاثانی ہین) بمعنی استخراج فلزات کا اونکے معدنیات سے اور بکار آمد کرنا اونکا واسطے اقسام امور کے جنمین وہ صرف ہوتے ہین —

۲ چونکہ ہم کوئی ایک طریقہ بتا نہیں سکتے ہین جس سے سب فلزات کا استخراج کیا جاوے لہذا ہر ایک کے استخراج اور پکانیکے طریقے ہم علیحدہ علیحدہ بیان کرینگے — اور جن فلزات کا بیان اس رسالہ مین لکھا جائیگا اونکی فہرست ذیل مین مندرج ہے

سونا [1] چاندی [2] تانبا [3] لوہا [4] شیشا [5] جست [6] رانگ [7] پارا [8] انتیمونی [9]
آرسینک [10] بزمت [11] کوبلٹ [12] نیکل [13] الومنیم [14] پلاٹینم [15] منگنیز [16]

۳ یہہ سب بسایط فلزی ہین — بسایط جنکی ابتک تحقیق ہوئی ہے شمار مین ستر ہین انمین سے قریب ستاؤن کے فلزات ہین — مگر انمین سے اکثر بہت ہی کمیاب اور نادر ہین اور مصارف روزمرہ مین اونکا استعمال بہت کم ہے اگرچہ علم کیمیا مین اونکے خواص و استعمال سب معلوم ہین — اس رسالہ مین اون فلزات کے استخراج کے طریقہ بیان ہونگے جو انسان کو دوا ہم روزانہ مین در کار ہوتے ہین — یہہ وہ فلز ہین جنمین خواص ستھے ...

محمد ابو المنصور نے علی ہذا القیاس ایک مدرسہ مختلف زبانون کی تعلیم کے لئے قایم کیا تہا اور بڑے بڑے نامی گرامی علما اور صاحب تصانیف اور تالیف کو جو اوس زمانہ مین مشہور و معروف تہے وہان بلوایا تہا اور اونکو کرسی معلمی پر سرفراز کیا تہا حاجب محمد ابو المنصور خود جامع مسجدون اور عدالتون اور اون مکتبون اور مدرسون کو خوشی اور سرگرمی سے جایا کرتا تہا جو نوجوان کی تعلیم کے لئے بنائے تہے اور خود طالب علمون اور تلمیذون کے درمیان جاکر بیٹہہ تا تہا اور اپنی جاسے اور آسکے تعلیم اور تدریس مین خلل ہونا گوارا نہین کرتا تہا اور جو طالب علم محنت سے اپنی علم کی ترقی کرتے تہے اور دیگر طالب علمون سے ممتاز ہوتے تہے اونکو انعامات عطا فرماتا تہا — اور انعامات صرف طالب علمون ہی کو عنایت نہین ہوتے تہے بلکہ اوستادونکو بہی جاتے تہے — پس اس وسیلہ سے وہ لایق لوگون کو اپنی نظر مین رکہتا تہا اور جب کبہی عدالتون اور جامع مسجدون مین قاضی اور خطیب کی ضرورت ہوتی تو وہ انہین لایق شخصون کو ان عہدون پر مامور کرتا تہا —

جب حاجب نے کارڈوا مین نزول اجلال فرمایا تب پہلا کام اوسکا یہہ تہا اوس نے ایک شخص کو جسکے علم و فضل کا ذکر اوس نے سن رکہا تہا مسجد سلطان الحکم میں مجتہد یا امام اعلی کے منصب پر مامور کیا — یہہ شخص سعد بن ادریس بن یحیی مدرسہ سیدی کا شاگرد یا وہانکی مسجد کا خطیب تہا اور حج بیت اللہ سے بہی مشرف ہوا تہا لوگ جیسا اوسکے علم و فضل کی تعریف کرتے تہے ویسا ہی اوسکی نیک چلنی کی مدح کرتے تہے اور اللہ تعالی نے اوسے حسن المعانی اور بلند آوازی بہی بخشی تہی — اس نے سنہ ۳۹۲ ہجری کے آخر مین باعزت و با اعتبار عمر طبعی پر پہونچنے کے بعد انتقال کیا فقط راقم خیر خواہ امام حافظ بدر الاسلام

۵ فلزّ پارا جسے سیماب اور زیبق کہتے ہین معمولی گرمی مین سیّال رہتا ہے اور باقی فلزّات حالت انجماد مین رہتے ہین اور آگ یا کسی اور مادّہ کے حرارت سے گلائے جاتے ہین - اکثر اونمین سے غیر فرّار ہین اگرچہ انتہا درجہ کی حرارت سے وہ بھی گلنیکے بعد بخار ہو کر اوڑ سکتے ہین اور بعض مثلاً جست اور کدمیم کے تیز سرخ حرارت سے بخار ہوکے فرار کرسکتے ہین اور بعض مثل آرسنک کے (جو جزو فلزّی سنکھیا کا ہے) کند سرخ حرارت سے بغیر گلنیکے حالت انجماد سے حالت بخاری مین چلے جاتے ہین -

سامات و طبقات فلزّی

۶ چند فلزّ ایسے ہین کہ وہ حالت فلزّی مین پیدا ہوتے ہین مثل سونا اور پلاتینم کے - یہہ دونون فلزّ طبیعت مین ہرگز مرکب حاصل نہین ہوتے - چاندی اور تانبا حالت فلزّی مین بھی پیدا ہوتے ہین اور حالت ترکیبی مین بھی نکلتے ہین - لیکن دوسرے فلزّات اکثر مرکب نکلتے ہین جنکو معدنی اور کانی کہتے ہین -

۷ اکثر فلزّات کا استخراج اونکے معدنی احجار یا پتھرون سے ہوا کرتا ہے اور یہہ احجار معدنی مرکب ہین ان فلزّات اور آکسیجن یا کاربانک ایسڈ (تیزاب ذغالی) یا گندہک یا کلورین یا آرسنیک یا تیزاب فوسفورس سے - اکثر معدنیات ایسے ہوتے ہین کہ جنمین ایک سے زیادہ فلزّ شریک ہین مثل چاندی اور سیسے کے یا لوہے اور تانبے کے یا کوبلٹ اور نکل کے * اکثر ملکر پیدا ہوتے ہین -

* [illegible] اقسام کا [illegible]

وقوت و لچک و کوفت پذیری و امتداد و گدازندگی و پایداری سکے پاسنے جاسنے ہین۔ ہم ان الفاظ کی تشریح آسگے چلکر بیان کرینگے۔

۳ فلزات وہ اجسام ہین جنمین خواص سبعہ بالاسکے سوا قوۂ کہربائی اور حرارت سکے حل کرسنیکے اعلیٰ درجہ کی قدرت ہو۔ علاوہ ان خواص سکے فلزات اکثر ثقیل الوزن اور چمکدار ہوا کرستے ہین۔

سختی[1] اوس خاصیت کا نام ہی جو نرمی اور ملایمت سکے برخلاف ہو مثلاً لوہا سخت ہی

قوت[2] اوس خاصیت کو کہتے ہین جو وزن اور بوجھہ کا تحمل کرسکے۔

لچک[3] خاصیت بازگشت کو کہتے ہین یعنی اگر ایک شئی کچھہ دباؤ یا وزن کی وجہ سے خمیدہ ہوگئی ہو جسوقت اوس وزن کو زایل کردین تو وہ شے اپنی اصلی حالت پر پھر آسئے مثلاً فولاد کی تلوار جو دبانیسے خم ہوجاتی ہے مگر جو دور کرسنے اوس دباؤ سکے وہ پھر سیدہی ہوجاتی ہے۔ اسکو لچک کہتے ہین

۱۹ ہم وہ علم حاصل کریں جو ہمارے زمانہ میں کار آمد ہو اور جسکی ہمارے زمانہ میں قدر و منزلت ہو اگرچہ گذشتہ زمانہ میں اوسکی کچھ قدر و منزلت نہ ہو یا ہمارے بزرگوں نے اوسطرف التفات نہ کیا ہو ۔

۲۰ اگر فرصت کثیر ہو اور اشغال ضروری مانع نہوں تو ہمیشہ ہر ماہ کا بلحاظ اخراجات ماہ گذشتہ کے ایک موازنہ بناوے جس سے زیادہ صرف ہو یا کمی

[illegible] کالیفورنیا اور آسٹریلیا سے آتا ہے آسٹریلیا کے ملک میں اور اکثر مقاموں میں
جہاں [illegible] پیدا ہوتا ہے یہہ دیکھا گیا ہے کہ سونا طبقات [illegible] سیلورین میں شائع
ہوتا ہے۔ اور کالیفورنیا کے سونے کے معدن طبقات جوراسک میں واقع ہیں
جو سیلورین طبقات سے جدید تر ہیں۔

ف ۱۳ یہہ بیان ہو چکا ہے کہ سونا سالمات میں سخت پتھر کے اوس کثرت سے
پیدا نہیں ہوتا جیسا کہ ریتیلی چکنی مٹی میں پیدا ہوتا ہے۔ کالیفورنیا اور
اوسٹریلیا کے اضلاع کے سونے کا حاصل سالیانہ آٹھ کروڑ سے دس
کروڑ روپیہ [illegible] ہے۔ اور آسٹریلیا کا حاصل قریب ساٹھ کروڑ اور ممالک
[illegible] کے سونے کا حاصل ساڑھے تین کروڑ روپیہ ہے اور کل جنوبی [illegible]
[illegible] دو کروڑ سالانہ ہے پیشتر ۱۸۴۸ء کے آگے کل حاصل
[illegible] سال میں ساٹھ کروڑ کا ہوا کرتا تھا مگر اب [illegible] ۲۹
[illegible] کے قریب ہوتا ہے یعنے ۹۳ کروڑ روپیہ کا سونا سال میں پیدا ہوتا

[illegible] سالمات کے اطراف وجوانب کے پتھر کسی قسم کے کیوں نہ ہوں
[illegible] کہ سونا ہوتا ہے وہ اکثر اوقات کوارٹز میں یعنی بلور کا پتھر ہوا کرتا ہے
[illegible] کہ سالموں میں فی ٹن نصف اونس سے پانچ اونس تک سونا نکلتا ہے
[illegible] فی کہنڈی پتھر اس گیارہ ماشے سے دو تولے تک سونا پیدا ہوتا ہے مگر
[illegible] کبھی اس سے بہت زیادہ بھی نکلتا ہے بعض وقت فی ٹن تین سو اونس تک
بھی پیدا ہوتا ہے یعنے فی کہنڈی (۵۴۰) تولہ سونا ہوتا ہے۔

ف ۱۵ ندی کے مٹی میں جسکو ڈرفٹ کہتے ہیں سونا پیدا ہوتا ہے جو کہ مدتوں میں

قدر و قیمت مین اسکے مقابل ابتک پیدا نہین ہوا - ہر چند کہ انسان کے
ہر روزہ امور مین لوہے کی نہایت ضرورت ہے یعنی بغیر لوہے کے کوئی کام
بآسانی ہو نہین سکتا تاہم سونے کی لون و رنگ مین کچھ عجب دلفریبی ہے کہ جسکے
دیکھنے سے طبیعت کو فرحت حاصل ہوتی ہے گویا قرآن مین بہی صفراء فاقع
لونہا تسر الناظرین اسی کے شان مین آیا ہے -

ف ۱۱　　قدیم زمانہ مین سونا بہت کم مقامات مین نکلتا تہا - مگر اب تحقیقات
حال سے یہہ ظاہر ہوا ہے کہ تمام عالم مین پہیلا ہوا ہے اگرچہ اوسکا نفع کے
سا تہہ اور کثرت سے پیدا ہونا موقوف تہوڑے مقامات پر ہے - انگلستان مین
عیسوی سولہوین صدی مین کثرت سے نکلتا تہا اور اب بہی بقدر پانچ سو ۵۰۰ دہیہ
سیر فی سال کے شمالی ویلز کے خطہ مین پیدا ہوتا ہے - ہونگالیہ مین بہی
سالیانہ بقدر تیس لاکہہ روپیہ کے سونا استخراج کیا جاتا ہی - مگر بہر صورت مین
اسکے نکالنے مین نہایت حکمت اور خبرداری سے کام کرنا لازم پڑتا ہے

ف ۱۲　　کرۂ زمین پر تین نقطے مشہور و معروف ہین کہ جنمین سونا بکثرت
پیدا ہوتا ہے یعنی اورل کے پہاڑ وسکا سلسلہ مملکت روس مین اور کلیفارنیہ
امریکہ مین اور جزیرۂ آسٹریلیہ مین - گو اورل کے پہاڑون مین اب پیداوار
بہت کم ہے مگر سیبریہ مین (جو شمال ممالک ایشیا کے روس مین واقع ہے)
البتہ چند سال تک بہت ہی زرخیز معادن پیدا ہوئے - حال مین کلیفارنیہ
کے معادن مشہور رہین جو سنہ ۱۸۴۸ عیسوی مین نکلے تہے اور آسٹریلیہ
کے بہی سونے کے کہیت جو سنہ ۱۸۵۱ عیسوی مین ظاہر ہوئی تہی نہایت ہی
نامور معدن ہین یعنی حال مین جتنا سونا تمام عالم مین پیدا ہوتا ہے اوسکا

(۲۱) فلزات میں فقط سونا زرد رنگ ہی اور نہایت کوفتہ پذیر ہے یعنی اس میں
قابلیت طرق بہت اعلی درجہکی ہے اور دولاکھ اسی ہزار ورق ملا کر ایک انچ
موٹے ہوتے ہیں یعنی ہر ورق کی موٹائی $\frac{1}{282}$ انچ کے ہوتی ہے اور
سونیکا ورق جو کناری وغیرہ کے چاندی کے تار پر رہتا ہی وہ اس سے بہی
کہیں پتلا ہوتا ہی اس صورت میں چاندی کے سلاخ پر سونا چڑہاتے ہیں اور
اوس سلاخ کو کہینچ کے رفتہ رفتہ تار بناتے ہیں - اس بات سے سونیکی قابلیت
استداد بہی ظاہر آتی ہے اگرچہ خالص سونیکا نہایت مہین تار کہینچ سکتا ہی
(۲۲) خالص سونا شعلہ میں قریبا ہمیشہ برابر رہتا ہی اور ہوا اور پانی سے اسکا آتش
دیکر بدلا اور میلا نہیں ہوتا کوئی تیزاب منفرد واحد سوائے [illegible] اسکو
اوسکو حل نہیں کرتا مگر ناشرہ (یعنی تیزاب نمک اور شورہ کے ممزوج)
وزن اضافی سونیکا ۱۹۲۵ (۱۹ ¼) ہے —
(۲۳) سونا جو یورپ میں سکہ یا زیور کے لیے مستعمل ہے اوسمیں تانبہ
تانبا یا روپا ممزوج کیا جاتا ہی تاکہ اوسمیں کچھ سختی پیدا ہو - انگلستان کے
سونیکے سکہ میں ہر چوبیس جزو میں بائیس جزو سونا اور دو جزو تانبا ہوتا ہی
اور اسکو اسٹانڈرڈ گولڈ یعنی لائق معیار کہتے ہیں - اور ہر جزو کو
سونیکے ایک کرٹ کہتے ہیں اور زر خالص کو چوبیس کرٹ کا سونا کہتے ہیں
اور اس قیاس سے انگریزی سکہ کے سونیکو بائیس کرٹ خالص یا بائیس جزو
خالص کہینگے یعنی چوبیس جزو میں بائیس جزو خالص سونا ہی - زیور اور
گہڑیکے تار اور زنجیر وغیرہ میں کم سے کم آٹھ جزو خالص سونا ہوتا ہی مگر ہرگز
اٹھارہ جزو خالص سے زیادہ کا سونا مستعمل نہیں ہی اور زرگر اور دوسرے

(اور اوس چاندی سے جو سونیکے ساتھ ممزوج ہے) یہہ ہوتا ہے کہ بالکل سونا حل ہوجاتا ہی۔ بعد اوسکے اس محلول طلا مین تانبے کے ٹکرے ڈالدیکر سونا مانند بہورے رنگ کے ورد کے تہ نشین ہوجاتا ہی اور چاندی بہی سفید ورق مانند تہ نشین ہوتی ہے اور تانبا اوسکے عوض مین حل ہوجاتا ہی۔

ف ۳ سونیکو کئی طریقوں سے چاندی سے الگ کرسکتے ہین مگر بہترین طریقہ بوسیلہ تیزاب کے ہے۔ اسمین بہی دو قسم ہین اول طریقہ تر ہے یعنی اگر سونا چاندی کے ساتہہ شریک ہے تو اوسمین اوربہی چاندی گلاکر شریک کیجاتی ہے جب تک کہ نسبت سونیکی چاندی سے ایک اور تین کی ہوتی ہے۔ یعنی ایک جزو سونا اور تین جزو چاندی کا ممزوج تیار کیا جاتا ہے بعد اس ممزوج کو پتلے لوح یا ورق کے شکل مین تیار کرکے شوریکے تیزاب (نیٹرک ایسڈ) میں جوش دیتے ہین۔ شورہ کا تیزاب کل چاندی کو حل کرتا ہی اور خالص سونا شیشے مین رہجاتا ہی۔ اور دوسرا طریقہ گندہک کے تیزاب (سلفیورک ایسڈ) کا ہی اور یہہ طریقہ ارزاں تر اور آسان تر ہے طریقہ ہیچ سے ہے۔ اس طریقہ مین قدیم دستور یہہ تہا کہ کہ سونے اور چاندیکے وزن مین فرق رکہنین فقط تین یا چار برابر اوسکا ناصاف سونیکے چاندی شریک کردیجاتی ہے (یعنی گلاتے ہے) اور اس ممزوج نقرہ و طلاکو گندہک کے تیزاب مین جوش دینے سے چاندی حل ہوجاتی ہی اور سونا باقی رہجاتا ہی۔ چہان لینے سے سونیکی خاک الگ کرلیکے گلا لیتے ہین اور اوس محلول مین تانبے یا لوہے کے ٹکرے

نکار نگار اسپاب . ممزوج سونے کو مخصوص طریقون سے خالص سونے کی رنگت پر لاسکتے ہین یعنی بعض دواؤن اور تیزابون کے استعمال سے اوسکے اوپر کی سطح کا تانبا حل ہوجاتا ہی اور خالص سونا رہجاتا ہی بعد جلا کرنے سے مثل زر خالص کے اوسمین آب وتاب آتی ہے —

(۳۲) سونا ملمع کے کام مین بافراط صرف ہوتا ہی اور یہہ ملمع یا ورق سے ہوتا ہے یا بوسیلۂ قوۃ کہربائی کے اور شیشے یا چینی کو سونے یا دوسرے قرمزی رنگ سے رنگا جاتا ہی ممزوج طلا اور رنگ سے ہی — راقم میرزا مہدی

ادب

سوسائٹی (انجمن) یا کلب

ہر ملک کے لئے نہایت ضرور ہے کہ وہان عمائد اور امرا کے چند سوسائٹیان ہون یا کلب ہون ہندوستان مین یہہ امر مروج ہو گیا ہی گو ابہی وہان بہی اعلی درجہ کے سوسائٹیان بہت ہی کم ہین مگر امید قوی ہے کہ رفتہ رفتہ وہ اپنے فرائض منصبی کو پورا کرینگے اور کہتے ہین کہ — ضرب المثل ہے — کہ کار ساختنی کچہہ کرنا کہ ہم یہہ کہہ سکینگے کہ این ہمہ شنیدہ ناست مگر وہ ملک یا شہر جسکے کان نے کبہی سوسائٹی کا لفظ نہ سنا ہو ہمکو اس سے کیا امید ہو سکتی ہی کہ وہ اسکے فوائد اور نتائج کو سمجہے گا — دیکہو ہمارے اس شہر مین بعض مہذب اور نیک اندیش حضرات نے کچہہ کچہہ اسکی بنا ڈالی ہین مگر جب تک یہان کے امرا اور عمائد کو اسطرف رغبت نہو کچہہ امید نہین ہو سکتی کہ یہ سوسائٹی کے کام اعلی درجہ کی ترقی کر سکینگے —

میں چاہتا ہون کہ سوسائٹی کے فوائد اور نتائج کو بالتصریح بیان کرون مگر جب یہان کی سوسائٹی کے ممبران کے رجسٹر کو دیکہتا ہون تو ہمت پست ہو جاتی ہے کیونکہ یہان

دو پیچون کے ذریعہ سے چلے گا اور ان پیچون پر ایک خاص ساخت کے آلہ سے قوت
دی جاویگی اس جہاز کا وزن باوجود اس بقدر لمبائی چوڑائی کے دو سو سیر ہوگا
اور کہتے ہین کہ یہہ ایک غبارہ وغیرہ سے مختلف ہوگا کیونکہ اگر اس جہاز مین کوئی
چیز ٹوٹ جاویگی تو وہ ایک بارگی گر نہ پڑیگا بلکہ آہستہ آہستہ زمین پر اوتریگا۔

چند روز گذرے کہ مقام وینرسیدت مین و فرانس کے
پاس ایک شہاب ثاقب ٹوٹ کر گرا اور پختہ سڑک مین دور تک دہس گیا۔ اس واقعہ
کو بہت سے لوگون نے ملاحظہ کیا اور بیان کیا کہ شہاب ثاقب مذکور بڑا چمکدار تھا
۔ جب اس آسمانی پتھر کو بغور ملاحظہ کیا تو معلوم ہوا کہ اوس مین ایک مثلث سوراخ
پانچ سانٹ (سانٹ زیادہ ہوتا ہے $\frac{39}{1}$ انچہ سے) کا چوڑا موجود تھا جسوقت
یہہ شہاب ثاقب گرا تھا تو وہان کے آس پاس کی زمین جہان وہ پڑا تھا اوسوقت
جم گئی تھی بعد اسکے ڈاکٹر اسکویر کے روبرو جو ویرناسبرت کے مدرسہ اعلیٰ کے
مدرس تھے یہہ پتھر زمین سے نکالا گیا یہہ آسمانی پتھر مثلث الشکل تھا اور ہر طرف سے
سنگریزہ دار تھا جسکے طرفین ہموار سے اور زردی مائل سرخ اور قدرے
سیاہ رنگ کی تھین۔ اسکا وزن ۵۷۳ گرام کا تھا۔ اسکی تشریح اب کیجاتی ہے

ملک سائبریا یعنی شمالی روس کے ایک ضلع مین جسکا نام ورکوتسک
ہے ایک بہت بڑے گینڈے کا مردہ جسم ملا ہے یہہ جسم ایک دریا کے کنارہ
جو دریا جانا کے متعلق ہے یعنی اوسمین بہکر جاتا ہے ملا ہی اور پانی کی رگڑ سے
کہل گیا تھا۔ اسطرح کہ ۹۹ع مین دریا لینا کے کنارہ ایک بہت بڑے ہاتھی کا
جسم ملا تھا جسکو میمتھ کہتے ہین (یہہ قسم ہاتھی کی اب دنیا مین نیست و نابود ہے)
اور اسطرح سے اب یہہ گینڈا ملا ہے جو بالکل ترو تازہ ہے کہ گویا ابھی مرا ہے

ایک عرق بطور علاج حضور ما تقدم

مرض جا سکاہ آتشک و سوزاک وغیرہ سے بچنے کے لئے تجربہ کیا گیا فی بوتل عا
ایک بوتل چھ مہینے کیواسطے کافی ہے۔ مفصل حال آدہ آنہ کے ٹکٹ کے
بھیجنے سے معلوم ہو سکتا۔ پتہ نمبر ۱۵۰ —

رسید زر از حضرات خریداران معلم

نواب شوکت جنگ بہادر دام اقبالہم	سے/ر
نواب اکرام جنگ بہادر دام اقبالہم	سے/ر
نواب وزارت علیخان بہادر دام اقبالہم	سے/ر
نواب احمد علیخان بہادر دام اقبالہم	سے/ر
مولوی حافظ محمد انوار اللہ صاحب استاد حضرت بندگان عالی حضور پر نور دام اقبالہم	سے/ر
حکیم سید علیخان بہادر میر مجلس صفائی	سے/ر
مولوی محمد حسن عطار اللہ خان صاحب منصرم معتمد صدر المہام عدالت سرکار عالی	سے/ر
مولوی محمد اعظم صاحب ابو الجلال نائب سررشتہ دار دفتر معتمد مالگزاری سرکار عالی	سے/ر
مولوی محمد غضنفر علی صاحب مہتمم دفتر معتمد مدار المہام سرکار عالی علاقہ مال علاقہ تعمیرات عامہ	سے/ر
منشی کشن راؤ صاحب میر منشی دفتر معتمد مالگزاری سرکار عالی	سے/ر
غلام نبی صاحب جاگیردار پولکن پلی	للعہ

فہرست مضامین

قال النبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم إن اللہ وملائکتہ یصلّون

علی معلم الناس الخیر

اس رسالہ کی خریدی جن صاحبوں کو منظور ہو یا کچھ مضامین بھیجنا مد نظر ہوں تو وہ

صاحب بجنسہ مہتمم دفتر سر رشتہ مالگزاری متعلقہ جلسہ خیرخواہ ہنود واقع حیدرآباد دکن کے

نام روانہ فرمائیں

اشتہار

ہمارے تمام ناظرین بلند خیال اور عالی ہمت کو مژدہ ہو کہ آجکل ہمارے کارخانہ مین ایک مصور رشک مانی اور بہزاد موجود ہین جو تصویر روغنی اور آبی نہایت عمدہ مثل تصاویر ولایتی کے تیار کرتے ہین شرح قیمت مندرجہ ذیل ہے جن صاحبون کو اپنی تصویر تیار کرانا منظور ہو وہ اپنا فوٹو بمعرفت ایڈیٹر رسالہ معلم سے رسل و رسایل فرماوین مگر شرط یہہ ہے کہ نصف قیمت پیشگی لیجاویگی۔

روغنی		آبی	
مقدار بلندی تصویر	قیمت	مقدار بلندی تصویر	قیمت
ایک فٹ	[illegible]	۱۲ انچہ	[illegible]
۱۳ انچہ	[illegible]	ایک فٹ	[illegible]
۱۴ انچہ	[illegible]		

اسیطرح بحساب فی انچہ تین روپیہ زاید لیجاوینگے ایک فٹ سے کم بلند تیار نہوگی۔ اور قد آدم تک تیار ہو سکتی ہے۔

اشتہار

مجرب !!!

ادویۂ مندرجۂ ذیل شرطاً تاحصول صحت باداے نقد قیمت لاہور موچی دروازہ میں دار الشفاے حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مالک و مہتمم رسالہ حافظ صحت سے مل سکتی ہین۔

ا۔ روغن دافع سستی و باریکی و کجی مجلوق بچپن کی خرابی سے اگر رگ پٹھی کمزور ہو گئے ہون تو اسکی چند روز مالش سے حالت اصلی پر آتی ہین فی تولہ [illegible] روپیہ

جو اوسکے اوپر واقع ہے۔ کرۂ ہوا کا وہ دباؤ جو کنوے کے پانی کی سطح پر پڑتا ہے
پانی کے ذریعہ سے پسٹن کے تلے تک پہونچتا ہے۔ لیکن یہہ اثر کرہ ہوا کی دباؤ کا
پسٹن کے تلے تک پہونچنے میں اوس پانی کے ستون کے وزن کی وجہہ سے
گہٹ جاتا ہے جو پسٹن کے تلے اور کنوے کے سطح کے درمیان مین واقع ہے
کیونکہ کرہ ہوا کا دباؤ جو کنوے کے سطح پر پڑتا ہی اول اوس پانی کے ستون
کے بوجہہ کو سنبہالتا ہی جو پسٹن کے تلے اور کنوے کے پانی کے سطح کے
درمیان واقع ہے۔ اور پسٹن کے تلے پر صرف اوسقدر زور ڈالتا ہی جو اس
پانی کے ستون کو سنبہالنے کے بعد باقی بچتا ہے۔ اسواسطے جو اثر پسٹن کے
تلے پر پڑتا ہی وہ ویسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ اگر وہ پانی کا ستون جو پسٹن کے
تلے اور کنوے کی سطح کے درمیان مین ہی پسٹن کے اوپر ہوتا اور اوسکو
نیچے دباتا۔ اور نیچے سے کرۂ ہوا کا دباؤ جو کنوے کے پانی کی سطح پر
پڑتا ہے اوس پسٹن کو دباتا۔ پس پسٹن کو نیچے کے طرف دو قوتین
دباتی ہین ایک تو کرۂ ہوا کا دباؤ جو اوس پانی کے سطح پر پڑتا ہی جو پسٹن کے
اوپر واقع ہے دوسرے پانی کے ستون کا بوجہہ جو پسٹن کے اوپر بہرا ہوا
اور دوسرے پسٹن کو کرہ ہوا کا وہ دباؤ اوپر ڈہکیلتا ہے جو کنوے کے پانی کے
سطح پر پڑتا ہی اور بذریعہ اوس پانی کے ستون کے پسٹن کے تلے تک
پہونچتا ہے جو پسٹن کے تلے اور کنوے کے پانی کے سطح کے درمیان
بہرا ہوا ہی۔ اور یہہ ہوا کا دباؤ جو پسٹن کے تلے پر نیچے کے طرف سے پڑتا ہے
او پسٹن کو اوپر اوٹہاتا ہے اوس کرہ ہوا کے دباؤ کو توڑتا ہی جو اوس
پانی کے سطح پر پڑتا ہی جو پسٹن کے اوپر بہرا ہوا ہے اور پسٹن کو اوپر سے

یہہ کل بہت مروج ہے اور اسکے استعمال مین بہت فائدے ہیں - یہہ کل شکل نمبر
۱۵ مندرجہ ذیل سے ظاہر ہوتا ہے -

سکشن پائپ اس کی بناوٹ سیطرح کا فعل ہے جو سکشن پمپ مین ہے - لیکن اسکا
پسٹن ٹھوس ہے اور ایک ہاوس لگو ہے جسمین والو نہین ہوتا ہے

۱۲۷ فورسنگ پائپ ج ج اسی بناوٹ کے اوپر ایک والو
دو والا رکھتا ہے جو اوپر سے کہ پاس کھلتا ہے - جب پسٹن اس کو اوپر اوٹھاتے ہین
تو والو کھلی جاتی اور پانی سکشن پائپ سے پمپ بیرل مین جاتا ہے اور جب
پسٹن اس کو نیچے دباتے ہین تو والو بند ہو جاتا ہے اور پانی پسٹن سے دباؤ
والو دو میں زور سے گذر کر فورسنگ پائپ میں اوپر چڑھتا ہے - اسیطرح سے
جب تک یہہ پانی چڑھانے کا العمل کرتا ہے تب تک پسٹن کو اوپر حرکت دینے سے
پانی سکشن پائپ مین سے پمپ بیرل مین جاتا ہے اور اسکو نیچے حرکت دینے سے
پمپ بیرل میں سے فورسنگ پائپ مین جاتا ہے -

۱۲۸ اس غرض سے کہ فورسنگ پائپ میں سے متواتر پانی نکلتا
رہے ایک ظرف ہوائی (یہہ وہ ظرف ہے جسمین ہوا بھری ہوتی ہے)
فورسنگ پمپ پر لگا دیتے ہیں - ایسے فورسنگ پمپ کی وضع جسمین ظرف

شکل نشان ۱۸

۴۳ اس جگہ پسٹن ٹھوس ہے اور اوسمین کوئی ویلو نہین ہے
اس مقام پر اس بات کا کوئی سبب معلوم نہین ہوتا ہی کہ کیون پسٹن کے اوپر کی
سطح پانی کے اوٹھانے مین کام نہین دیتی ہے جیسا کہ اوسکے نیچے کی سطح کام
دیتی ہے - چاہئے یہہ تہا کہ جیسے پسٹن کے نیچے کی سطح پانی کو سکشن پائپ
سے کہینچتی ہے اوسیطرح سے اوسکے اوپر سطح پانی کو فورس پائپ مین
ڈہکیلتی - یا یون کہو کہ جب پسٹن نیچے اوترتا تو چاہئے تہا کہ جیسا اوسکے
نیچے کی سطح پانی کو فورس پائپ مین ڈہکیلتی ہے اوسیطرح سے اوسکی
سطح بہی پانی کو سکشن پائپ مین سے کہینچتی - اس تدبیر کو عمل مین لانے کے
لئے صرف یہہ ضرور ہے کہ پسٹن کے سلنڈر کی چوٹی کو بند رکہین اور پسٹن کی
سلاخ ٹھیک ایک سوراخ مین ہوکر حرکت کرے اور پسٹن کی چوٹی
یا سر فورس پائپ اور سکشن پائپ اور کنوئے کے نلے مین برابر ہو سکے -

۴۴ تدبیر مذکورہ بالا کا عمل شکل نشان ۱۹ سے بخوبی ظاہر ہے -

شکل نشان ۱۹

ادب

باقی مقاله گذشته اسباب حقیقیه سعادت و شقاوت انسان

میل انتقاد آثار و اعمال ارباب صنایع و اصحاب اختراعات و عیب خرده گیری در تألیفات و تصنیفات و افکار و خطب حکما و علما و فضلا و بدان داشتن عجیبه مطلب و غرض خواهش اینست که تشجیع کون در افراد انسان نهاده است — و فائدهٔ این میل و ثمرهٔ این خواهش در ترقیات انسانی هزارها مرقی تشویق و از کوشش هزارها متعلم دل سوز بیشتر است — و اگر این میل در افراد این نوع نمیشد مسائل و نتایج و اهمال و تهاون انسانها را فراگرفته عقول سامیه و قرائح ذکیه انسان از ملاحظه نقص و تعیین ناتمامی هیچ گاه به اوج کمالات و ذروهٔ فضائل عروج و صعود نمیکرد — و آثار عظیمه و نتایج جلیله خود و دانش ایشان صورت تمامیت نمی‌یافت — و این صنایع بدیعه و حرف انیقه و علوم دقیقه بعالم شهود جلوه گر نمیشد و تماشای خوانی مقاصد انسانها که معادن اسرار و حکم الهیه است در پهلوی خانهٔ کمون عاطل و باطل مانده بلاثمر و بی فائده میگردید — پس این میل انتقاد و این خواهش خرده گیری دعوت میکند انسانها را بتحقیق و تدقیق و ایشان را بر این میدارد که در صنایع و حرف و علوم و معارف تعمق و تدبر نمایند و تأمل و تهاون ننمایند — و بودن این میل در افراد بشریه برین دلالت میکند که کمالات انسانیه را نهایتی نیست و قدرت بنی آدم را اندازه نمی‌باشد و هر اثری که از انسان سر زند اگرچه در نهایت حسن و غایت اتقان و احکام بوده باشد بنظر تعمق نقاد نکته ور وگذاشته شده است خالی از نقص و عیب و ناتمامی نخواهد بود — ثمرهٔ استعمال این میل اینست که دارای آن بواسطهٔ حسد بلکه از آثار خبیثه نفس

اور آب پاشی کا کام دیتا ہے -

۴۷ "فایر انجن" یا آگ بجھانے کا آلہ ایک دوہرا فورسنگ پمپ ہوتا ہے جسکا ہر ایک اصول مندرجہ بالا پر کام دیتا ہے -

۴۸ اس آلہ کا عام نمونہ شکل نشان ۲۱ سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے -

۴۹ اس آلہ مین "الف" "الف" دو ٹھوس پسٹن ہیں جو یکے بعد دیگرے نیچے اوپر حرکت کرتے ہین اور اوس پانی کو زور سے دباتے ہین جو حسب اصول متذکرہ بالا اوسکے دو نون نلون یا پیپون مین پہنچکر آتا ہے اور پھر یہہ پانی زور سے ایک ہوائی ظرف "دی" مین جاتا ہے - پھر اس پانی کو وہ ہوا جو ظرف مذکور مین بھری ہوی رہتی ہے دباتی ہے اور یہہ پانی زور سے بذریعہ ورسس پائپ "دو" ایک بڑے لنے چمڑے کے سوڈے نل مین جاتا ہے اور اس نل کے سرے پر ایک بڑا فوارہ لگایا جاتا ہے - آگ بجھانے والے اس چمڑے کے نل کو اوس مکان کے پاس لیجاتے ہین جسمین آگ لگی ہوئی ہے اور اوسکو ذریعہ سے پانی کو بڑے بلندی تک چڑھا لیجاکے جلتی ہوی آگ پر پانی چھوڑتے ہین اور اس تدبیر سے آگ بجھجاتی ہے - فقط

شکل نشان ۲۱

راقم محمد حسین

آنقدر خواهش انتقاد را قوت بدهد و حب خرده گیری را بدان پایه برساند که از سرعت
حرکت در عیب جوئی فرصت نظر بحسن او را دست باز نگردد — و بغیر عیب و نقص
چیز دیگری در آثار حسنه ارباب دانش و بینش بدیده غبار آلود حسدش نیاید —
و اگر فساد این میل در قومی عمومی گردد البته فتور همت آن قوم را فرا گرفته افکار رقیقه
و آثار رفیعه و کارهای بزرگ از ایشان ظهور نخواهد نمود — چونکه غایت قصوی و مطلب
اقصی محرک اول هر کسی در ارتکاب اعمال شاقه چه بدنیه بوده باشد و چه فکریه
جلب تحسین و استحصال تمجید است از دیگران — و اگر مدح و ثنا و تحسین و ستایش
در اعمال و افعال زائل شده بغیر از تشنیع و تقبیح اثر دیگری بر آثار انسانیه مترتب
نشود قوای عقلیه انسان از حرکت باز خواهد ماند و قوای بدنیه را وهن و سستی
فرا خواهد گرفت —

میل بقاء اسم بعد از وفات و خواهش پایداری نام پس مردن انسان را بدین
بر میانگیزاند که آنچه در دسترس گذاشته شده است از قوت و توانائی و طاقت همه را
بلا تهاون و بدون مسامحه در استعمال امر بزرگی که فوق طاقت دیگران بوده باشد
بکار برد — چونکه نفس بجالات حیات و حب نام آوری در زنده کافی بودن میدارد
که بقاء نام را پس از مرگ چون نام آوری در حالت زنده کافی بداند و بقدر توهم
امتداد مدت آن ... باید از تحمل لذت مساعی خود را بدون سستی در اکتساب
اسباب آن بکار برد — و بودن این میل در انسان برین دلالت میکند
که این نوع در بقاء و کمال سعادت خود محتاج است بامور بسیار دشوار و افعال
بسیار شاق که هر کس بر آنها قادر و توانا نخواهد شد مگر بدین گونه سببی فعال باشی
شود که خواهش بقاء نام بوده باشد پس از مرگ — و اگر میل بقاء اسم در بعضی

بقیہ مضمون ماخذ العلوم

چوتھا مقدمہ مسلمانون کے تواریخ مین اور حدیثون مین ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام
اور اونکی ذریت کی زبان طوفان کے قبل تک سریانی تھی سوا اسکے حدیث مین
ہے کہ حضرت نوح وحضرت صالح وحضرت ہود وحضرت لوط وحضرت شعیب پدر زن
حضرت موسیٰ وحضرت خاتم پیغمبران علیہم السلام کی زبان عربی تھی لیکن لغتون مین
لکھتے ہین کہ حضرت نوح وحضرت ہود وحضرت لوط علیہم السلام کے نام عجمیہ ہین یعنی
عربی نہین ہین سو میرے سمجھہ مین نہین آتا ان نامون کے وزن اور اشتقاق سے یہہ
عربی ہین تو عجمیہ کیون ہوسکے لگے اور یہہ کہتے ہین بابل کے بنا سے پہلے فصیح عربی
عبری کے وقت مین خلل پڑا اور زبانین اونکی بدل گئین مین یہہ سمجھتا ہون کہ
وہ سب جب وہان سے متفرق ہوے تینون بزرگون کی اولاد کو تین زبانین
کہ جو اصلی تھین ملی پہلے زبان کی بنا اوسکے حروف مفردہ پر ہے اور سلسلہ ابجد کے
ہے اور عوام کے واسطے ہی اور حقیقی زبانین اوسکے قاعدون کے تحت مین
ہین اوسکا نام مین نے فارسی رکھا ہے دوسری زبان کی بنا اوسکی دو حرفی پر ہے
اور حقیقی زبانین اوسکے قاعدہ کے تحت مین ہین اوسکا نام مین نے شرکی رکھا ہے
تیسری زبان کی غالب بنا اوسکی برعایت صنعت قلب سہ حرفی پر ہے اور حقیقی زبانین
اوسکے قاعدہ کے تحت مین ہین اوسکا نام مین نے عربی رکھا ہے اور ایک حرف
تنہا زبان سے نہ نکل سکیگا جبتک دوسرے حرف سے ملایا جاوے اوسکی واسطے
خاصہ الف و واو و یا ہے اگرچہ ان تینون حرفون کے اور سے بھی ہین
اور دوسرے اور تیسرے سے بھی حاصل کرسکے واسطے اور حرفون سے بھی
لا سکتے ہین اور فارسی و ترکی مین فقط لفظ کی تفہیم کے واسطے بہت حرف

اوسمین اوسکا نام آئی دغاری ہو کا شرکی ملس آئی یا رکو سکتے ہین اور دو ماتی
زادہ یعنی ماہ زادہ یہہ نام ترکو سکا ہوتا ہی جو شامیون سے اور اسکو حقیقت ہے اور یا
سلطنت ملتی ماگا۔ اور مغل کی بڑی ماؤن سے ایک الن قوا نام تھی اوسنے اوس
پیٹ کے ظاہر کیا کہ مین برج سے حاملہ ہون اور سورج ہی اوسکی جنی اوسی لڑکی کی
ذریت ہی تاتاریہ و مغولیہ ہین اور مغولیہ کی ذریت سے سلاطین تیموریہ ہین جو دو سو
کئی سو برس ہندوستان کی سلطنت کی اونکو علم ہیئت سے [illegible] باپ سے یہہ شعر فارسی
لکھا ہوا تھا سے اتران بلند بود قدر ترا شانہ را کہ آفتاب قدم ہی بہا تھا یہ [illegible]
عالمگیر اورنگ زیب نے کہ بیٹا لکھا تھا اوس بدعت کو موقوف کیا اون عربیا
قوم کے نام یہہ ہین عاد و ثمود و جرہم اولی سے قوم عاد سے عمالقہ ہین اور فراعنہ مصر
قوم عمالقہ سے اور کنعان ان سبکو عرب بائدہ بھی کہتے ہیں یعنی اونکی اصلی خبرین
اور آثار کچھ باقی نہین ہین کنعانی کو لکھا ہی کہ کنعان بن سام کی اولاد سے
ہین اور کنعانیون کی زبان شاید عربی زبان کے تھی۔ اور کنعان کے
ملک کو فنیقیہ یا فونیقیہ اور غور بھی کہتے ہین اور یہہ کہ کنعان شاید حام کا
بیٹا ہین کی رقم ہم اسکے مخالف ہی اسواسطے کہ حام کی اولاد کو افریقیہ ملا اکثر ان
قومون کی خبر مفصل معلوم نہین لیکن مجملی خبر اوسی زمانہ کے اشعار مین عربی
کے اب تک موجود ہین اور عرب اپنے تاریخون کو اشعار مین لکھتے تھے اور تاریخون
مین درج کرتے تھے خصوصًا لڑائیون کے دنون کو وہ اس فن مین
اور بھی کئی فنون مین ضرب المثل ہین حافظہ اونکا مشہور ہی اور بڑی دلیل
اون قومون کے ہونیکی یہہ ہی کہ اونکا احوال اجمالی قرآن مجید مین مذکور ہی
اور قرآن مجید مین اونہین قومون کا احوال مذکور ہی جنکو عرب بخوبی جانتے تھے

فہرست مضامین

۹ — ماء اللحم بہ بہبول سیوجات و بلاویت کے گوشت سے طیار کیا ہوا عرق نامردی و قراقر شکم و لقوہ و استرخاء و البہ بیا مراقی و خفقان و کمی خون کو کھوتا ہے —
فی بوتل عہ/ —

ایک عرق بطور علاج حفظ ماتقدم

مرض جانکاہ آتشک و سوزاک وغیرہ سے بچنے کے لئے تجربہ کیا گیا فی بوتل عہ
ایک بوتل چھ ہفتے کے واسطے کافی ہے مفصل حال آدہ آنہ کے ٹکٹ کے
بھیجنے سے معلوم ہو سکتا ہے نمبر ۱۵ —

سند یادرزی از حضرات خریداران سلمہم

میر عبد السلام خان صاحب
اول تعلقدار اطراف بلدہ

سلمہ

رسالہ حافظ صحت

(۱) یہ رسالہ عرصہ سے ہر مہینہ کے ۱۵ و ۳۰ کو نکلتا ہے (۲) اسمین حفظ صحت کے
لئے خوراک پوشاک خواب و بیداری اور کثیر الوقوع امراض کے خاص علامات و طریق تشخیص
و علاج و تجربہ ہای انگریزی و یونانی اور اُن تدابیر کا ذکر جو حسب تغیر موسم بطور علاج
حفظ ما تقدم عمل مین لانے سے بیماری رُک سکتی ہے درج ہوتے ہین ۔ (۳) جناب نواب
لفٹننٹ گورنر پنجاب و سرٹری کمشنر و ڈائرکٹر و میڈیکل فیکلٹی و چیف کمشنر بہاولپور و راجہ صاحب
جودھپور و کپورتھلہ و نواب بہاولپور معاون ہین ۔ (۴) قیمت معہ محصول سالانہ کے
لئے دو روپیہ ماہ سے عیسوی مقرر ہین ۔ رسالہ دافع آتشک ۱۲ عدد رسالہ قباحہ مر

المشتہر

حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مہتمم رسالہ حافظ صحت لاہور موچی دروازہ

اشتہار

مجرب !!!

ادویۂ مندرجۂ ذیل شرطاً تا حصول صحت بادای نقد قیمت لاہور موچی دروازہ مین دار الشفا
حکیم غلام نبی زبدۃ الحکما مالک مہتمم رسالہ حافظ صحت سے مل سکتی ہین ۔

۱ — روغن دافع سستی و باریکی و کجی محلہ قاتحریک کی خرابی سے اگر رگ پٹھے کمزور ہوگئے ہون
تو اسکی جلد درستی سے حالت اصلی پر آتی ہین فی تولہ عہ روپیہ ۔

۲ — ادویہ مسور اک و قرحہ کہ جو سالہا سال سے ہو جلد دور کرے فی تولہ صہ روپیہ

۴ — شربت دافع نامردی و رقت منی و جریان و احتلام و ضعف اعضای رئیسہ و معدہ
و کمزوری اعصاب و درد کمر و تاریکی چشم و خشکی بدن و درد سر جو کثرت استجاری
و اقسام فواحش مثل کثرت جماع و اغلام و جلق سے ضعف جگر و کمی اشتہا ہاتھ پاؤن کا
پھولنا و سستی و بیکار بدن و دائمی قبض لاحق ہوئی دور ہوتے ہین فی بوتل للہ روپیہ

حضرت یعقوب علیہ السلام کے بڑے بہائی تہے اور اقوام سامیہ سے تہے سب لڑکے
مگر عرب بنی اسمعیل سے نہیں ہیں اسیطرح سے کوئی پیغمبر یا بادشاہ بنی اسرائیل کا
عرب بنی اسمعیل سے نہیں لڑا تو اس سے صاف اونکی بزرگی ثابت ہے یہہ بڑی دلیل ہے
حقیقت اسلام پر اور یہان عرب سے سوای عمالقہ و فراعنہ و کنعانیون کے مراد ہے
چہٹا مقدمہ سورستان و کنعان کے ملک مین عمالقہ اور کنعانی اور دوسرے
دوسرے قوم اور قبیلہ عرب ضجاعمہ کہ عرب سلیح قوم قضاعہ بن مالک بن سبا یا من مالک
بن عمرو بن مرہ بن زید بن مالک بن حمیر بن سبا سے تہے اور یمن سے جاکے وہان
بسے تہے وہان بستے ہین بنی اسرائیل نے جب اون ملکون مین چڑھائی کی
سوری و کنعانی جو اہل علم و فضل و قوی تہے اپنے ملکون کو چہوڑ یونان کے ملک
مین جا بسے جو لڑے مارے گئے جو رہگئے بنی اسرائیل کے جزیہ گذار ہوے عرب
ضجاعمہ سدا بنی اسرائیل کے مددگار رہتے وہین رہے اور ریاست کرتے تہے تابع مین
بنی اسرائیل اور دوسرے بادشاہون کے جبکہ بنی اسرائیل کا زور کم ہوگیا تب بہی
رہتے بعد اسکے چہ سو یا چار سو برس قبل ہجرت کے جبکہ سد مارب ملک یمن کے
جسکو ملکہ بلقیس یا حضرت سلیمان علیہ السلام نے بنایا تہا بڑی سیلاب سے جسکو سیل
عرم کہتے ہین وہ سد ٹوٹ گئے وہان کے رہنے والے بہاگے اوسمین سے
بنی عمرو بن مازن بن ازد بن عوث بن نبت بن مالک بن اود بن زید بن کہلان
بن سبا تہی اونکو غسان کہتے ہین اسواسطے کہ ایک پانی کا نام شام مین غسان
ہی وہ پہلے وہان جاکے اوترے بعد اوسکے بنی سلیح سے لڑے اونکے
بادشاہ ضجاعمہ کو قتل کیا اونکی جگہون کو چہین لیا تب عرب قضاعہ نے اور رومیون کے
جو شام مین رہتے اور حکومت کرتے تہے اونکو مانا اور قبول کیا وہ غسان سے

اسباب تمدن سے کچھہ واقفیت نہ رکھتے تھے یہان تک کہ شادی بیاہ بھی
نہ جانتے تھے اڑہائی ہزار برس تخمیناً قبل ہجرت کے کچھہ افراد یہان جا کے
بستے وہ بت پرست تھے اونکا رویہ و انتظام اچھا تھا بعد اوسکے مصر سے
اور سوریستان سے جبکہ حضرت موسی علیہ السلام نے اون دونون ملکون پر
حملہ کیا بہاگ کے وہان گئے تب ایک گروہ یونانی سے جب یونانیون پر تنگی
پڑی اور بہت تنگی کی سمندر پار چھوٹے ایشیا جسے اناطولی بھی کہتے ہین
اور یکایک کنارے سے کہ جنوب سمت مین ہے ایک سیکروپس مصری نے دین و شرع
اونکو سکھلایا اور محکمہ اریوپاجس کو قایم کیا اور بلاد اٹکہ مین شہر آتینا بسایا کہ
اوسکے نام سے سیکروپیا کرکے مشہور تھا اور دانوس مصری نے ملک
ارگوس مین فلاحت کو نقل کیا اسیطرح سے اور دین و ہنر سکھلائے کدموس
قدموس صوری نے اونکو انگور بونا اور عمل معادن سکھلایا حروف ہجا سترہ
یا سولہ سوا الف و واو و یا کے اور اوسی سبب سے سولہ یا اونیس حروف
سکھلائے اور اون حرفون کو یونانیون سے رومیون نے سیکھا اب وہ
حرف سارے فرنگستان کے بیچ لکھنے کا دستور دہنے طرف سے بائین طرف
کو اور بائین طرف سے دہنے طرف کو دونون طور سے قدیم سے تھا قیاس
سے بہت دور ہی اسمین کچھہ شک نہین کہ کتابت خط عربی و سریانی و عبرانی
و فارسی و ترکی دہنے طرف سے بائین طرف کو ہی اور ان سب زبانون کی
قدامت مین کچھہ شک نہین جسطرح بولنے مین پہلا حرف مقدم ہے دوسرے پر
اسیطرح سے دہنا مقدم ہے بائین پر سینے مین دیکھو ہاتھہ کا رخ اور سامنا اوسکا
کفدست کیطرف ہی اور یہی احوال ہے اونکا جو اوپر سے لکھے گئے ہین

معدن

کروسین آئیل یا مٹی کے تیل کے کنوئیں

۱ اس صدی کے پہلے سالوں میں بہت بڑے تغیر روشنی
کرنے کے سامان یعنی تیل میں ہوئے ہیں جس سے مکان اور عمارت اور سڑکوں
پر روشنی ہوتی ہے — اور ہر ایک شہر میں ایک ترقی ہوئی تھی جو ظہور میں آئی
تھوڑا عرصہ گذرا کہ تیل جو چند قسم کے سامانوں سے نکالا جاتا تھا سب جگہہ روشنی کے
واسطے مروج تھا اور اسی تیل کی روشنی گھر گھر اور بڑے بڑے مکانوں اور
مقاموں پر ہوا کرتی تھی — بعد اسکے تھوڑی مدت گذری کہ جب یہہ کروسین آئیل
یعنی مٹی کا تیل استعمال ہونے لگا ہے اور اب یہاں تک اسکا رواج ہوا ہے کہ گھر گھر
یہہ تیل جلایا جاتا ہے اور اب اور باقی تیل کا کوئی نام تک نہیں لیتا ہے —
اب بہت جلد اس مٹی کے تیل کا رواج بھی اوٹھ جاویگا اور اسکی جگہہ بجلی کی
روشنی کا رواج ہوجاویگا —

۲ یہہ کروسین آئل یا پٹرولیم یعنی مٹی کا تیل ایک ایسا تیل ہے
جسمیں نہ نباتی اور نہ حیوانی مادہ ہے اور یہہ جانا گیا ہے کہ اور تیل کی طرح
ناریل اور تل وغیرہ سے نکالیجاتی ہیں نہیں نکالا جاتا ہے — مٹی کے تیل کا نام
اصلمیں پٹرولیم رکھا گیا تھا کیونکہ لوگوں کا یہہ خیال تھا کہ مٹی کا تیل پتھر کے چٹانوں
میں سے نکلتا ہے — مگر بعد تحقیقات اور صحیح واقفیت کے اوسکا نام بجای پٹرولیم کے
کروسین آئل استعمال ہوا مٹی کا تیل ایک رقیق شی ہے جو بہت سی گہری تہوں
میں سے نکالی جاتی ہے اور جسمیں بہت تیزی ہوتی ہے — مٹی کا تیل دو اقسام

* پیٹرو یعنی ایک سے پتھر اور دوسرا [illegible] —

جہنم کے سیاحت وسیر مین اور بہو میر شاعر کو بسبب جہوٹ کہنے کے جہنم مین سخت عذاب
مین دیکہا اوسنے اپنی تواریخ لشری مین جو سب احوال اور ملکون کا لکہا ہی اور اپنے دیوتون کے
نام تراشے ہین جنکے تعجب ہوتا ہی شاید امیاربی اسرائیل کے رسالون مین جو یہود
جنگ مین ہار بیٹھے نام اوسی کتاب سے لئے ہین یونانی سب اور اونکی ذریت اور اونکے
حکما کی ذریت سب منقرض ہوگئی کوئی اونمین سے باقی نہین ہے یونانیون کے بعد
رومیون نے نام نکالا۔ روم کا ملک روم بن عیصو بن اسحاق بن ابراہیم
سے آباد ہوا تہا شاید روم عیصو کی اولاد اور اولاد سے ہووے لوگ بہی بنی اسرائیل
کی جڑ ہانی سے اپنا ملک سورستان چہوڑ وہان آ کے بسے یونانیون کے بعد اونہون
نے سلطنت کی اونکی سلطنت مین کچہہ حکما خصوصاً [illegible] اپنے فن مین کامل ہوئے ہین
انہین کے زمانہ مین حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام خدا کی قدرت سے بن باپ کے
حضرت مریم علیہا السلام سے پیدا ہوئے اور مبعوث ہوئے لاکہون بیمارونکو جنکی آنکہہ
بہر کے مور پانی سے دیکہا [illegible] اونکا کپڑا صدق دل سے ہوا اچہا ہو گیا
جسکی آنکہہ کا نشان تک بہی نہ تہا بینا ہو گیا مردون کو بہی [illegible] اسکے حکم سے جلایا جسکا
وصف خدا نے اور خاتم پیغمبران پیغمبر آخر الزمان نے کیا [illegible] اوسکا وصف کہ
میری سی زبان وقلم سے کیا ہو سکتا ہی اون رومیون [illegible] سلطانی جبالت سے
کہین جاری بادشاہی قہہ مین لیکن اونکو بہشت دکہہ دیا [illegible] شہادت سے کہا ہوا سے
حضرت کے حواریون اور اونکے اصحاب [illegible] القاب کو اور اونکی بہت پیغمبری سے [illegible] کیا
اصلی عیسائی کو اتنا شبہ کہا کہ اونکی خون سے ندیان بہادین بت پرستی مین سب بت
پرستون سی بڑہ جڑ کے جب بہت عیسائی مشرف ہو چکی تب اونہی قسم کی بت پرستی نکالی
پیشوایان دین کہ [illegible] کو [illegible] کرنے لگی اب تک یہی احوال ہی (باقی آئندہ) راقم کا [illegible]

اسکو نہیں جنتے ہیں -

۴ ہونا اس تیل کے زمین میں موجود ہونے کی ساخت آس پاس
کی ہوا کے بوسے سے اکثر ہوتی ہے اور بعض وقت اس سے ہی ہوتی ہے کہ گرد و نواح
کے چشمے اور کنوئے کے پانی کی سطح پر ایک قسم کی چکناہی ہوتی ہے - جس جگہ
یہہ تیل ہوتا ہی وہ اکثر نیچے اور دلدلی جگہہ ہوتی ہے اور جہاں کہیں یہ
تیل موجود ہوتا ہے وہاں پانی پر چکناہی اور گندی ہوا اسانی دریافت
ہو جا سکتی ہی - جہان کہیں یہہ علامتین ظاہر ہوتی ہین تو وہاں ایک آلہ جسکو
"ڈیرک" کہتے ہین قایم کیا جاتا ہے اور اوس سے کام لیا جاتا ہی - یہہ آلہ تیل
نکالنے کا جسکو ڈیرک کہتے ہان ایک مثلث ستون کی شکل سے جسکی بلندی ۷۰ یا ۸۰
فٹ کی ہوتی ہی اور نیچے سے اوپر کو مخروطی شکل کا نوک دار ہوتا - ...
آلہ کی چوٹی پر ایک چرخی لگائی جاتی ہی اور اس چرخی پر سے ایک رسی ...
جاتی ہے اس رسی کے چھور مین ایک برمہ کا سا آلہ زمین مین سوراخ کرنے کی
لئے باندھا جاتا ہی اور ایک دوسرا آلہ اس رسی کے ذریعہ سے چرخی قایم کیا جاتا ہی
جو اس برمہ کو زمین کے اندر گھوماتا ہے اور اس برمہ کو پانچ سو یا چھ سو فٹ
زمین مین نیچے گھوساتے ہین یہان تک کہ تیل نکل کر آتا ہے اگر تیل
موجود ہوتا ہے تو وہ فوراً خود بخود اس سوراخ مین ہوکر اوپر اٹھنے لگتا ہے
اس صورت مین صرف اوسکو پیپون مین بھر لیتے ہین - یا بصورت ... کہ
وہ خود اوپر بہہ کر نہین آتا ہی تو اس سوراخ مین اوسی رسی کے ذریعہ سے
جسمین برما بندھا ہوا تھا ڈول بہا لیتے ہین اور تیل کو اس کے ذریعہ سے اوپر
لاسکتے ہین - لیکن اگرچہ بہت سے علامتین پائی جاتے ہین اور ... نکا

یعنی ہائیڈروکاربن سے مرکب ہے - یہہ تیل تمام ہمارے ناظرین کو بخوبی معلوم ہے
کہ ایک شے تجارتی ہے جو تمام ہند میں مروج ہے - اسواسطے اسکے زیادہ
بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے - صرف اسقدر بیان کرنا کافی ہوگا کہ کہاں سے
وہ نکالا جاتا ہے اور کسطرح نکالا جاتا ہے -

۳ مٹی کا تیل اور اسکے بڑے بڑے قطعات زمین میں سے
نکالا جاتا ہے جہاں پتھر کا کوئلہ ہوتا ہے - اور یہاں اسکے جنگلوں کے لکڑیاں وغیرہ
دبے ہوئے ہوتے ہیں - اس قسم کے مقامات جہاں یہہ تیل نکل سکتا ہو دنیا کے
تمام حصوں میں کم و بیش پائے جاتے ہیں - لیکن اب تک یہہ مقامات جہاں سے
مٹی کا تیل بکثرت نکلتا ہی جا سکتا یونائیٹڈ اسٹیٹس میں جو امریکہ میں واقع ہے
دریافت ہوئے ہیں - اور ہندوستان میں سے بھی مقام [illegible]
مشہور ہے تیل کے واسطے ایک عمدہ معدن ہے - بیس برس کے عرصہ سے ان مقامات
کی دریافت ظہور میں آئی ہے لیکن اگرچہ کہ باشندوں کو اس تیل کا علم کئی سو
برس سے بھی پیشتر حاصل تھا - یہہ لوگ اس تیل کو گٹھیا ای اور [illegible] تجارت میں
استعمال کرتے تھے - گٹھیا [illegible] لوگ اس تیل کو اوپر سے لگاتے تھے
اور علاج سے [illegible] اندرونی استعمال کرتے تھے - کم سے کم چالیس برس
آگے سے [illegible] لوگ اس تیل کو گٹھیا ای کے عارضہ میں بطور
دوا کے استعمال کرتے تھے - [illegible] اس تیل کے نکالنے کے واسطے
مقرر ہوتے ہیں [illegible] اس تیل کو برابر ایک وقت معین پیا کرتے ہیں اور یہہ اس
غرض سے پیتے ہیں کہ زکام اور ٹھنڈ ہوا سے محفوظ رہیں اور ان لوگوں کی حالت
تندرستی سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہہ تیل ایک عمدہ دوا ہے اگرچہ اور دوسرے لوگ

اور خراب نکلتا ہے - امید ہے کہ ہندو اور مسلمانوں میں سے کوئی یہ تیل سستا اگر
نکالنے کی کوشش کیجاوے -

۹ افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے ہند میں جو ان دو بڑا سرمایہ
رستے مل سکتے ہیں تو روس میں یہ تیل نکالا جا سکتا ہے اور ایک معتدبہ رقم کثیر ملک
روس کے باہر جاتی ہے۔ یہ نہ ہوتا تو بچ سکتی ہے جس سے ہمارے ملک کے غریب
وغربا پرورش پا سکتے ہیں مگر ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے ملک کے باشندوں کو
ان باتوں کے طرف بہت کم میلان ہے

۱۰ اس موقع پر ایک یاد دہانی ایڈیٹر صاحب ... کا لکھنا واجب ہے
بلکہ خلاف عقل نہیں ہے کہ - چند سو سال سے ہند میں مٹی کا تیل یہ بڑا اور بڑا
قسم کا آنے لگا ہی - اس سے بہتر قسم کا تیل روس سے میں آتا ہے۔ مگر یہ بہت اچھا تیل
فروخت ہوتا ہے جو بہت کم درجہ کا ہی۔ اس واسطے اس تیل کا استعمال کرنا ایک
بہت بڑے خوف کی بات ہی کیونکہ یہ تیل ذرا سی گرمی پاکر بھڑکتا ہے جس سے اڑ جاتا ہی
اور اگر زیادہ ہو تو تمام گھر کو خاکستر کرتا ہی اور آدمیوں کی جان بھی جاتی رہتی ہے -

۱۱ اور ان ملکوں میں جہاں تپش یا گرمی یعنی مقیاس الحرارت
بہت درجہ تک بلند ہوتا ہے اس تیل کا استعمال قطعاً منع ہے خصوصاً ہندوستان
میں اس تیل کا رواج ہرگز نہیں چاہئے کیونکہ یہاں گرمی کا اثر بہت زیادہ وقت
پر رہتا ہے اور اسکے استعمال سے ہزاروں آفتیں پیدا ہوتی ہیں اسواسطے
میں اپنے ناظرین کے خدمت میں التماس کرتا ہوں کہ وہ فوراً اپنے گھروں میں
اس تیل کے استعمال کی سخت ممانعت فرما دیں۔ فقط

راقم محب حسین

عام خواہش کی وجہہ اور باسانی کنووں مین سے نکلنے کے سبب سے ایک
بہت بڑا انقلاب دولت کا اون لوگون مین واقع ہوا ہے جو اسکے کارخانے
کرتے ہیں اور دفعتاً مٹی کے تیل کے کنوے مل آنے سے بہت لوگ زیادہ
مالدار ہو گئے ہین - مقام ”ولینڈ نما“ مین ایک کمپنی اس تیل کے نکالنے
کے لئے قایم ہوئی اور اوسنے بیس ہزار روپیہ کنوون کے کہودنے مین
صرف کئے اور قسمت سے ایک عمدہ تیل کا کنوا نکلا جسمین بکثرت تیل تہا - اس
کمپنی نے ایک ہفتہ کے عرصہ مین بارہ گونہ نفع پر اس کنوے کو فروخت
کر دیا اور اسمین سے نصف تیل لینے کی اپنے واسطے شرط کر لی جسکی آمدنی
اونکو دو ہزار روپیہ روز تاریخ فروخت سے شروع ہوئی - اور وہ غریب
زمیندار جنکو اس زمین سے وقت بسری کے لئے بھی پیدا نہین ہوتا تہا اس
تیل نکلنے کی بدولت ایک بہت دولتمند اور عظیم الشان مالدار ہو گئے -

۷ پچھلے برسون سے یہہ تیل ہندوستان مین بکثرت آنے لگا
سنہ ۱۸۷۶ اور سنہ ۱۸۶۶ عیسوی مین ۵۲۱۵۶۵ گیلن مٹی کے تیل کے ہندوستان
مین آئے اور پہر چار برس بعد ۳۰۲۰۳۱۰ گیلن کی آمدنی ہوئی اور
اسوقت تک روز بروز زیادہ اس تیل کی درآمد ہوتی جاتی ہی اور سال حال
مین تخمیناً چالیس لاکہہ گیلن کی آمدنی ہو گی اس تیل کے عوض مین ہند سے
قریب بیس لاکہہ روپیہ کے ولایت کو جاتا ہی -

۸ مٹی کا تیل ہند مین بہی نکل سکتا ہی اور وہ زمین جسمین
یہہ تیل پیدا ہوتا ہی ملک برہما مین موجود ہے - اس ملک کے بعض مقاموں
مین مٹی کا تیل نہایت عمدہ قسم کا نکلتا ہے اور دوسرے مقامون مین گاڑہا اور

حفظ صحت

آنکھون کی بینائی قایم رکھنے کی ترکیب

اگر آدمی ایسے آنکھون کی حفاظت کرتے ہین اور انکی آنکھین مرتے دم تک صحیح و سالم رہتے ہین اور بہت سے ایسے لوگ بھی ہین جو ایسے آنکھوں کی احتیاط نہین کرتے ہین اور اوسکے استعمال مین کسی قسم کی خبرداری کو کام مین نہین لاتے ہین - ایسے بے احتیاط لوگ اخر الامر اپنے آنکھوں کی روشنی سے اور اسکے بینائی چشم سے ہاتھ دہوتے ہین آنکھون کو صحیح و سالم رکھنے کے لئے حکمار نے جو قواعد معین کئے ہین انمین سے چند اور مختصر بذریعہ ناظرین کرتا ہوں -

(۱) تیز روشنی سے پرہیز کرنا چاہیئے (۲) ایکبارگی روشنی مین سے تاریکی مین اور تاریکی مین سے روشنی مین چلے جانا نہاں چاہیئے اور جب گرم ہو تو دفعتا سردی اور جب سرد ہو تو دفعتا گرمی سے پرہیز کرنا چاہیئے (۳) آنکھوں کو صاف رکھنا چاہیئے اور اوسکو تازہ پانی سے جو نہ گرم ہو اور نہ سرد دہونا چاہیئے - (۴) روزہ دار آدمی کا لعاب دہن آنکھون آنے کی بیماری مین مفید ہے - اگر جاگنے کے بعد اپنے جھولی کو زبان سے چاٹ کر آرام کرے ہمیشہ کیونکہ لعاب دہن مین خدا وند تعالی نے شفا کرنے کی بہت بڑی تاثیر رکھی ہے - اسواسطے اگر تمہارے آنکھون مین جلن ہو تو اسکو چاہیئے کہ اپنی انگلی دہو کر تر کر کے آہستہ آہستہ آنکھون پر پہیرو - لیکن آنکھون کو ہرگز ملنا یا دبانا نہین ورنہ ضرور آنکھون کو نقصان پہونچے گا - (۵) بال یا تنکے کو آنکھ مین ہرگز نہین رہنے دینا چاہیئے اگر آنکھ مین بال یا تنکا چلا جاوے تو چاہیئے کہ تازہ پانیکو آنکھ میں اسطرح سے پہیرین کہ وہ بال یا تنکا تیرنے لگے اور پہر آہستہ آہستہ

(۱۳) ایسے کمرون یا مکانون مین رہو جہان کہ کافی روشنی ہو اور روشنی تمام
کمرہ مین یکسان ہو - اپنے آنکھون کو لیمپ روشنی اور ہوا کا عادی رکھو - جو لوگ
تنگ اور تاریک کمرون اور کوٹھریون مین رہا کرتے ہین وہ اپنے آنکھون کی رگون
(آپٹک نروس) کو جنکے ذریعہ سے وہ دیکھتے ہین ایک بہت بڑا نقصان پہونچاتے ہین
(۱۴) بہت زوردار منعکس شعاعون سے پرہیز کرنا چاہئے خصوصاً اون شعاعون
سے جو سفید اجسام مثل سفید دیوارون کہریا مٹی کے پہاڑیون وغیرہ سے
منعکس ہوون کیونکہ سبز رنگ شعاعون کو بالکل صدمہ نہین کرتا ہے حالانکہ دوسرے
رنگ شعاعون کو بہت صدمہ کرتے ہین - (۱۵) اپنے آنکھون کو دور اور نزدیک
کے مختلف چیزون کے دیکھنے کا عادی رکھو کیونکہ اس طریقہ سے تمہاری آنکھین
دونون قسم کی چیزون کو دیکھنے کی عادی رہینگے اور اونکی حرکت آزادانہ ہوگی
اور اگر تم نزدیک ہی کے چیزون کو دیکھا کروگے تو تم کوتہ نظر ہو جاوگے یعنی دور کی
چیزین اچھی طرح نہین دیکھائی دینگے اور علی ہذا القیاس اگر صرف دور ہی کی چیزون
زیادہ دیکھوگے تو نزدیک کی چیزون کے دیکھنے مین دقت ہوگا - (۱۶) چاہئے
کہ کمرون کے کواڑون کے آئینے اور دیوارون کے کاغذ بہت تیز رنگ کے
نہون اور مناسب یہہ ہے کہ مکانون مین جو آئینے لگائے جاتین وہ سبز اور آسمانی
رنگ کے ہوون سرخ رنگ کے آئینے لگانے سے آنکھون کو نقصان ہوتا ہے
(۱۷) چیزون کو ترچھی روشنی مین دیکھو تاکہ آنکھون پر روشنی کی سیدھی شعاعین
نہ پڑین جس سے آنکھہ چوندھیا جاتی ہین - (۱۸) عینکون کے شیشے زردگون
نیلے رنگ کے ہونا بہت مناسب ہین (۱۹) جب تم لکھو یا پڑھو تو کاغذ پر
بہت تیز روشنی نہ پڑنے دو - (۲۰) اعتدال مزاج سے آنکھون کو ٹھنڈا رکھو اور

انسان واحد را اگر کسی ملاحظه کند خواهد دید که آن انسان واحد عبارتست از عناصر که
تأثیر هر یکی از آنها متضاد تأثیر دیگریست و مؤلف است از اعضا و جوارح که اشکال
و هیأت هر واحدی از آنها مباین و مخالف آخریست و روح حیات آن مختلفات را
بصورت «وحدانیة» در آورده و تأثیرات گوناگون آنها را از برای استحصال مقصد
واحد که مقصد کل است بکار برده و هر یکی از آن متضادات را خادم هیئت مجموعه
قرار داده و حرکات مختلفهٔ آنها را بوحدت نتیجه متحد و ملتئم گردانیده و هر عضوی را
بخدمتی مخصوص و هر جارحه را بکاری جداگانه داشته و آن هر اسبابی که جلب مرغوب باشد که
باعث پایداریست و دفع منفور را که موجب تفرق اتصال است اعضا و جوارح ظاهره
و باطنه را بکار برده است تا آنکه این واحد بوحدت شخصیه یعنی این مجموع مختلفات که
اسم آن انسان واحد است تواند زمانی در دائرهٔ هستی پایداری کند —
و هر قدر که آن روح الحیات در قوت و برومندی خود بوده باشد التیام و ائتلاف آن
متبائنات روی بازدیاد آورده اتحاد آن حرکات مختلفه و استحصال نتیجهٔ واحده افزونی
خواهد پذیرفت بلکه اجزاء عنصریه خارجیه نیز بسبب جذبهٔ روح حیات با اجزاء داخلیه
متحد شده در ادار وظائف و اعمال آنها مشارکت و مساوقت خواهد ورزید —
و چون روح حیات روی به نقصان آورد اندک اندک آن التیام و ائتلاف متبائنات
پذیرفته آن اتحاد باختلاف مبدل خواهد شد تا آنکه بعد از مرور زمان قلیلی بالمرّه
آن اجزاء و عناصر متلاشی گردد و آن انسان واحد که عبارت از هیئت مجموعه است
نیست و نابود شود — اینست سبب وحدت شخصیه در عالم انسانی و اینست موجب
زوال آن. پس از این واحد بوحدت شخصیه واحد بوحدت جنسیه است و روح حیات
این نوع بشری قرابت قریبه است و بدین جهت جامعه اشخاص متعدده با اختلاف طبایع

و جمع کثیر را بیکدیگر مربوط سازد از دو قسم خالی نخواهد بود یکی همین وحدت لغت است
که از آن بجنسیت و وحدت جنسیت نیز تعبیر می شود و دیگری دین و هیچ شکی نیست در این
که وحدت لغت یعنی جنسیت در بقا و ثبات در این وارد نیا از وحدت در دین
اقدم است زیرا که در زبان قلیلی تغیر و تبدل نمی پدید و بخلاف آنها از بسیست
که می بینیم جنسی را که عبارت از اهل لغت واحده بوده باشد در ظرف هزار سال
و دو سه بار دین خود را تغیر و تبدیل میکنند مثلاً آنکه در جنسیت ایشان که عبارت
از وحدت لغت باشد خللی حاصل نشود بلکه میتوان گفت ارتباط و اتحادیکه از وحدت
لغت حاصل می شود اثرش بیشتر است از ارتباط دینی در غالب امور و شواهد
از آنست که یونانی نصرانی را می بینید که بسبب وحدت جنسیت با فلاطون و ارسطو
و بقراط بت پرست افتخار کند و لکن نصرانی هندی الاصل را هرگز شایان
نیست که بسبب وحدت دینی به نیوتن و گلیلو نصرانی مباهات نماید — و اینست
وحدت جنسیت که باعث آن وحدت لغت است اجانب را اندک در [illegible] نموده
و اهل کرده تا آنکه عشایر متحده که بدان وحدت متصف بوده اند سرند
و منزلت و قدر ایشان در میانه سایر اجناس بهر نوع از علوم و معارف گردد
و متفرق و اجانب حکم منزلت و علو مرتبت ایشان را دیگر قبائل و [illegible]
اذعان نمایند و چون عشایر متصفه بدان وحدت بدین پایه برسند بواسطه
قوای مجتمعه جمیع آن امور یکه در وارد دنیا معادات شمرده می شود لا محاله ایشان
را دست یاب خواهد گردید و این همه مزایا [illegible] جنسی که عبارت از وحدت
لغت است در آن وقتی مترتب خواهد شد که لغت آن جنس از الفاظ وحدت
او [illegible] دست کافی از برای حفظ و صیانت آن کافیه بوده باشد و لغت کافی

صناعات و خطوط طبقات را اعم از اینکه بوده باشد زیرا آنکه این صناعات و خطوط
صورت هستی بیابد که [illegible] را استفاده تا به افاده و استفاده بدون
لغتیکه حاوی اصطلاحات لازمه و کلمات ضروریه بوده باشد از جمله محالات است
پس اول فرمان دانایان جامع جنسیت اینست که در توسیع لغت جنس خود با
کوتاهی نورزند و تحسین واجب بر ذمت ایشان اینست که بر حسب اقتضای صناعات
طبقات الفاظ را در معانی متعدده با ملاحظه مناسبت معنی حقیقی استعمال نمایند
و کلماتی چند لفظ و یا چند لفظ را باهم مرکب کرده در محل ضرورت بکار برند و از لغاتیکه
با لغت خود با مناسبت تامه دارد کلمات را باقتضای حاجت گرفته در محاورات
خویشتن داخل کنند و چون [illegible] از لوازم طبقات اجنبیه صرف استعمال
جویند و لکن بشرط آنکه الفاظ ماخوذه را بپیرایه لغت خود در آورند تا وصف بیگانگی
از آنها ظاهر نشود — و البته اگر عارفان بمزایای جنسیت بدین گونه رفتار نمایند
لامحاله پایهٔ صناعات و خطوط طبقات جنس محکم و استوار خواهد گردید و چون پایهٔ صناعات
طبقات جنس محکم گردد بلاشک آن جنس باعلی درجهٔ کمال رسیده افراد آن جمیع
مزایا و همگی سعادات عالم انسانی را استحصال خواهند نمود — و از این تقریر دانایان
معنی جامعیت و عارفان مزایای آن را بخوبی ظاهر و آشکار گردید که تعلیم و تعلم علوم و
معارف و افاده و استفاده فنون و صناعات طبقات جنس باید بلغت آن جنس
بوده باشد تا آنکه جنسیت قوام پذیرفته ثابت و پایدار گردد و سعادت دنیویه حقیقیه که
آثار جنسیت است آحاد آن جنس را دست یاب شود — و بجهت فهمیدن عامهٔ خلق
مجددا هم این مطلب را بعبارت اخری بیان کرده میگوییم چون علوم و معارف و فنون
و صناعات انسانی قومی از اقوام و جنسی از اجناس بوده باشد البته اساس آنها

نہیں اوسکا نہ ٹھوس ہوا اور نہ پھوکل ہو یہہ زمین سب زمینوں سے عمدہ ہوتی ہے
بیوشاوے نے کہا عمدہ زمین وہ ہے جسکا رنگ بنفشہ کا سا ہو جسکو بینسجی کہتے ہیں
اور اکثر اس رنگ کی زمین وہان ہوتی ہے جہان پر ایک مدت تک پانی کھڑا رہتا ہے
اور پھر وہان سے سرک جاوے اوسوقت یہہ رنگ پیدا ہوتا ہی اس مٹی کا مزہ تہہ
شیرین ہوتا ہے —

خلاصۃ الفلاحہ مین ہے کہ جب کسی زمین مین بارش کا پانی ٹھہر جاتا ہے تو وہ اوپر کی
زمینون سے چکنائی بہا کر لاتا ہے اسوجہ سے وہ زمین کی رنگ کو سیاہ کردیتا ہی
بنفشہ کی طرح جب ایسی سیاہی زمین پر ظاہر ہو تو سمجھنا چاہیے کہ وہ زمین چکنی ہے
مگر بہت چکنا ہونا بہتر نہین ہے اسیطرح پر بالکل کھری زمین اور پتھریلی بھی بہتر
نہین ہے اور یہہ دیکھنے سے معلوم ہو جاتا ہے —

بیوشاوے کہا ہے عمدہ زمین کے قریب وہ زمین ہے جس کا رنگ بہت تیرہ ہو
اور اوسمین خلل نہ ہو اور اوسکی مٹی کا مزہ شیرین ہو کوئی مزہ اور اوسمین مزہ
اور قریب تر اس زمین کے وہ زمین ہے جسکو حضرت آدم علیہ السلام نے گندم کہا ہے
ایک مدت اوسکی یہہ ہے کہ وہ نرم اور ملایم ہوتی ہے اور جب سخت جاڑا اور مینہ
پڑتا ہے مثلاً برف گرنے کے بعد تو اوسکا ظاہری سطح نہین بدلتا اور جب آدمی
اوسکے ڈھیلے کو توڑے تو جلد ہی ٹوٹ جاتا ہے اور قریب اس زمین کے
وہ زمین ہے جس کو شدید کہتے ہین اور اوسکا رنگ ہلکا تیرہ مایل بسفیدی ہوتا ہی
نہ ایسی سفیدی جیسے کپڑے کی ہوتی ہے بلکہ سفیدی اور تیرگی کے بیچ مین اور یہ
صلابت کم ہے اسمین کھیتی ہوتی ہے اور ہل آسانی سے چلتا ہی مگر ایسی زمین
درخت لگانے کے مناسب نہین ہی البتہ کھیتی اوسمین خوب ہوتی ہے اور صنوبر کے

ہاتھوں میں چپک رہے جب کوئی اوسکو چہوڑ دے بلکہ فقط پانی پڑتا جاوے وہ اوسکو
پیتی جاوے اور جب پانی تہم جاوے تو اوسکے سطح پر سفیدی نمود نہو یہ اسلئے کہا
کہ بعضی قسم کی زمینیں جو عمدہ نہیں ہوتیں اون پر بارش کے دوسرے یا تیسرے
روز ایک قسم کی سفیدی نمود ہو جاتی ہے جیسے کسی نے آٹا چہڑک دیا ہے یہ زمین
عمدہ نہیں ہوتی اور ایک علامت عمدہ زمین کی یہ بھی ہے کہ سخت جاڑوں میں
اوس پر ایک چیز مثل نمک ہوتی ہے کہ سوا اوسکے نہیں ہوتی — ایک امتحان عمدہ ہونیکا
غیر عمدہ سے یوں کر سکتے ہیں کہ اوسمیں سے سیر یا ڈیڑھ سیر مٹی لیں اور نئی
ہانڈی میں اوسکو رکھکر ہانڈی کا موہنہ خوب بند کرکے اوسی زمین میں ایک گڑہا
تین یا چار ہاتھ کا کہود کر ہانڈی کو اوسمیں گاڑ دیں اور چودہ روز تک یوں ہی رہنے دیں
بعد چودہ روز کے اوس گڑہے کو کہولیں اور ہانڈی کو دیکھیں اگر اوسکا اوپر کا
سطح نیچے آیا ہو تو ہانڈی نکال لیں اور جو نہ بیٹھا ہو تو پھر گڑہا بند کر دیں اور سات
روز تک رہنے دیں اور خوب مٹی اوپر سے چھپا دیں بعد سات دن کے پھر اوسکو کہولیں
اور ہانڈی کو کہولکر دیکھیں اگر اوسمیں کوئی کیڑا پیدا ہو گیا ہو تو اوسکا رنگ دیکھیں
اگر سیاہ یا نیلا سبز ہے تو وہ زمین عمدہ نہیں ہے اور اگر سرخ یا زرد یا پیلا یا ہلکا
سبز یا سفید ہو تو وہ زمین عمدہ ہے پھر اوس مٹی کو جو ہانڈی کے اندر تھی سونگہیں
اگر اوسکی بو ویسی ہی ہو جیسے کہ گڑہے سے نکالنے سے پہلے تھی یا اوسکے قریب قریب ہو تو
باقی آئندہ —

راقم وحید الزمان

نباتات

سورج مکھی

اس پھول کو سورج مکھی اسوجہ سے کہتے ہیں کہ وہ سورج کی طرف

ڈنڈیاں اس سے بنتے ہیں چھت پاٹنے میں بجائے دھنیوں کے کام میں آتا ہے۔ بانس کے
جہازوں کے مستول اور ناؤ کے لگے اور کشتیاں کھینے کی بلیاں اور کشتیوں کے اوپر چھپر کی
جگہیں تیار ہوتی ہیں۔ چھوٹی ندیوں اور دریا کی شاخوں پر پل باندھنے کے کام میں آتا ہے۔
بانس سے باڑھ اور جالی بنائے جاتے ہیں۔ آب پاشی کے لیے پانی دینے کے کام میں آتا
اوس سے جھنڈا اور نشان بنائے جاتے ہیں۔ بانس سے بہت زراعت کے آلات تیار ہوتے ہیں اور
ڈولیاں اور چھکڑے اور چھوٹی چھوٹی گاڑیاں اور تابوت اور ٹٹیاں بنائے جاتے ہیں۔ پنکھے
کھلونے صدہا طرح کے بانس سے بنائے جاتے ہیں۔ اور حقہ اور برچھیاں اور تیر اور کمانیں
اور لاٹھی اور رسے اور پچکاریاں کاٹنے کے چھریاں بانس سے تیار ہوتے ہیں۔ بانس کی تیلی
پونگیاں انگریزی سی قلم کے لکھنے کو کام میں آتے ہیں۔ اور ستار اور بین کے آلات
کے دستے اس سے تیار ہوتے ہیں۔ بانس کی پونگیوں میں بطور صندوق کے چھوٹی چھوٹی
چیزیں رکھ کر دور دور دراز جگہوں کو روانہ کرتے ہیں۔ جسٹینین کے زمانے میں ریشم کے کیڑوں
کے انڈے بانس کی پونگیوں میں رکھ کر چین سے قسطنطنیہ کو آئے تھے۔ بانس کی پونگی ایک بوتل
کا کام دیتی ہے اور … ان میں ایک بانس کی پونگی کا ٹکڑا عرقیات یا رقیق چیزوں کے
ناپنے کے کام میں آتا ہے۔ اور بانس کی پونگی پیالے کا اور عرق کھینچنے کے آلات مثل قرع نبیق
کے تیار ہوتے ہیں۔ اور بانس کی ایک پھانک ایک طرف چیرنے سے چمٹے کا کام دیتی ہے اور اوس سے
… کچھ … اٹھا سکتے ہیں۔ اور بانس کی ایک پتلی کھپچ ایسی تیز ہوتی ہے کہ اوس سے چاقو
یعنی بانس کے چھلکے اور پتے سے چھیل سکتے ہیں۔ بانس کی شاخ ایسی سخت ہوتی ہے کہ وہ سلی یا چھریاں
تیز کرنے کے پتھر کا کام دیتی ہے اور اس پر کسان اپنے ہنسیے اور کھرپی تیز کر لیتے ہیں۔ بانس کا درخت
بہت جلد بڑھتا ہے۔ ڈاکٹر جان ڈیوس صاحب نے ایک بانس کے درخت کو صرف چھتیس گھنٹے میں
چودہ انچ بڑھتے ہوئے دیکھا۔ فقط راقم محب حسین

ہندوستانی صنعتون کی نمائش شہر کلکتہ میں ہوگی مجلس منتظمین کے ممبر مسٹر اسپر مل سے
پر بسبب مقرر ہوئے ہیں حالانکہ اشیاء مصنوعہ پہلے نومبر کے قبل کلکتہ میں پہونچ جاینگی
نمائش گاہ ایک ماہ تک کہلی رہیگی —

سنا جاتا ہے کہ جناب حضرت قیصر ہند نے ارل بیکنسفیلڈ کی سخت
علالت کی خبر سنکر مزاج پرسی کے واسطے اونکے مکان پر جانے کا اور اونکو دیکھنے کا
ارادہ کیا لیکن طبیبون کی رائے ہونے سے اس ارادہ سے باز آئین کیونکہ طبیبون نے
اسبات کا خوف کیا کہ اونکو اس بیماری کی حالت میں اس بڑے عزت پانے سے ایک
جوش ہوگا وہ ضرور ہوگا جو کوئی نقصان پیدا کریگا —

دو ہفتہ گذرے کہ جزیرہ کیوس میں جو بحر الجزائر میں ہوا ایک
زلزلہ واقع ہوا تہا سنتے ہیں کہ تقریباً تمام قصبہ کیوس اور آس پاس کے دیہات زلزلے کے
صدمہ سے غارت ہو گئے جو مراسلہ سرکار یونان سے آیا ہے اوس سے تعداد مردون
اور صدمہ رسیدون کے تخمیناً ہزار معلوم ہوتے ہین اس زلزلہ کا اثر شام اور دیگر مقامات
مین بہی معلوم ہوا ہے — طلیہ سے جو تار آیا ہے اوس سے معلوم ہوتا ہے
کہ دوسرے روز بہی جزیرہ کیوس میں تازہ زلزلے واقع ہوئے اور وہاں کے
باشندے جہازون پر سوار ہو رہے ہیں —

سنا ہے کہ صوبہ جات سیویل — غرناطہ — قرطبہ اور دیگر
صوبہ جات جنوبی ملک اسپانیہ طوفان اور آندہی سے برباد ہو گئے ہین اور لاکہون
روپیہ کے قریب وہان کے باشندون کا نقصان ہوا ہے —

فہرست مضامین

کسیقدر بھاری ہے اور ایک سو مکعب انچ اس گیس کا ۴۳ گرین پہر وزنی ہوتا ہے
خواص اس گیس کے یہہ ہین کہ وہ شعلہ پذیر ہوتی ہے یعنی فوراً جلتی ہے اور ہوا
اسکو دم کے وسیلہ سے کہا تا ہے —

۳ پانی تین حالتون مین پایا جاتا ہے یعنی یا رقیق یا منجمد یا بشکل
ہوا (بخار) ہوتا ہے — کرہ زمین کی سطح پر پانی بخاری یا ہوائی حالت مین بکثرہ
پہیلا ہوا ہے — لیکن چونکہ پانی بخاری یا ہوائی حالت مین ایسا اچھی طرح سے
نہین ہوتا ہے جیسا کہ وہ دو حالتون دوسری یعنی انجمادی اور رقت کی حالت
محسوس ہوتا ہی اسواسطے اوسکو سوای اون لوگون کے جو علوم و فنون سے
واقف ہوتے ہین اور کوی شخص نہین معلوم کر سکتا ہے —

۴ جب پانی بالکل صاف ہوتا ہی اور کوی چیز ذرا بہی اسمین ملی
نہین ہوتی ہے تو وہ بے ذایقہ ہوتا ہے لیکن وہ اپنی طبعی حالت مین اسی
جسطرح سے کہ وہ قدرتی طور پر کنوون اور چشمون اور دریاؤن مین بہرا ہوا ہے
ہرگز صاف نہین ہوتا ہی — کنوؤن اور چشمون کے پانی مین جو زمین سے نکلکر
آتا ہی وہ نمکین اور خاکی اسباب شامل ہوجاتی ہین جو قابل حل ہوتی ہین — کیونکہ
اسمین نہین ہے کہ زمین کے وہ اجزا جو پانی مین حل ہونے کی قابلیت رکہتی ہین
ضرور اوسکے پانی مین کم و بیش مل جاتے ہین اور [illegible] ان
اوسمین ہوکر بہتا ہے — دریا کے پانی مین ضرور کم و زیادہ وہ اجزا قابل انحلال
شریک ہوجاتے ہین جو دریا کے سوت کا کنارہ اور اوس زمین مین ہوکے
سے دریا بہتا ہی علاوہ اسکے [illegible] پانی مین اون مختلف مرے ہوے جانورون
اور پیڑ پودے ہوے نباتات کے اجزا ہی قابل التحلیل بہ یک ہوجاتے ہین جو ہوا سے

پانی کے تین حالتین
یعنی منجمد اور بخار

پانی اکثر صاف نہین
ہوتا

ہم نے آگے بیان کیا ہے کہ سونا چاندی کے ساتھ شریک پیدا ہوتا ہے جسمیں سونے کی
مقدار چاندی سے زیادہ ہوتی مگر اب بھی اکثر ہوتا ہے کہ ایک معدن میں چاندی سونے کے
ساتھ ممزوج پیدا ہوتی ہے جسمیں چاندی بہت زیادہ ہوتی ہے —

ف ۲۷ معدنیات چاندیکے بہت سے ہیں مگر اکثر ان میں سے ایسے ہیں جنمیں چاندی
گندہک کے ساتھ مرکب ہے اور دوسرے فلز بھی کبھی کبھی چاندی کے معدنی میں شریک
پائے جاتے ہیں — چاندی کلورین اور برومین اور آیوڈین کے ساتھ مرکب پیدا
ہوتی ہے — اور سیسے کے معدنی میں گلینا میں اکثر شریک رہتی ہے اور بہت
کثرت سے سیسے کے ساتھ استخراج کیجاتی ہے —

ف ۲۸ چاندیکے معدنی بہت سے ہیں مگر جو معروف ہیں وہ یہہ ہیں سلفر گلانس
جسمیں (۸۷) فیصدی چاندی نکلتی ہے اور اسٹفنیٹ جسمیں (۷۰) فیصدی چاندی
ہے (اور یہہ دونون گندہک اور چاندی کے مرکب ہیں) اور ہارن آر یعنی سینگ
نقرہ یا قرنی بھی کہتے ہیں (۷۰) فیصدی چاندی رکھتا ہے — اور کلوراید آف سلور
جسمیں (۷۵) فیصدی چاندی نکلتی ہے — مخفی نرہے کہ یہہ مقدار چاندی کی جو ہم نے
بیان کی عمدہ اور پاک معدنی میں ہوتی ہے اور جو خراب اور کم یاب معدنی
ہوتے ہیں ان میں اس سے بہت کم چاندی پیدا ہوتی ہے —

ف ۲۹ ممالک میکسیکو اور امریکا میں چاندیکے معادن عیسوی سولہوین
صدیمین پیدا ہوئی تھی ایک زمانہ دراز سے سیم خیز ملکوں میں اول درجہ ہوتی ہے
مگر ۱۸۵۹ع میں نواڈا اور اوسکے گرد و نواح کے اضلاع میں جو معادن چاندیکے
پیدا ہوئے ہیں مگر میکسیکو کے چاندی کے معادن کے برابری کرتے ہیں — ان دونوں
ملکوں میں جتنی چاندی نکلتی ہے تین چوتھائی (۳/۴) تمام عالم کے کل چاندی کے

پیدا وار سے کے ہے - بعد اسکے قدیم معادن پیرو اور بلیویہ کے ہین - پیرو مین
دو بڑے سام ہین ایک کا طول تین ہزار دو سو گز ہے اور عرض ایک سو تینتیس گز
اور دوسرے کا طول دو ہزار ایک سو چھبیس گز اور عرض ایک سو تیس گز ہے -
یورپ مین اسپین یعنے اندلس چاندی کے معدن کے لئے نہایت مشہور ہے - بعد اسکے
ممالکت آسٹریا اور بعد جرمنی اور روسیا اور انگلستان ہین - دوسرے ملکون مین
بھی چاندی کس قدر پیدا ہوتی ہے مگر اتنی چاندی کہین نہین نکلتی -

ف ۳۳ چاندی کے نکالنے اور استخراج کے طریقہ متعدد ہین - سب سے قدیم طریقہ
وہ ہے جو ممالکت مکسیکو مین سولہوین صدی عیسوی مین جاری کیا گیا تھا اور اب تک
بھی وہی طریقہ مکسیکو اور جنوبی امریکہ مین مستعمل ہے - موافق اس طریقہ کے چاندی کے
معدنی کو پیس کے نہایت مہین سفوف بنا لیتے ہین اور اسکو پانی کے ساتھ ممزوج
کر کے مثل خمیر کے تیار کرنے کے بعد پتھر کے فرش پر اوسکی ڈھیر لگاتے ہیں
اور تھوڑا نمک اوسکے ساتھ شریک کرتے ہیں بعد ازان ایک [illegible]
کا پیر سلفیٹ (جو تانبے اور لوہے اور گندہک کا ایک معدنی مرکب ہے) اوسکے ڈھیر کے
ملا دیا جاتا ہے جو عمل کیمیاوی سے پھر اکسیس ہوجاتا ہے اس ڈھیر کو کئی گھنٹوں تک
خمیر ہونے کو چھوڑ دیتے ہین - جب یہ عمل کئی گھنٹوں تک جاری رہا تب اوس ڈھیر
تھوڑا پارہ چھڑک دیا جاتا ہے اور اسکے اوپر چیزون سے ایکو درمیان گھسلا دیا جاتا
کہ خوب ممزوج اور یک جسم ہوجاتا ہے -

ف ۳۴ اس عمل مین بعض عمل کیمیاوی واسطے کے ہوتے ہین کہ چاندی الگ ہوکر جاتی
اور فورا پارہ اوسکو جذب کر لیتا ہے - تب اس کل مادہ کو ڈھیر کے بہت سے پانی مین
ملا دیتے ہین پارہ اور چاندی کا ممزوج تہ نشین ہوتا ہے (بسبب ثقل کے) اور ہلکا مادہ اور

جو فرق ہے وہ یہہ ہے کہ یورپ میں چاندی کے معدنی اور کانیدنی مشہر اور نمک کو ممزوج کر کے
ملا دیتے ہیں یا سیسے کو اس ملاپ میں سے کہتے ہیں بہون لیتے ہیں اور بعد ازاں او سیس پارہ
شریک کرتے ہیں اور باقی عمل کے اصول میں کسی نوع کا فرق نہیں ہے —

(۴۳) چاندی کے اخراج کے اور بھی طریقے ہیں — مثلا چاندی کے معدنیات کو سیسے کے
ساتھ ملا لیتے ہیں اور چاندی کا الوی سیسے سے ممزوج ہوتا ہے اور چاندی کو سیسہ کی جوش
سے نکال لیا جاتی ہے — یعنی ہڈی سے کے راکھ سے ایک ظرف بناتے ہیں جسے
لوہا کہتے ہیں اور جب چاندی اور سیسے کو اس پر رکھ کے گرم کرتے ہیں یہہ ہڈی
کی راکھ آہستہ آہستہ سیسے کو جذب کر لیتی اور کچھہ سیسہ جل کے اوڑ جاتا ہے
اور اسکے سطح پر چاندی کا ایک بڑا قرص رہجاتا ہے — اس عمل میں گلا ہوا سیسا دوسرے
فلزات کو مثل تانبے وغیرہ کے اپنے ساتھہ شریک کر لیتا ہے اور جذب ہوتے میں
یہہ فلزات بھی بدل کر ساقط کے ہیں بالکل جدا ہوجاتے ہیں اور خالص چاندی ظرف
پر رہجاتا ہے —

(۴۴) چاندی اکثر سیسے کے معدنی میں ملی رہتی ہے اور فی ٹن آٹھہ یا دس اونس
سیسے کی کہانی میں ۱۴ تولہ یا ۱۹ تولہ چاندی کو اکثر پیدا ہوتی ہے — اس سیسے کے
معدنیات ہیں کہ اوسط فی کہانی ۴ تولے سے ۵ تولے تک چاندی نکلتی ہے اور
اس معدنی اسپیسے کی ہوتے ہیں کہ جن فی کہانی [illegible] تولہ تک چاندی
موجود ہوتی ہے —

(۴۵) پٹنسن صاحب نے ایک نہایت عمدہ طریقہ اسکے [illegible] سے معلوم ہوتا
ہی کم مقدار چاندی کی جدا نکالنے کا ایجاد کیا ہے — اس طریقہ کا نام اونہی کے نام سے
معروف ہو گیا ہے — اس طریقہ کی بنیاد اس بات پر ہے کہ سیسا جسمیں کچھہ چاندی شریک

یاقوت کے کان کا بیان

یاقوت ایک پتھر ہے سنگہاے معدنی سے اور الوان اور اصناف
اوسکے سرخ و زرد و کبود و سبز و بسنتی و سفید ہین اور ہر ایک انہین سے اعلیٰ و متوسط
الرنگ ہوتا ہے اور بہترین اوسکا سرخ رمانی آبدار صلب و شفاف حجیم اور
بیداغ ہے اور جسقدر اس قسم کا ٹکڑا بڑا اور رنگ ڈہنگ کا اچھا ہو معتبر ہوتا ہے
اور قیمت اوسکی اصناف سرخ خمری اور زردی اور نارنجی اور زرد فراقی اور لیموئی
سے زیادہ تر ہے اور اصناف کبود اور آسمانی گونی اور نیلی اور لاجوردی
اور بسنتی کمیاب ہین اور لعل اقسام سرخ یاقوت سے ہے اور بہترین ہر ایک
اون اقسام مذکورہ کا وہ ہے کہ صلب و صاف و شفاف یکرنگ یعنی اجزا اوسکی
متساوی ہوں اور وہ سواے الماس کے ہیچ احجار سے سخت ہوتا ہے یاقوت
کبود یاقوت سرخ سے [illegible] سرخ [illegible] زرد سے سخت ہوتا ہی اور بسنتی قریب لسرخ
اور سفید سب سے زیادہ [illegible] ہوتا [illegible] ہے اور ہر ایک ہر ایک نام سے
مخصوص ہے سرخ کو [illegible] اور [illegible] ہین لسراف اور [illegible] ہین کہرسا
سکتے ہین چند جگہ اسکا معدن [illegible] ہے جہان یہ کان ہوتی
بسبب حرارت کبریتی کے [illegible] کوئی [illegible] احتیاط نہیں کر سکتا ہی اور خاک اوسکی
سیاہ اور صلب ہوتی ہے اور بو کبریت کے الی ہے اور جس مقام پر یہ کان ہوتی ہے
وہان باد و بارش و طوفان و رعد و برق و صاعقہ بہت ہوتا ہی اور اوسکی [illegible]
ہوتی ہے اور اوسکے سنگہا [illegible] سے گندھک کی بو نہایت تیز اور تند آتی ہی یہان تک
کہ وہان کہڑے ہونیسے آدمی غشی ہوتا اور اوس معدن کی اطراف مین درختہاے عظیم بہت ہوتے
اور یہ کان برازیل اور جزیرہ سیلان [illegible] ہی فقط راقم فرخندہ علی [illegible]

وطنی ترجمه نکنند و چگونه می‌شود که معارف در نزد قومی عمومی شود و سبب آنکه آن معارف بلسان
آن قوم بوده باشد و معارف دیگر که بلسان بیگانه بوده باشد چگونه پایدار خواهد شد و چه فخر است
کسی را که هزار ها کتب بلغت بیگانه در کتابخانهٔ خود داشته باشد بسبب آنکه یک کتاب
نافع هم بلسان وطنی در آن بوده باشد آیا هیچ عاقل فخر دیگران را فخر خود میشمارد و آیا بغیر
عادت عوام هیچ خردمندی فخر میکند و فخر شخص خسیس جاهل را هیچ هوشمند بر خود می‌پسندد
پس فخر هر جنس است بشرط شرافت و شرافتی نیست مگر بعلوم و معارف و علوم و معارف
در آنوقت موجب شرف عام می‌شود که عمومی بوده باشد و ممکن نیست که علوم و معارف
عمومی شود مگر در آن هنگامیکه بلغت آن جنس بوده باشد و آیا دانایان هندوستان را
معلوم نیست که اگر علوم و معارف بلغت وطنیه بوده باشد غالب معارف بسبب اخبار نامها
و صحبت معاشرت با علما در اندک زمانی عمومی شده بصیرت و بینائی همهٔ اهل وطن را
فرا خواهد گرفت — و از آنچه گفته شد بخوبی ظاهر و هویدا گردید که جمیع طبقات هند بالا
چه علما بوده باشد و چه امرا و چه ارباب تجارت بوده باشد و چه اهل فلاحت واجب
شدنی است که اتفاق نموده تعلیم و تعلم مدارس کلیه و شرکلیه خود را بلسان هندی قرار دهند
و تمام علوم و معارف را کوشش نموده بزبان خود ها ترجمه نمایند تا آنکه چه اهل پیشه
استعداد رشد شده بدرجات [illegible] رفاهیت مدنیت نائل گردند و از آن اسباب فوائد حاصل نمایند و
استقلال را آیا آن محروم نمایند [illegible] عقلای هند را که امروز بعضی از شغلهای بی‌اصل
خود [illegible] (نان ملاقی) کرده [illegible] خیال کنند
[illegible] آن از صراط مستقیم علوم نافعه و راه راست معارف مفیده رو گردان شوند
چونکه هر عالم [illegible] اگر با اصل شریعت رجوع کند خواهد دانست که علوم و معارف
معاشیه را [illegible] منافع [illegible] با دین [illegible] اگر غیر [illegible] و معلوم [illegible]

شده باشد پاس غالبین و فاتحین برآید و لغت اجنبیه را بجای لغت وطنیه بکار برند بلکه
اگر [illegible] غور کرده شود اینچنین [illegible] اقوام غالبین و فاتحین را فرو برده جزو
خود [illegible] و نام و تاریخ از آنها باقی نخواهد گذاشت چنانچه مغلها و دیگران
را با وصف غالبیت هندی کردند و لباس خود را در آوردند — و چنان گمان نشود
که مقصود ما از آنچه ذکر کردیم تشویق بر ترک تعلم لغت انگلیزیه است بلکه چنین باید دانست
که تعلم لغت انگلیزیه از چندین وجوه بر هندیان لازم است وجه نخستین آنست که حکومت
هندوستان حکومت انگلیزیه است و ارتباط در میان رعیت و حاکم و احقاق حقوق
طرفین و رفع تعدیات و اجحافات هرگز حاصل نخواهد شد مگر رعایا زبان حکام خود
را بدانند و وجه دوم آنست که اهل هندوستان [illegible] علوم
و معارف و صنایعیکه در زبان انگلیزیست [illegible] که آن زبان را
[illegible] انتقال شده علوم و فنون را از آن لغت بلسان وطنی ترجمه نمایند [illegible]
حقیقیه را که معارف بوده باشد در وطن [illegible] است که
طرق معاملات و تمهید سبل تجارات و اطلاع بر احوال [illegible]
و اخلاق قبائل و دانستن تواریخ دول و ممالک [illegible] معرفت لغات آنها [illegible]
لهذا هندیان را باید که لغت انگلیزیه را خصوصاً و سایر لغات را عموماً تعلم نمایند
تا آنکه بتوانند راههای تجارات و معاملات را وسعت دهند و ممکن شود ایشان را
که بر احوال جهانیان مطلع شده در اصلاح عقول و نفوس خود بکوشند و از زندگی
دیگران عبرت گرفته خود را محل عبرت عالمیان نگردانند (عبرت گردانند) - آنچه
پیش ذکر کردم بالنسبه بسوی اهل هندوستان بود اما بالنسبه بسوی امت انگلیزیه
که امت [illegible] است پس باید دانست حرص و طمع دول غربیه [illegible] ذکر کرده [illegible]

ادب

حرص کا نتیجہ حریص کی بربادی

وہ لوگ جو اندھے ہیں جو دولت کو اندھا کہتے ہیں - میرے نزدیک
دنیا میں کوئی ایسا معشوق دوربین اور بلند نگاہ نہیں جیسی کہ دولت ہی جو اپنے عاشق کو
سب سے زیادہ محبت سے دیکھتی اور اس پر دور سے نظر ڈالتی ہے - لیکن ان
لوگوں کو اسکے پاس لگنے کی تمنا بالکل فضول ہے جو صرف اسکے تلاش میں سرگردان
رہتے ہیں اور کوئی کام نہیں کرتے ہیں - دن بھر اسکے خیال میں دماغ کو پکاتے ہیں
اور رات بھر اسکو خواب میں دیکھتے ہیں مگر کوئی تدبیر اسکے حصول کے لئے نہیں کرتے
اور تجارت اور حرفت سے عار ہے ایسے اپاہجوں سے یہ معشوق جسکے طلبگار
اور مکار اور ستمگار عورتوں کی طرح بھاگتا ہی اور ان کے ہاتھ ہرگز ہرگز نہیں آتا ہے بلکہ
وہ خود دوڑا ان لوگوں کے گھروں پر بن بلائے جاتا ہی جو اسکی جستجو میں دل سے
مصروف رہتے ہیں اور اسکے کاموں کو دھیان سے کرتے ہیں -

مجھکو نہایت تعجب ہے کہ کیوں لوگ دولت کو اندھا کہتے ہیں کیونکہ
جب ہم ان لوگوں کو خیال کرتے ہیں جنکی دولت رفاقت کرتی ہے تو وہ نہایت
محنت کرنے والے اور وہ برحق نظر آتی ہے - جب کبھی تم کسی جگہہ عالیشان عمارت اور
سرائے دھوم دھام کا دیکھو تو تم یقین کرو کہ دولت اس جگہہ نہیں ہے اور جب کبھی تم
ایک گھر کو دیکھو جسکا دروازہ ہر شخص کے لئے کشادہ ہے تم یقین کرو کہ دولت وہاں
نہیں ہے اور جب تم کسی شخص کے سینے میں گویا لگا ہوا دیکھو تو یقین کرو اور مطمئن ہو کر
کہ دولت یہاں نہیں ہے اور جب تم کسی عورت کو بہت خوش اخلاق اور متواضع پاؤ
حال لو کہ دولت یار نہیں ہے بلکہ دولت کا گھر وہ ہے جہاں محنتی اور کفایت شعار لوگ ہیں

و رابطهٔ تامّه در میان ایشان و امّت انگلیزیّه حاصل شده است و یک نوع جنسیّتی صورت
وقوع پذیرفته است و امتیازات غالبیّت را برداشته هندیان را در جمیع حقوق حتّی در مجلس
(پارلمان) با خود هم شریک بسازند چونکه استعداد ذاتی اجنبی بودن بقدر استعداد زبان
وصف غالبیّت نیست و البتّه انسان دل با غنی نخواهد بست و دیگر آنکه اعانت نمایند
هندیان را در ترجمهٔ علوم و فنون از لغت انگلیزیه بزبان هندی و آنها برای اجرای
این عمل جمعیّت تشکیل نمایند و فنون جدیده را در مدارس و مکاتب بزبان وطنی تعلیم نمایند
و آنها برای صنایع و زراعت در ممالک هندیه مدارس کلیّه انشاء نمایند و بالجمله بهندیان
بدان نظر نگاه کنند که بر خود با نگاه میکنند و همه تفاوتها و امتیازات را از میانه بردارند
چنانچه حقانیت و عدالت و انسانیت اقتضا میکند و حاکم در میان عدالت از جنس انگلیز
همین امر را از دولتیکه ممدّ داشته تا در میانه رعایای آنها نیست خواهش مینمایند
و ظاهر است چون هندیان از ثمار این مساعی حسنه بهره ور شوند لقاء و سعادت و صفا
و وفا را خود با ... ها و سعادت و شقا و وفا از جنس انگلیز مربوط داشته شخص انگلیزی الاصل
در میانه ... آن جنس خواهند گشت و در این هنگام هم خوف با اینکه زائل شده
انگلستان کلی ... باید شاید دست یابد خواهد شد و اگر هندیان اعتبار این
ثمرات را از امّت انگلیزیّه یکسره دل بستگی چگونه حاصل می شود و خیرخواهی که دائم
صورت ثانی ممول خواهد بود زیرا که اگر انسان خیر خود را در خیر دیگری ندید هرگز از
برای صیانت عمر آن جان فشانی نخواهد کرد و عقل این امر را هرگز باور نخواهد نمود
و من بیقین میدانم که کوته بینان امّت غالبه و مغلوبه هر دو بر این اقوال اخیره بنظر
تعجّب خواهند نگریست و لکن چون زمانه شرح و تفسیر این اقوال را نماید البتّه اذکیا
آسیا همگی بر صحّت آنها اتّفاق خواهند نمود اینست مجمل آنچه میخواستم تا کمی در وحدت ... را با آنها نقطه

پس اے میرے بھائیو اگر تم دولت کو اپنا دوست بنانا چاہتے ہو
یا استعارہ کو چھوڑ کر یون کہا جاوے کہ اگر تم دولت مند اور صاحب مال ہونے کی خواہش
رکھتے ہو تو تمکو چاہئے کہ روپیہ پیدا کرنے کی خواہش سے زیادہ اوسکے جمع کرنے اور
بچانے کی خواہش کرو — اور جب لوگ تم سے یہہ کہین کہ روپیہ وہان ملتا ہی اور یہان
ملتا ہے اور روپیہ فلان کام کرنے سے پیدا ہوتا ہے اور فلان پیشہ و حرفہ کے ذریعہ سے
پیدا ہوتا ہے تو تمکو چاہئے کہ ان فضول باتون کی کچھہ پروا نکرو بلکہ اپنے پیشہ یا کام پر
دہیان لگاؤ اور اوسکو دل سے کرو — رہو جہان تم ہو اور کرو جو کچھہ تم کرتے ہو —
جب تم سنو کہ تمہارے کسی ملاقاتی یا دوست نے ایک روپیون کی تہیلی راہ باٹ مین
پڑی ہوئی پائی ہے تو تم لالچ مین آکر اوس جگہہ نہ دوڑ جاؤ اور روپیون کے تہیلیان پانے
کے لئے ادہر ادہر متوحش نہ دیکہو — یا جب کبھی تمکو یہہ خبر ملے کہ کوئی شخص فلان پیشہ
یا حرفہ کی وجہہ سے مالدار ہو گیا ہی اور بہت جلد اسکے ذریعہ سے اوسکو دولت ہاتھہ لگی ہی
تو تم اپنا خاص پیشہ یا حرفہ چھوڑ کر اوس پیشہ کو اختیار نہ کرو اور اسکی رغبت پر مصروف
نہو — الغرض ایک مرتبہ دولت کے ہاتھہ آنے اور ایک بارگی مالدار ہو جانیکی خواہش نکرو
بلکہ ایک ایک پیسا صبر و استقلال کے ساتھہ اپنی آمدنی مین سے بچا بچا کے اور جمع کرتے جاؤ
مین جو کہتا ہون کہ شاید تم اس قلیل رقم کے جمع کرنے سے نفرت کروگے اور اسکو
حقیر سمجھوگے — لیکن ساتھہ ہی اسکے مین یہہ بھی سمجھا دیتا ہون کہ جو لوگ کوڑی کوڑی کو
محتاج ہین اور جنکا کوئی دوست اور آشنا نہین جو اونکو قرض دیوے اونکے لئے یہہ
ایک پیسا اشرفی سے بڑہکر ہے — حریص جان بیوقوف جبکی دانکو احتیاج کے وقت
معلوم ہوا جبکہ اوسکو دو چار پیسون کی ضرورت تھی کہ کوئی دوست مصیبت کے وقت
نہین کہڑا ہوتا ہی اور ضرورت کے وقت قرض دام نہین دیتا ہے —

خیال کرتے ہیں۔ وہ فوراً اپنے پیارے خاوند حریص خان سے دوڑ کر چمٹ گئی اور اوسکے
گلے میں ہاتھ ڈالدی اور اسکو خوشی کے مارے سینے سے لگا کر زور سے دبایا۔ لیکن افسوس
ان تمام خوشیوں کا نتیجہ جلد ظہور میں آیا یعنی جب وہ دونوں خوشی کے مارے بیتاب وہان
پہنچے اور انہوں نے اوس سل کو ہٹایا تو کیا اوس جگہ موجود تھے دو پیسے اور ایک
لوہے کی کیل اور دو کوئلہ ہاتھ لگے اور تمام خیالی ایک بارگی گر پڑی۔ اور جو اسکے ملنے کی امید
میں جو کچھ روزانہ آمدنی بھی تھی وہ بھی ہوا باسد ہو گئی۔ حرص کا نتیجہ حریص خان کو ملگیا۔

ہم دیکھتے ہیں کہ یہی حال آجکل ہمارے بعض بعض ہم وطنوں اور ہم
بھائیوں کا ہو رہا ہے کہ وہ بھی حرص میں مبتلا ہیں اور وہ اونکو فضول خیالات نے بیکار
کر رکھا ہے اور ایک مرتبہ قوم کی درستی حالت اور دولت کے حصول میں مثل حریص خان
نارکوہ الا کے خیال کے گھوڑے دوڑاتے ہیں اور کام کے نام ایک نہیں کرتے اور امید
اور مسائون میں ابھی عمر عزیز کو صرف کرتے ہیں۔

ہمارے اہل وطن اور اہل قوم اس خیال واسد میں پڑے ہوئے معلوم
ہوتے ہیں کہ یورپ کیسی تہذیب اور دولت اور علم جو صد ہا برسوں کا نتیجہ ہے ہم بہت جلد
حاصل کر لیں اور سہل باریکہ طمطراق سے اسکو آن فان میں جیت لیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ یہ
اونکا خیال دن بدن ترقی پر ہے اور روز بروز اسکے نتائج بھی خیالی ظہور میں آتے جاتے ہیں
بلکہ اکثر اوقات اپنے ہم وطنوں کی مجالس قومی میں جانیکا اتفاق ہوتا ہے اور وہاں ہر طرف سے
یہ صدا ہمارے کان میں آتی ہے کہ مسلمانوں کے تنزل کا یہ باعث ہے اور مسلمانوں کے زوال کا
یہ سبب ہے اور اونکے ترقی کے یہ راستے ہیں اور یہ تدبیریں ہیں اور کوئی کہتا ہے کہ مجالس کا
فیصلہ یوں قرار پایا ہے اور سب لوگ اسپر متفق ہیں اور اونمیں سے کوئی جھٹ پٹ اوٹھ کر ایک کتاب
چندہ کی پیش کرتا ہے اور لوگوں سے دستخط کراتا ہے۔ پس جب ہم اپنے اہل وطن کی یہ

زراعت
بقیہ مضمون زراعت

تو وہ زمین نہایت عمدہ ہی اور اگر اوسکی بو بدل گئی ہو تو اوسکے بو کو دیکھنا چاہیے اگر اوس میں ترشی یا کڑواہٹ یا کھٹا پن ہی تو اوسی کے موافق حکم کریں اور اگر اوسکی بو قسم کی بوؤں سے پاک ہو تو وہ زمین بہتر ہے لیکن اس مٹی کو نکالنے کے بعد آدھ گھنٹہ کے چکھنا چاہیے اگر اوس کا مزہ مثل اوس مٹی کے ہو جو گرم اور سرخ ہوتی ہے اور کنوؤں سے نکلتی ہے جب وہ خشک ہو جاتی ہے تو وہ مٹی عمدہ ہے اور جو اوسکا مزہ کھارا یا کڑوا یا کھٹا ہو تو اوسکے موافق حکم کرنا چاہیے —

ایک اور طریقہ امتحان کا یہہ ہے کہ اوس مٹی میں سے ایک مٹھی ہر لیکر میٹھے پانی میں ملا دیں اور ایک گھنٹہ رہنے دیں پھر کئی بار اوسکو گھولیں پھر چھوڑ دیں پھر ہلا دیں پھر چھوڑ دیں اسیطرح کئی بار کریں پھر اوس پانی کو چکھیں اگر اوس پانی کا مزا اپنے حال پر باقی ہو تو وہ مٹی نہایت عمدہ ہے اور اگر اوسکا مزا بگڑ جاوے تو وہ مٹی ردی ہے اور اس سے بہتر طریقہ یہہ ہی کہ جب گرم پانی میں جو تیز رہتا ہو اوس مٹی کو گھولیں اور کئی دفعہ اوسکو ہلا دیں اور چھوڑ دیں جب پانی ٹھنڈا ہو جاوے تو اوسکو چکھیں پھر جیسا مزا ہو اوسکے موافق حکم لگا دیں ایک اور طریقہ امتحان کا یہہ ہے کہ اوس گڑھے میں سے اچھی بہت سی مٹی نکالیں اور اوسکو سونگھیں اگر بو اوسکی اوس مٹی کی سی ہو جسکا مزا بدلا ہوا ہو اور پاک صاف ہو تو وہ مٹی عمدہ ہے پھر جب سونگھ چکیں تو اوسکا مزا دیکھیں اسطرح پر کہ ایک برتن میں اوسکو رکھیں اور اوسپر میٹھا پانی بارش کا ڈالیں اور خوب مٹی کو اوس میں گھولیں پھر جب مٹی تہ نشین ہو جاوے اور صاف نتھرا پانی اوپر رہ جاوے تو اوسکو چکھیں بعد اوسکے جیسا مزا معلوم ہو اوسکے موافق حکم کریں

آراستگی مین صرف نکرو خواہ تمہارے پاس کم روپیہ ہو یا زیادہ۔ یہہ خیال کرکے کہ فلان چیز بہت
خوبصورت ہی اور فلان چیز بہت ارزان ہی بے ضرورت چیزون کو نہ خرید کرو۔ اس بارہ مین ڈاکٹر
فرمکان صاحب کا اصول بہت خوب تہا۔ اور وہ یہہ ہے کہ "کوئی شے سستی نہین جسکی تمکو
احتیاج نہین" صرف بالفعل کی ضروری چیزون کو خرید کرو۔ یہہ بات صرف تجربہ سے تم
کرسکتے ہو کہ تمہارے گہر مین کس چیز کی ضرورت اور احتیاج ہوگی۔ اگر تم اپنا سب روپیہ
صرف کردوگے تو تمکو معلوم ہوگا کہ تمنے ان چیزون کو خرید لیا ہے جنکی تمکو احتیاج نہین
تہی اور اب تمہارے پاس ان چیزون کے خریدنے کے لیئے روپیہ باقی نہین رہا جنکی تمکو
فی الحقیقت احتیاج ہے۔ اگر تمہارے پاس اسقدر کافی روپیہ ہو جس سے تم اس تجربہ
کے موافق ہر ضروری چیز خرید کرسکتے ہو تو اوس روپیہ کو تم بالکل صرف کر ڈالو صرف
یہہ خیال کرکے کہ اتفاقاً وہ تمہارے ہاتھ آگیا ہے۔ شروع مین عمر کی [illegible] سادگی سے
اور جون جون دولت بڑہتی جاتی ہے تون تون آرام کے سامان مین بہی زیادتی اور سامان
ہوتا جاتا ہی اور اوسکے جمع کرنے مین خوشی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن اوسکا گہٹانا بڑی
تکلیف اور رنج کی بات ہے۔ آخرکار سو لوگ سب عادل اور معتبر ہین وہ اون مالونکو
اعتدال کی نظر سے دیکہتے ہین۔ بہت سے گہرونکے بندوبست اور انتظام خراب ہوجاتے ہین ہر
قسم کا تکلف اور خوبصورتی اور آراستگی ہونا چاہیئے یہہ کہ بڑے بڑے گہرونکے بڑے بڑے سامانونکا
ہونا ہی یہہ چہوٹے چہوٹے صحبتین ہمیشہ تعریف اور عزت کے قابل ہین اور ہمیشہ یہہ کہا جاتا ہے کہ
جو لوگ اپنی آمدنی سے زیادہ اس غرض سے خرچ کرتے ہین کہ اونکی عزت ہو یا دوسرونکی آمد
ورفت کیلئے اپنا گہر سجاتے ہین وہ بے فائدہ رنج اور دکہہ اٹہاتے ہین۔ یہہ ظاہر ہی اور ہوتی
شادیان ایک دو ہوکا ہوا اور اس شادی سے نہ اوسکے بہت سے دوست ہوسکتے ہین اور
نہ اوسکی قوت بڑہی ہے۔ فقط راقم محمد حسین

بشور زمین مین عکرس پیدا ہوتا ہے جسکو شیل کہتے ہین اور جو زمین ملایم کم سختی والی ہو
اوسمین شیح اور قیصوم پیدا ہوتے ہیں —
بیلوشادمسے کہا کہ چکنی اور سخت ہوئی زمین مین کبھی سوس پیدا ہو اور نرگس اور ایک
قسم کی بیمار اوگتی ہے یعنی وہ گہانس جو پہلے زمین مین اوگیں پہلا لمبی ہین پھر یتی
نکالتے ہین تو جب یہ گہانس مرم اور تر زمین مین اوگیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ زمین
اچھی ہے اور پیداوار اوسکی بہتری کے قریب ہے اور جو زمین نہایت سخت ہوا اوسمین
ایک قسم کا کبر پیدا ہوتا ہے چہوٹے پتون کا اور کبھی بڑی قسم کی بیمار پیدا ہوتی ہے جسکو
عوام لوگ اشکامہ کہتے ہیں اور وہ جو ہے کی قاتل ہوتی ہے فی الفور اور کبھی یہ بیمار
اوس زمین میں پیدا ہوتی ہے جو بہت چکنی اور سیاہ ہو اور اوسکی طبیعت گرمی کی طرف
مایل ہوتی ہے اور اوسکا مزاج شی کے ساتھ کمکسے زیادہ قریب ہوتا ہے اور
اسلیے زمین اکثر خشک پہاڑوں مین اور بڑے بڑے ٹیلون مین ہوتی ہے اور
کانٹون دار درخت اوگاتی ہے اور جب ہوتی ہے ہموار اور پہاڑوں اور میدانوں
اور کانٹوں میں اور اکثر اس قسم کے درخت اون مقامون میں اوگتے ہیں جو کہ
اور خشک ہون اور دور ہون تری سے حاصل کلام یہ ہے کہ اکثر گہاس سبز جگہ
مین خوب پیدا ہوتی ہین اور اچھی طرح پہیلتی ہیں اور بہوڑی گہانس خشک مقامون
میں پیدا ہوتی ہین جیسے بقول القاء جسکا بیان اوپر گذرا اسیطرح جنگلی گہاس دیس کے
زمین مین پیدا ہوتی ہین جو سالم ہو چہوٹے اسباب سے مگر شوریت سے سالم ہونا ضرور
نہیں کیونکہ شوریت اکثر جنگلون مین ہوتی ہے اور بہت سے گہانس ایسی ہین جنکو
شوریت موافق ہے اور وہ شور زمین مین اوگ آتی ہیں مگر کبھی ناتوان اور کم زور
ہوتی ہین اور کبھی زمین کے حال پر اوسکی پیداوار سے استدلال کیا جاتا ہے اور ایک

اس واسطے کہ مٹی کا مزہ اچھی طرح سے معلوم ہوتا نہیں ہو سکتا جبتک پانی مین ملا کر اوسکو
نہ دیکھین اور یہہ بھی ضرور ہے کہ پانی صاف اور شیرین ہو اسلئے کہ اگر پانی مین کہاری پن
یا اور کوئی صفت موجود ہوگی تو معلوم نہوگا کہ یہہ مزا مٹی کا ہے یا اوس صفت کی وجہ
سے ہے جو پانی مین موجود تھی —

ایک اور طرح کا امتحان اوس زمین کا جسمین زراعت نہو یوں کرنا چاہئے کہ اوسمین کانٹے
اور گہاس وغیرہ اُگتے ہین جو روئیدگی اوسکی قوت دار اور بہت اور گنجان مانند ہو وہ
زمین بہت اچھی ہے اور جو روئیدگی اوسکی ایسی ہو وہ زمین اچھی نہین ہے —

قوثامی نے کہا ہے کہ بعضے آدمی زمین کا امتحان دیکھنے سے کرتے ہین اوس مین
کی روئیدگی سے اگرچہ ایک گہاس ہو مانند [illegible] اور [illegible] اور شوک اور [illegible] وغیرہ
کے پس اوسکی ایک شاخ یا ایک بیج کے تئی کو لیکر کوٹیں اور چکہین اور اوسکے مزہ کو
اوسکے بیجوں کے مزے سے قیاس کریں جو اچھی زمین میں اوگی ہے اگر اوس کا مزہ
اسکے موافق ہے تو وہ زمین اچھی ہے اور اگر اسکے خلاف ہو تو وہ زمین اچھی نہین
فلاحۃ النبطیہ مین لکہا ہے کہ امتحان اچھی اور بری زمین کا اوس گہاس سے کرنا چاہئے
جو خود رو ہو —

قوثامی نے کہا کبہی اوس زمین میں جو کہاری یا تر یا پانی مین ڈوبی ہوئی یا نرم یا چکنی
بہت چکنی ہوتی ہے یا [illegible] اور ترش اور گرم اور بہت غلیظ اور بہت سخت اور بہت
ترش [illegible] عمدہ نہین [illegible] ایسی خود رو گہاسین اوگتی ہین جنکو لوگ درست نہین
رکھتے ہین مثل [illegible] اور [illegible] اور [illegible] اور [illegible] اور [illegible] بابری اور خربق اسود
زہر دار ہیں سے ایک زہر ہے اور [illegible] احمر وغیرہ پس یہہ گہاسین بری زمین
میں اوگ آتی ہین لیکن جو زمین گرم اور بدبودار ہو اوسمین کچہہ نہین اوگتا اور کہاری

جو گھاسین شور زمین مین پیدا ہوتی ہین اگر وہ کسی اور زمین مین پیدا ہون تو معلوم ہوتا ہے
کہ اوس زمین پر شوریت غالب ہے اسیطرح باریک کاسنے جیسے جسکو شوک البصر
بھی کہتے ہین جب وہ عمدہ زمین مین اوگ آوے تو دلیل ہے اس بات کی کہ وہ زمین ضعیف
ہوگئی ہے بوجہ کثرت اور تکرار زراعت کے یا اور کسی وجہ سے —

زمین کے اون قسمون کا بیان
جو علاج اور تدبیر سے درست ہوسکتی ہین

ان مین سے ایک وہ زمین ہے جو بہت چکنی اور بوجھل ہو جو نرم ہوتی ہے اور اوسکے اوپر
تری ہوتی ہے اکثر اس قسم کی زمین کا رنگ مایل بسیاہی ہوتا ہی اور کبھی خاکی بھی ہوتی ہے
اور اوسکے بعض اوصاف اوپر مذکور ہوچکے ہین اس زمین کی اصلاح اسطرح ہوسکتی ہے
کہ جب شدت کی گرمی ہو اوسوقت اوسمین ہل چلا دین ہر مہینے مین دو بار تاکہ ہر سہ
ماہی مین وہ چھ سات مرتبہ اولٹ پلٹ کی جاوے اور یہ بہتر ہے ایسی زمین کے
لئے پہر اوسکی مٹی کوٹی جاوے اون آلات سے جو مٹی کو باریک کر دیتے ہین اس
کوٹنے کے وجہ سے اوسکی مٹی گرم ہوجاوگی اور اوسکی چکناہٹ اوٹھ جاوے گی اور
آفتاب کی حرارت بھی اوسکی چکنائی کو دور کریگی تو اوسکا بوجھل پنا اور چکنا پن جاتا رہیگا
اور چکنا پن جاتے رہنے سے یہ غرض نہین ہے کہ بالکل اوسکی چکناہٹ جاتی رہے
بلکہ کچھہ چکناہٹ کم ہوجاوے اور سوا اسکے ایسی زمین کا کوئی علاج نہین ہے اسیطرح
جو زمین رقیق ہو اوسکی رقت دور کرنے کے لئے علاج کرنا چاہئے اور یہ قریب قریب
ہے چکنی زمین کے اور مشابہ ہے اسکے وہ زمین جو ہمیشہ بھیگی ہو جسکو عرقہ کہتے ہین
تو یہ تینون قسم کی زمینین ایک دوسرے کے مشابہ ہین اور اسیلئے فلاحت کے جاننے والے
کہتے ہین رقیقہ وہ زمین ہے جو نمناک ہو اور بعضے عرقہ کو رقیقہ کہتے ہین — باقی آیندہ - راقم وحید الزمان

حفظ صحت

بقیہ مضمون پانی

اب ہم پانی کو اون جگہون کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ بیان کرینگے
جہان سے وہ لاسکتے ہین اور ہر ایک مقام کے پانی کے خوبیان اور عیب بترتیب
وار مندرجہ ذیل کرسکتے ہین —

بارش پانی مہیا کرنیکے لئے ایک بہت بڑا وسیلہ ہے سب
دریا جو سمندر مین گرتے ہین اور پھر بھی سمندر بھر نہین ہوجاتا ہے — اسکا
سبب یہہ ہے کہ جہان سے دریا جاری ہوتے ہین پھر وہین واپس جاتے ہین —

جب آفتاب کی شعاعین پانی پر پڑتی ہین تو اونکی گرمی سے پانی بھاپ
بنکر اوپر چڑھتا ہی اور پھر اوپر جاکر بادل اور برف اور اوس کی شکل مین تبدیل ہوجاتا ہے
اور زمین پر گرتا ہے۔ جب پانی برستا ہی تو بہت سا دریاؤن اور نالون اور ندی
نالون مین چلا جاتا ہے اور بہت سا زمین مین جذب ہوجاتا ہی اور زمین کو تر کرتا ہے
اور کھیتون اور چشمون کو ترقی دیتا ہے — جہان بہت سردی ہوتی ہے جیسے کہ کوہ ہمالہ
کی چوٹی ہے وہان پانی برف کی شکل مین آسمان سے آتا ہی اور گرمیون کے موسم مین پگہلکر
برسات کے دنون مین ندی نالے چڑہجاتے ہین دریا طغیانی
پر ہوتی ہے اور کھیت اور چشمے تر ہوجاتے ہین اور گرمیون کے موسم مین دریا
اور نالے اوتر جاتے ہین بلکہ بہت گرمیون مین بالکل خشک ہوجاتے ہین —

پس اسطرح سے پانی چکر کہایا کرتا ہے اور ہمیشہ ہوا کرتا ہی
یعنی جب پانی برستا ہی تو وہ بذریعہ دریاؤن کے سمندر مین جاتا ہی اور پھر وہان سے
بخار ہوکر اوپر چڑھتا ہے اور اوپر سے زمین پر گرتا ہے اور یہان سے پھر دریا

مگر اسکے جسم کی بالیدگی اور تولدون کی ترقی ایسی واہمی اور سست ہوتی ہے جیسے خشک اور ویران زمین کے پودہ کی ہوا کرتی ہے جو ادنی گرمی و سردی سے مرجھا جاتا اور زرد ہو جاتا ہے اور ایکدن پانی نہ ملنے کی باعث اسکے پتے جھڑ جاتے ہیں اور سوا سوکھی لکڑیون کے سوا کچھ نظر نہیں آتا ۔ یہی حالت بوڑھوں کے اولاد کی ہوتی ہے اول تو مشایخ کی اولاد بہت کم ہوتی ہے اور جو پیدا بھی (خواہ نر ہو یا مادہ) وہ بنم ردگی اور بالکل ۔۔۔ دوم ایسے والدین کے بچے جنکے عمر مین فرق ہو اکثر مرض حادیہ مین جلد تر مبتلا ہو جاتے ہیں اور یہ نقص عمر مین زیادہ فرق ہونیکے سبب سے پیدا ہوتا ہے خدا ہمارے ہموطنون کو دور اندیشی اور سوچ عطا کرے اور ہدایت کرے کہ وہ اپنے اپنے رسم و رواج کی ترک کرنیکی بدل کوشش کرین جسمین اسکا اور انکی اولاد کا صریح نقصان ہے اسمو قعہ پر ہم مرد و عورت کی عمر مین تناسب بھی بیان کرنا مناسب سمجھتے ہیں تاکہ عوام کو پورا پورا فائدہ حاصل ہو ۔ اگرچہ تعیین عمر کی بارہ مین کچھ ہونا زیادہ سعی ہونے کی مگر تجربہ اور دیگر اسباب کے لحاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرد و عورت کی عمر میں قرب بہتر ہے لیکن ایسا قرب جو مساوات کا حکم رکھتا ہو مناسب نہیں بہر حال عورت کی عمر مرد سے ۵ - ۶ سال کم اور مرد کی عمر عورت سے اسی نسبت کے بقدر زیادہ ہونی چاہئے مثلاً مرد کی عمر اگر ۲۰ سال کی ہو تو عورت کی عمر ۱۵ سال کی ہونی چاہئے اور اسی اندازہ سے ایک آدھ سال کی کمی بیشی ہو جاوے تو بھی مضائقہ نہیں لیکن دوگنا فرق یا اس سے کسقدر کم کسی صورت مین جایز نہین ۔ اخیر میں ہم مسلمان بھائیون سے بھی درخواست کرتے ہین کہ وہ اس مفید قاعدہ پابندی لازمی سمجھیں اور ۔۔۔ ہمسایون کی پیروی چھوڑ دین (منمول مسلمانون مین خصوصاً دولہا دلہن کی عمر کا لحاظ نہیں کیا جاتا) ہان اگر کسی مفید کام مین انکی تقلید کرین تو مضائقہ نہین فقط

راقم حافظ محمد الدین ایڈیٹر و پروپرائٹر حافظ صحت لاہور

نالے اور ندی کے وسیلہ سے سمندر میں جاتا ہے

تمام قسم کے پانیوں سے جو اپنی طبعی حالت میں پائی جاتے ہیں آب
باران نہایت صاف اور پاکیزہ ہوتا ہے - لیکن جب وہ پہلے آسمان سے آتا ہے تو مکانوں
کی چھتوں اور زمین پر گرتا ہے اور وہاں سے براہ پرنالوں اور موریوں اور نلوں کے
تالابوں اور دریاؤں میں جاتا ہے اور وہاں جمع ہوتا ہے - اس صورت میں اسمیں
طرح کی غلاظت اور کثافت پانی میں مل جاتی ہیں جو اوسکے راہ میں واقع ہوتی ہیں -
اسواسطے بارش کا صاف پانی لینے کے لئے صاف اور پاکیزہ برتن رکھدیں اور پانی
سیدھا ابن آسمان سے گرے اسپر بھی اس پانی میں جو آسمان سے سیدھا صاف
برتنوں میں آتا ہے اور اوسمیں کوئی غلاظت نہیں ہوتی ہے کاربونک ایسڈ شریک ہوتا ہے
اور جب پانی برستا ہے تو وہ کرہ ہوا میں سے کاربونک ایسڈ کو جذب کر لیتا ہے -
بارش کے پانی میں چھوٹے چھوٹے ذرات نمک کے بھی پائے جاتے ہیں جسمیں نوسادر
شریک ہوتا ہے - یہ جو پانی سمندر کے قریب برستا ہے اوسمیں عام نمک بھی شامل ہوتا ہے
دریائی بادلوں کے بہت گرد اور گرد کے ساتھ برستا ہے اوسمیں شورہ کا تیزاب
بہت قلیل مقدار میں پایا جاتا ہے اور خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اس کے قوت برقی
کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے -

شیخ بو علی سینا بھی اپنی کتاب قانون میں بارش کے پانی کو
تمام دوسرے قسم کے پانیوں پر ترجیح دیتا ہے اور کہتا ہے کہ علاوہ اس پانی کے قسم سے
سب پانیوں سے خصوصاً جو گرمیوں میں برسے گر جسمیں بادل ہوں اور جو پانی ایسی
ہوا سے برستے جسکے ساتھ سخت ہوا ئیں چلتی ہیں یا اوسکے شور سے کدورت ہوتی ہے
اور جو پانی ایسے ابر سے ٹپکتا ہے اوسمیں بھی کدورت ہوتی ہے جیسے ایسا پانی

سب رفع ہوجاوے —

دریا کا پانی کپڑے دہونے اور جانورون کو نہلانے سے خراب ہو جاتا ہے جس جگہ سے پینے کے واسطے پانی لیا جاوے اوس جگہہ پر کپڑے دہونے اور جانورون کو نہلانے کی سخت ممانعت کرنا چاہیئے - بلکہ کپڑے دہونے کے لئے ایسی جگہہ مقرر کرنا چاہیئے جو بہت دور ہو اور اوسطرف کو ہو جدہر پانی بہتا ہو اسواسطے کہ اونکی غلاظت اودہر بہکر چلی جاوے گی اور اسطرف نہین آئیگی

اکثر لوگ دریا کے کنارون اور اونکے متصل پاخانہ پھرتے ہین اور بارش کا پانی اس غلاظت کو بہاکر دریا مین لیجاتا ہے - مردون کو دریا مین ڈالتے ہیں اور اکثر اون لوگون کی لاشیں بھی دریا مین ڈالی جاتی ہیں جو بیماری متعدی یعنی ہیضہ اور چیچک سے مرتے ہین اور بہت لوگ اپنے مردون کو جلا کر اونکی راکھ کو دریا مین بہا دیتے ہین - اور اکثر دریاؤن کو لوگ تمام غلاظت اور کثافت ڈالنے کی جگہہ خیال کرتے ہین - اور علاوہ ازین شہر کی موریان اور قصاب خانون اور چمڑے کے کارخانون کی کثافتین سب دریا مین بہکر جاتی ہین —

اسطرح سے بڑے بڑے دریا خراب ہو جاتے ہیں اور بہت بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ ایک بہت چھوٹا چشمہ ہو جسکا پانی بہتا نہ ہو اور وہان اس قسم کی غلاظت اور کثافت پائی جاتی ہین - بہتا پانی ہوا کے وسیلہ سے آہستہ آہستہ صاف ہوتا رہتا ہے - اسواسطے لازم ہے کہ دریا کے پانی کو صاف رکھنے کے لئے تدبیرات کیجاوین ورنہ صدہا امراض پیدا ہوکر اوس مقام کے باشندون کو ہلاک کرینگے

اس شہر حیدرآباد دکن مین بھی جو ایک خشک ملک ہے ایک چھوٹی سی ندی جسکو موسی ندی کہتے ہیں بیچ آبادی مین ہوکر [illegible] واقع ہے یہ ندی ہمیشہ [illegible]

اوس کا پتہ معلوم ہو ۔

(۳) گفتگو میں ایک بات کو بار بار نہ کہو اور کسی الفاظ کو مثلاً " وہ کہتا ہے " اور " وہ کہتی ہے " بار بار اگر نہ کہو۔ بعض لوگ ان الفاظ کو اتنا زیادہ دہراتے ہیں کہ مخاطب کا دھیان اوس بات سے باطل ہو جاتا ہے اور اسکی مثال ایسی ہے جیسے کہ ارگن باجے میں کوئی سر برابر بجتا ہو اور وہ اوس گیت یا راگ کو خراب کر دے جو اوس میں گایا جاتا ہو ۔

(۴) جہاں تک ممکن ہو ایسی ایک بات کہنے سے جو دوسری باتیں شروع کر دے اوس سے اجتناب کرنا چاہیئے جو بات یا حکایت مسلسل بیان کی جاتی ہے وہ بہ نسبت اسکے ہمیشہ اچھی معلوم ہوتی ہے کہ بیچ بیچ میں سے اصل مقصد کو چھوڑ کر دوسرے قصے بیان کئے جائیں مثلاً کتنا برا معلوم ہوتا ہے جب کوئی شخص ایک بات بیان کرے اور اوس میں کسی دوسرے شخص کا ذکر آ جائے تو وہ یہہ کہے " کہ جس شخص کا ذکر میں آپ سے کرتا ہوں وہ زید کے لڑکے ہیں جو محلہ افضل گنج میں رہتے ہیں ۔ آپ ضرور اونکو جانتے ہونگے اون کے بھائی کے پاس ایک گھوڑا تھا جسکو انہوں نے پار سال کی گھوڑ دوڑ میں جیتا تھا ۔ اگر آپ اونکو نہیں جانتے تو آپ کیسے نہیں جانتے ہیں؟ " یا وہ یہہ کہے " کہ وہ صاحب طویل قد راست قامت اور بوڑھے ہیں ۔ اونکے سر پر لمبے لمبے بال ہیں ۔ کیا آپکو یاد نہیں ہے؟ " یہہ سلسلہ کس قدر بے فائدہ اور بے محل اور خلاف تہذیب ہے اور یہی سبب بے موقع گفتگو کے ڈھنگ ہیں جو آجکل بکثرت استعمال کئے جاتے ہیں جھوٹ نہ بولنے میں اسقدر احتیاط کرتے ہیں کہ وہ حد اعتدال سے گذر جاتے ہیں اور بے فائدہ باتیں کرتے ہیں مثلاً یہہ کہنا کتنا فضول ہے کہ مجھکو یاد ہے کہ یہہ بات اوس وقت ہوئی جبکہ میں اور میرا بھائی زید نامی چوک میں بیٹھے تھے ۔ ہمیں یاد نہیں بیٹھے

مخاطب کو ٹھیلتے ہیں یا ایکطرف کو دہکا دیتے ہیں اور ہر فقرہ کے آخر میں اوس سے
یہہ پوچھتے جاتے ہیں کہ "دیکھو کیا یہہ سچ نہیں ہے؟" "تم جانتے ہو کہ میں نے تم سے کیا
کہا تھا" "تمہاری کیا راے ہے" اور اسیطرحکے سوال کرتے جاتے ہیں - یا کبھی
اپنے مخاطب کو جبکہ وہ باتیں کرتے ہیں کہنی سے دہکا دیتے جاتے ہیں -
خدا کیواسطے ایسی حرکات سے پرہیز کرو اس عادت سے لوگ تمہاری صحبت کو
ترک کرینگے -

۳۳ بہت باتیں کرنے والے لوگ جنکو بکّی کہتے ہیں اکثر کسی بیچارے آدمی کو
علیحدہ لیجاتے ہیں یا اوس سے بحث شروع کرتے ہیں اور یہہ لوگ اکثر اوسی
غریب بیچارے کو زیادہ ستاتے ہیں جو اسقدر جلد باز نہیں ہوتا اور زیادہ خاموش
یا چپ رہتا ہے یا اوسکو ضرور ایسا کرنا پڑتا ہے کیونکہ انکا مارا ہوا ہے اور یہہ لوگ
اوس غریب کو ستاتے ہیں اور الٹے اوسکو دق کرکے پریشان کرتے ہیں اس حرکت سے
زیادہ کوئی بات خلاف تہذیب نہیں ہے - اگر کوئی ایسے رسم و معمول کے لوگوں
میں سے تمکو پکڑے اور تم فکر کرو اور تم اونکو برداشت کرنا چاہو تو میں تمکو نصیحت
کرتا ہوں کہ تم اونکی باتوں کو جو وہ تمہارے سامنے اونکے منہ سے نکلیں صبر سے
سنتے جاؤ اور ایسا ہی کرنا چاہئے کیونکہ اگر یہہ نکروگے تو انسے
زیادہ اور کیا کرسکتے ہو کہ زبان سے اونکی بات کاٹو یا کسیطرحکی رنجش اپنی
ظاہر کرو -

۳۴ دوسروں کی باتوں میں دخل دینا ایک بہت بڑی نامناسب بیہودہ حرکت ہے
اور ایسے لوگ صحبت کے قابل نہیں ہیں - اس سے زیادہ کوئی بات خلاف تہذیب
نہیں ہے کہ دوسرے کی بات منہ میں سے کاٹ ڈالیں اور خود گفتگو کرنے لگیں

اتمام مسائل هیئت چندین افلاک نو از نهادها یعنی خیال خود بعالم سماوات عطا نموده است
با زور بعضی از جاها اعتراف بعجز خود میکنند و اما مسائل طبیعیات پس باید دانست که
(۱) اول مسئله ترکیب جسم از هیولی و صورت و متعلقات آن موقوف است بر یکه لازم
جسم بر فرض بساطت اتصال واقعی و لازم مقدار ذراعیت بوده باشد مثلاً اول آنکه لازم آید
از وقوع انفصال انعدام آن بالمرّه و وجود چیزی از عدم نیست و اجتماع اتصال و انفصال
در شئ واحد و در اینجا مؤلفین بسرعت در گذشته اند بلکه در جائی که بند بنای این مسئله
تصریح نموده گفته اند که قابل انفصال بالذات مقدار است فقط پس از آن آگاه سه تحکماً
حکم نمودند بفرق میانه انفصال تقدیری و انفصال انفکاکی و حال آنکه ثانی فرع اوست
و بیان کرده اند که واسطه در میان قوه و فعل نیست و حرکت بمعنی القطع وجود ندارد بلکه
موجود حرکت بمعنی التوسط است و آن دفعةً یافته شده پس از آن حکم کردند که حرکت
خروج شئ از قوه بعالم فعل تدریجاً و این عین تمامی کلام است و تصریح نمودند که
زمان موجود است و آن مقدار حرکت است پس آن تقریر کردند که بغیر از آن مثلاً
چیز دیگری موجود نیست و آن غیر زمان است و میگویند طبیعت مقدار بی نهایت نیست
ممتد و مقدار بعد نیست عرضی متصف با امتداد و استکافه یعنی آنها بعد از بعد ... آنکه
ممتد و متوهم در وجود بعد مجرد با وسعت تعبیری در هر یکی از صورت جسمیه [illegible] جاری
میگردد و اعجب از این آنست که انکار وجود بعد مجرد را بنا ینند پس از آن [illegible] فرع
حرکت اینیه را بیان میکنند و آب و باد و خاک و آتش را بسیط میشمارند و عجز خود را
بر تحلیل آنها دلیل قرار میدهند و انحصار عناصر را تردید ناقص ذکر میکنند که گویا ممکن بود
که شد دیده دیگری سر آن تردید افزوده گفته شود هر یک از آنها یا قابل اشتعال است
یا نه و هر یک از آنها یا قابل طرق است یا نه و هیچ شکی نیست که اگر [illegible] ملتهب الا حقه

مولوی وحید الزمان صاحب

فہرست مضامین

غصہ اور رنج اور حسد کے مارے کنووں میں گر کر اپنی جان دیتے ہیں - اور ہوا کے
جھونکے ہی درخت اور دیگر نباتات کے پتے اور تنکے ہیں اوڑا کر کنووں میں لا ڈالتے ہیں
اور لوگ کنووں میں پانی بھرنے کے واسطے میلے اور غلیظ ظروف بہا دیتے ہیں
اور اونکے ذریعے سے پانی بھرتے ہیں - ان [illegible] باتوں سے کنوئیں کا پانی خراب
ہوتا ہے

اسواسطے کنوئیں کے پانی کی صفائی اور عمدگی اس بات
منحصر ہے کہ وہ ایک عمدہ جگہہ میں واقع ہو جہاں کوئی غلاظت اور کثافت آس پاس
نہو اور اوسکی حفاظت اسطرح سے کی جائے جہاں تک ممکن ہو کہ کنوئیں کو
تمام غلاظتوں اور کثافتوں سے محفوظ رکھیں اور خصوصاً جن کنووں کا پانی پینے
اور کھانے میں استعمال کریں اونکی حفاظت اوپری اور بیرونی غلاظتوں سے
اچھی طرح کرنا چاہئے [illegible] ان کنووں کے قریب جہاں قبرستان ہو یا غلیظ گڑہے ہوں
یا بڑے بڑے موریاں غلاظت کی بہتی ہوں یا نالے ہوں (جہاں آدمی پاخانہ
پھرتے ہوں) یا چرم ساز ہوں یا [illegible] یا غلیظ اور گندے چھوٹے چھوٹے گڑھے
ہوں یا تال تالیاں ہوں یا جہاں لوگ نہاتے دھوتے ہوں یا کھیت جہاں
کھاد ڈالی جاتی ہو کنوئیں ہرگز نہیں کھودنا چاہئے اور اگر ہوں تو اسکے
کنووں کا پانی ہرگز ہرگز کھانے پینے کے کام میں نہیں لانا چاہئے
کنوئیں کے آس پاس کی زمین پر کسی قسم کی غلاظت پیدا
اور باقی نہیں رہنے دینا چاہئے اور اوسکی نہ دیکھ کسی جگہہ پانی جمع ہونا اگر ممکن
ہوسکے تو کنوئیں کے منہ پر ایک چھوٹی دیوار پختہ اینٹ اور چونے سے
تیار کرنا چاہئے تاکہ کوئی چیز مثل خراب پانی وغیرہ کے اوسمیں نہ جاسکے یا وسکے

کنوؤن کے پانی کی صفائی اور آمیزش تین امور پر منحصر ہے

اول اوس زمین پر جہان کنوا کہودا جاوے - دوسرے کنوے کے آس پاس کی
سطح زمین پر - تیسرے اون بندوبستون پر جو کنوے کے پانی کو خراب ہونے سے
محفوظ رکہنے کے لئے کئے جاتے ہین - جو بارش کا پانی زمین مین جذب ہوتا ہی وہ کنوؤن
مین جاکر جمع ہوتا ہے اور اوس پانی مین وہ غلاظتین اور کثافتین حل ہوجاتے ہین جو
اوسکو اثناے راہ مین ملتے ہین - اگر کنوؤن کے گرد و نواح مین موریان
اور بدررو بہن ہونگے اور اوسکے نزدیک غلاظتون اور نجاستون کے ڈہیر
اپنا سے ہونگے تو اوسکے پانی سڑی ہوئی نباتی اور حیوانی اشیا سے خراب
ہوجاوینگے - اور اگر کنوؤن کے آس پاس کوڑا کچرا ڈالا جاویگا تو وہ زمین
جہان کنوئین واقع ہین غلاظت اور کثافت اشیاء نباتی اور حیوانی سے خراب
ہوجاویگی اور اوس زمین مین یہہ سب چیزین جذب ہوجاوینگی اور پہر یہی
سامان بذریعہ بارش کے پانی کے اوس زمین مین جاکر کنوؤن کے پانی کو خراب کر
جاوینگے -

علاوہ اون غلاظتون کے جو کنوے کے پانی مین بذریعہ
زمین کے جذب ہوکر آتی ہین اوسمین اور بہت سے چیزین اوپر سے بہی گرتے ہین
اور پانی کو خراب کرتے ہین - جب پانی برستا ہی تو زمین کے سطح کا پانی بہکر
کنوؤن مین جاکر گرتا ہے اور بہت سے سڑی ہوئی حیوانی اور نباتی چیزین بہاکر
اون کنوؤن مین لیجاتا ہی - کنوؤن مین جانورون کے گرنے سے بہی پانی
خراب ہوجاتا ہی - اکثر آدمی جو امراض شدیدہ اور تکلیف دہ مین مبتلا ہوتے ہین
سو تکلیف سے نجات پانے کے لئے کنوؤن مین گر کر مرجاتے ہین اور بہت لوگ

اتفاق

دوہ اگر لوگون سے ملو تو زیادہ تر تسخیر کر لیگا بہ نسبت اوس شخص کے جو بہت ذی علم
اور صاحب لیاقت ہو مگر اوسکا مزاج ملائم نہو — اور جب ایسا شخص جسکا اس قسم کا
مزاج ہوتا ہی جیسے وہ لوگون کو خوش اور راضی رکہنے کا شوق رکہتا ہے ہوتا ہے اور اوسکے دوست
اوسکی لوگ زیادہ عزت اور آبرو کرتے ہین — اسمین کچہہ شک نہین کہ جلسہ یا صحبت مین
کسی کی خوشامد کرنا یا مکاری اور فریب سے کام لینا ایک معیوب بات ہی مگر جو شخص
بہت بڑا صادق اور راست گو ہو وہ بہی اس تدبیر سے کہ جو بات اوسکے خلاف
ہو اوسمین خاموش رہے اور جنمین اتفاق ہو اوسکا بخوشی اقرار کرے لوگونکو
خوش اور راضی رکہہ سکتا ہے — تمکو کبہی کبہی ایسا شخص بہی ملتا ہی جسمین لوگون کو
خوش کرنے کی ایسی عمدہ عادت ہوتی ہے کہ جو شخص اوسکی باتین سنتا ہے یا
اوسکی صحبت مین ایک دفعہ بہی بیٹہہ جاتا ہی وہ اوسکا دم بہرتا ہے اور اوسکی
اس بے تاثیر عادت کا مسخر ہو جاتا ہے — یہہ عادت یا مزاج صرف خداداد ہی
نہین ہوتا ہے بلکہ دنیا کے چال وچلن اور اوسکے نشیب و فراز کو دیکہنے سے
بہی حاصل ہوتا ہی — فقط

تاریخ — راقم محب حسین

سوانح عمری

ارل بیکنس فیلڈ متوفی سابق وزیر اعظم سلطنت برطانیہ

سلطنت برطانیہ مین سب سے اعلی مرتبہ جو کہ رعایا
برطانیہ حاصل کرسکتی ہے وہ عہدہ وزارت ہی — یہہ وہ عزت ہی جو بہت کم اشخاص کی
قسمت مین روز ازل سے تحریر ہوتی ہے اور اکثر بیکواسطے واقعی لیاقتون
کی وجہ سے دستیاب ہوتی ہے — لیکن لارڈ بیکنس فیلڈ متوفی نے بغیر دولت
اور بغیر کسی رشتہ داری اور بغیر امداد کسی دوست و آشنا اور بغیر زیادہ مشہور ہونے کے

پہر رہتے تہے تو اونکو خیال آیا کہ ریولیوشنری ایپک یعنی انقلاب باب
فرانس کے اوپر ایک نظم کی کتاب لکہنا چاہیے اس کتاب کی او ہونسے تین جلدیں
لکہیں اور اونکے پچاس نسخے طبع ہوئے

جب وہ انگلستان کو واپس آئے تو اونہوں نے
دو کتابیں لکہیں - اونمیں سے ایک کا نام "کنٹرینی فلیمنگ" اور دوسری کا
"دی ونڈرس ٹیل آف الاروی" تہا -

بڑے ڈزرائلی ابتدائی زندگی کی مہمانی اور کتابوں کا
سلسلہ میں بسر کرتے تہے اور چہوٹے ڈزرائلی پارلیمنٹ میں شریک ہونے کی خواہش
رکہتے تہے - اور انہوں نے اس معاملات ملکی اور بحث و مباحثہ کے اکہاڑے میں
داخل ہونے کی از حد کوشش کی -

جونہیں مسٹر ڈزرائلی اپنے مشرقی سفر سے پلٹے اونہوں نے
"ہائی وائی کومب" کے ایلکٹ ہونے کی امیدواری کی - لیکن وہ کامیاب نہ ہوسکے -
اور پہر اونہوں نے دوسرے سال "دارلیمنٹ" کے ایلکٹ ہونے کی کوشش کی

فصاحت پیدا ہے - اور ایک صاحب نے اون کے مان کو یہہ کہتے ہوئے
سنا تھا کہ "یہ میں ایک روز وزیر اعظم ہوگا" لارڈ بیکنس فیلڈ کسی مدرسہ عالیہ میں تحصیل
علم کے واسطے نہیں گئے - اور اپنے طور پر خانگی ایک فاضل التحصیل طالب علم
ڈاکٹر لوگون سے درسی کتابین پڑہیں - بعد معمولی ترتیب و سلسلہ کے فراغت
پانے کے اس نوجوان شخص نے سفر کیا اور جرمنی کے مشہور شہرون کو دیکہا -
اور جب وہ سفر سے پہر لوٹے اور وہ اوسکی معاملات اور حالات کے دریافت
کرنے کی غرض سے کچہ وقت کے لئے ایک [illegible] کے دفترون داخل ہوکے
مسٹر آسٹن کے مکان پر جو لارڈ بیکنس فیلڈ کے باپ کے
دوست تہے اونہون نے اوس زمانہ کے چند مشہور اور لائق مردون علما اور فضلا
سے ملاقات کی - اور اس سے اونکا حوصلہ بڑہا - اور اونہون نے ۲۲ برس کے سن
زمانہ نابالغی میں ایک عمدہ ناول لکہا جسکا نام "وویون گرے" تہا جسکی عبارت
اور مضمون سے کچہ کم شہرت حاصل ہوئی -

۱۸۲۷ع میں مسٹر میرڈٹ نے جو اونکی اکلوتی بہن سے
منسوب تہے اونکو بجانب مشرق سفر کرنے پر آمادہ کیا اور [illegible] اثنائے سفر میں
اٹالیہ (روم اعظم) اور یونان کو دیکہا اور پہر وہان سے [illegible] ایسے اور
قسطنطنیہ سے شام اور بیت المقدس اور مصر کو سفر کیا اور وہان سے دریا
نیل کے سرچشمہ کی طرف سفر کرکے ملک نوبیا کو دیکہا [illegible] نوجوان
مسافر اسنے کتابین لکہنے سے غافل رہتا - اور اسی دوران میں اونہون نے ایک
کتاب "ونیگ ڈوک" لکہے اور اوسکو چہپوایا - جب وہ [illegible] سفر سے [illegible] کے ابتدا میں

اور اوس سے بھی محروم رہے۔ جب اس جگہ سے بھی ناکامیابی ہوئی تو اوہون نے
"ہیر ہامی وائی کومب" کے لوگون سے جو اون کے ہمدردی سے ایک مرتبہ اور الکٹر
ہونے کی درخواست کی اور اوس مین بھی بطور سابق ناکامیاب ہوئے۔ اوہون نے
"ہیر ٹامٹن" کے الکٹر ہونے کی کوشش وسعی مین ناکامیابی اوٹھائی لیکن اسکا جو صلہ
سنہ ۱۸۳۷ع مین نکلا اور وہ "میڈاسٹون" کے الکٹر ہوکر پارلیامینٹ مین پہنچ گئے۔
جب مسٹر ڈزرائیلی نے اول مرتبہ ہاوس آف کامن
مین کھڑے ہوکر گفتگو کی تو وہ اوسمین ناکامیاب ہوئے۔ مسٹر [illegible] کہتے ہین
کہ جب اون کی گفتگو اور بناوٹی فصاحت پر لوگون نے قہقہے اوڑائے تو
اوسوقت اوہون نے پیچ وتاب کہا کر کہا کہ مینے بہت سے کامون مین [illegible] بار
شکست اوٹھائی ہے اور پھر آخر کار اونمین کامیاب ہوا ہون اور اب تو مین
بیٹھا جاتا ہون لیکن وہ وقت بہت جلد آویگا جب تم مجھکو [illegible] کرتے ہوئے سنوگے
آخر الامر وہی وقت آیا اور پھر کسطرح سے مسٹر ڈزرائیلی نے اون بہت سے لوگون کے
درمیان جو دنیا مین اول درجہ کے سمجھے جاتے ہین گفتگو کی اور اونکے فقرہ [illegible]
مائل کیا۔ یہہ امر اسبات ارادہ اور [illegible] کا [illegible] والا [illegible] ہے
اور [illegible] ہم اس فقرہ سے [illegible] کر سکتے ہین کہ [illegible] کا
پہل کیا ہوتا ہے [illegible] مسٹر ڈزرائیلی کو [illegible] سوال کو [illegible]
[illegible] اوہون نے ایسا نہین کیا [illegible] آدمی [illegible]
جیسے وہ [illegible] کام مین ناکامیاب ہوتے ہین تو [illegible]
[illegible] ہین اور [illegible] واپس ہوکر [illegible] ہین [illegible] اوہون نے

وصیت یہہ ہے کہ وہ ایک عمدہ لائق بی بی ہے"

ایک انگریز مسٹر ڈزرائیلی کے لڑکپن کی کیفیت خانگی
حسب مندرجہ ذیل تحریر کرتا ہے —

اگرچہ عام جلسون اور صحبتون مین مسٹر ڈزرائیلی عادتاً خاموش
اور کم سخن رہتے تھے مگر وہ لوگون کی چال ڈھال اور باتون کو بڑے دھیان سے
مشاہدہ کرتے رہتے تھے اون کے دل مین جوش پیدا کرنے کے لئے اور اونکو
اسی قسم تقریر اور دلچسپ مقال پر آمادہ کرنے کے لئے یہہ ضرور ہوتا تھا کہ کوئی
بات خاص مدعا کی نسبت کیجاوے اور جسوقت اونکو جوش ہوتا تھا تب اونکی تقریر
اور قوت بیانی قابل تعجب تھی اور انمین وہ قوت پیدا تھی کہ جسکو چاہین اونکو
رولا دین اور جسکو چاہین ہنسا دین۔ جب چاہین اونکے دلون مین جوش
پیدا کر دین اور جب چاہین اونکو ٹھنڈا کر دین —

ابتدا مسٹر ڈزرائیلی معاملات سیاسی مین بطور ایک
سخت ریفارمر یا مصلح کے داخل ہوئے — لیکن بعد اسکے وہ فرقہ کنسرویٹو مین
شریک ہوئے جسکے رہنما اوسوقت سر رابرٹ پیل تھے — جب سر رابرٹ نے
اصول "فری ٹریڈ" یا آزادہ تجارت کو اختیار کیا تو مسٹر ڈزرائیلی نے اونکو
چھوڑ دیا اور اونکے سخت مخالف ہوئے — لارڈ جارج بنٹنک کے مرنے پر وہ
ہاؤس آف کامنس مین اس مخالفت کے لیڈر یا رہنما ہوئے۔ ۱۸۵۲ع مین
اونہون نے اپنی عمدہ صفت استقلال کی وجہ سے اس بات کا قابو پایا کہ اونہون نے
ایک کانسرویٹو "کیبینٹ" بسرداری لارڈ ڈربی مستحکم کیا۔ اور خود چانسلر آف

سال گذشتہ میں حسب ذیل رائے دیتا ہے —

" لوگ کہتے ہیں کہ لارڈ بیکنس فیلڈ ایک ذی حوصلہ شخص تھا
میں چاہتا ہوں کہ کوئی مجھکو ایسے شخص کو بتلا دے کہ جسنے امور سیاسی میں ایسا
بڑا درجہ پایا ہو اور اس رتبہ تک پہونچا ہو اور اوسمیں حوصلہ اور خواہش ہو —
کوئی شخص لارڈ بیکنس فیلڈ پر کسی ناقابل اور بیہودہ خیال کا الزام نہیں لگا سکتا ہے
ہم اون کے معاملات سیاسی کے رایوں سے اتفاق نہیں کرتے ہیں لیکن
ہم ضرور اوسکے دیانت اور لیاقت کی تعریف و ثنا کرتے ہیں جو کہ اونھوں نے
اسقدر مشکل و دشوار کاروبار میں ظاہر کی — میں اسبات کا کامل یقین کرتا ہوں
کہ لارڈ بیکنس فیلڈ تمام اون باتوں کو ملحوظ رکھتے تھے جنکو وہ اپنے وطن
کے حق میں اچھا سمجھتے تھے اور جنکو وہ اپنے بادشاہ کے توقیر کے واسطے
اچھا خیال کرتے تھے "

تھوڑا عرصہ گذرا کہ مسٹر گلاڈسٹون وزیر اعظم نے
لارڈ بیکنس فیلڈ کے لئے ایک یادگار تیار ہونے کی تحریک کی اور کہا کہ اس شخص
کی بزرگی اور لیاقت ایسی تھی کہ جسکے صلہ میں قوم کو اوسکے یادگار طیار کرنی آتا تھا
مسٹر گلاڈسٹون نے خود اپنے زبان سے حسب ذیل کلمات لارڈ بیکنس
فیلڈ کے نسبت ارشاد کئے تھے —

" اگر میں لارڈ بیکنس فیلڈ کے اوصاف اور اونکی بزرگیان
صاف صاف اور واضح بیان نکروں اور اونکی ثنا و صفت میں زبان نکھولوں
تو یہ بات انصاف سے بعید اور تہذیب سے دور ہوگی — اگرچہ اونمیں اور مجھمیں

ارل امہرسٹ

ارل ولیم پٹ امہرسٹ سنہ ۱۷۷۳ع مین پیدا ہوسے اور سنہ ۱۸۱۶ع مین سفارت چین پر مامور ہوسے چونکہ اوہنون سنے دربار چین سکے قواعد کی پابندی مین اپنی ذلت خیال کی اور اوسکے قبول کرسنے سے انکار کیا اسواسطے سفارت وہان سے برخاست کرلی گئی لارڈ امہرسٹ سنہ ۱۸۲۳ع مین عہدہ گورنر جنرل ہند پر مقرر ہوسے اور اسی سال کے اگسٹ مہینہ مین اوہنون سنے گورنری کا کام لیا برہما کی لڑائی بارکپور کا غدر بہرتپور کی فتح انہین سکے عہد مین واقع ہوی جسکا ذکر ذیل مین مختصر طور پر کیا جاتا ہے —

برہما کی پہلی لڑائی سکے چند سال پیشتر برہما والون سنے انگریزی سرحد پر فساد اور پیش قدمی شروع کی اور شاہپور پر (جو ایک کم آباد جزیرہ ضلع چباگنج سکے سرحد پر واقع ہے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کی عملداری مین تہا —) قبضہ کرلیا اس جزیرہ مین تہوڑی کمزور فوج تہانہ سکے محافظت سکے لئے رہ گئی تہی جنکو برہما والون سنے قتل کرڈالا اور بہگا دیا لارڈ امہرسٹ سنے اس جزیرہ کو پہر فتح کیا اور برہما کی فوج کو وہان سے نکالدیا اور بعد اسکے سرکار برہما کو فہمایش کی کہ اس فتنہ و فساد سے باز رہین مگر اوس سے اس تاکید کو سرکار انگریزی کی بزدلی اور خوف پر محمول کیا انگریزی فوج کو بنگالہ سے نکالدینے سکے لئے ایک لشکر ارکان کو بہیجا جب لارڈ امہرسٹ سنے دیکہا کہ امن قایم رکہنے کی کوشش مین کامیابی نہین ہوتی ناچار ۲۴ فروری سنہ ۱۸۲۴ع کو اشتہار جنگ دیدیا —

نے دوسری قوم اور ملت کے کتابون کو غارت کیا ہے چنانچہ اسبات کا ثبوت ہم مندرجہ
ذیل کے تاریخی بیانات سے کرتے ہین جنکو ہمارے ناظرین امید ہے کہ بہت پسند فرماوینگے
"فی الواقع علم کے خزانون کو جیسا کہ وقت نے برباد کیا ہے
اوسی طرح انسان نے بھی اوسکو غارت کیا ہے یہہ بات مسلمہ ہے کہ جب بابل
کو فتح کیا تو اوسوقت اونہون نے بڑے بڑے شہرون اور قریون کو اونکے
اور اونکے غضب کی آگ انسان ہی کے خون سے نہیں بجہی بلکہ اوسکے شعلے
تمام معلومات کے مشہور چیزون کو گہیر لیا اور اونہون نے حالت طیش اور غضب مین
تمام مشہور عمارات عظیمہ کو کہدوا ڈالا ہے اور بڑے بڑے کتاب خانون اور کارخانون کو
غارت کیا ہے چنانچہ ارسطون یا ایرانیون نے جب قبطیون اور مصریون پر غلبہ کیا تہا
تو اوسوقت مذہبی تعصب سے اونہون نے ان قومون کی کتابون کو غارت کیا تہا
جنکی تعداد [illegible] لوسی بس" بہت زیادہ بتلاتا ہے - فرقہ "ہیپوکریٹس" ایک
بہت بڑے کتاب خانہ کو جو یونان مین مقام "[illegible]" تہا جلا کر خاک کر دیا تہا
کیونکہ "[illegible]" کے اعتقاد سے اس فرقہ کے اصول مذہب کو نہیں مانتے تہے
اگلے زمانون نے یہود اور نصارا اور حکیمون کے کتابون کو جلا دیا تہا - اور یہودیون نے
نصرانیون اور مشرکون کے کتابون کو غارت کیا تہا اور پہر نصرانیون نے یہودیون
اور مشرکون کے کتابون کو برباد کیا تہا مذہبی فرقے ہمیشہ دوسرے [illegible] دوسرے
بدعتیون کے کتابون کو متواتر جلاتے رہتے ہین - اسکندریہ کے کتاب خانہ عظیم کو
جسمین بڑی بڑی نفیس قیمتی اور نایاب کتابین تہین پہلے نصرانیون نے غارت کیا تہا
اور بعد بارہ برس تک اس کتاب خانہ کی خالی الماریون کو دیکہکر لوگ رونا کرتے تہے

کورٹ آف ڈائرکٹرز نے اس لڑائی مین جو شاہ آوا کے ساتھ واقع ہوئی لارڈ امہرسٹ کی چالاکی اور ہمت اور فتح تک مستقل مزاجی کا شکریہ ادا کیا ہے فقط باقی آئندہ ۔

راقم اکرام الدین خان سوم تعلقدار ضلع شورا پور

کتابون کی غارت گری

آج کل بعض بعض حضرات کو مہذب بنکر تھوڑی سی انگریزی زبان سیکھکر طرح طرح کے وسوسون اور خیالات باطل مین مبتلا ہو گئے ہین اور علوم و فنون کی تحصیل مین کوشش نہین کرتے ہین اور اپنے خیالات کو اصل فطرت اور الہام سمجھتے ہین کبھی کبھی گفتگو مین ایسے مضامین بھی زبان پر لاتے ہین جن سے عوام الناس کے دلون مین طرح طرح کے وسوسے اور اوہام پیدا ہو جاتے ہین ۔ چنانچہ اسکندریہ کے کتابخانہ عظیم کی غارت گری کا ذکر بھی وہ براہ طنز کبھی کبھی کرتے ہین جو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ دوم رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین ہوئی تھی اور انہون نے حکم دیا تھا کہ اس کتابخانہ کی کتابین حمام والون کو تقسیم کر دی جاوین اور وہ ان سے حمام گرم کرین اور انہون نے فرمایا تھا کہ کافی ہے ہمکو کتاب اللہ ۔ چنانچہ ۴۰۰۰ ہزار جلد کتابین جلا دی گئیں اور ان سے چھ مہینے تک حمام گرم رہے

ہم ان صاحبون کی خدمت مین یہ عرض کرتے ہین کہ اگر یہ فعل حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تھا تو کچھ اچھا اور برا نہین تھا جیسا کہ وہ خیال کرتے ہین مدامہا فعل کو اکثر سلاطین سابق اور مابعد نے بھی کیا ہے اور اکثر سلاطین مذہب نے بارہا کتابخانہ غارت کئے ہین اور مذہب تابع ہونے کے لئے ہمیشہ ایک قوم بالت

ادب

شرح حال اگهوریان باشوکت وشان

الحماقة اعيت الاساة — الوقاحة لا تقبل المداوا

اللئامة لن تزول الى الممات — فدع الاوغاد ولا ترجو لهم ا

عجیب‌ترین همه امور و غریب‌ترین همه چیزها است که ما سه کور
دانا داریم — و کوری خود را نیز انکار و غباوت الذهنی خویش را ظاهر و هویدا
میدارد — این الکهان را اگر گوش شنوا بودی میبایست که لااقل میان ولوله
لسان و تعبیرات واضحه و تقریرات صریحه و تقریب امثال و حکایات که تمدنها
و با انواع کنایات و با صنایع اشارات حقیقت روشن و ماهیت کنش ایشان را ادا
نمایند — دار فساد طولانی و تباهی نشئه آنان را شخروار کرده — بلکه ببعد ایشان را به
داشت که اقرار کنند که جمیع حرکات و سکنات و همه افکار و نیات ایشان ناستوده
و همه افعال و اعمال آنان موجب خرابی و تباهی است — و این کرانِ مادرزاد
اگر چشم بودی ممکن بود که نقاشانِ بلیغ و رسامانِ دانا و پیکرتراشان توانا بدستکار
صناعت و بنیروی فطانت نقش سیرت و شناعت سریرت و زشتی خصال و نار استی
حال و جهالت و ضلالت و حماقت و دنائت ایشان را بصورتی مصور نموده و
بهیکلی مجسم گردانیده بر ایشان نشان دهند تا آنکه بر حال و مآل خود واقف
گردند — ولی بسیار افسوس بسیار افسوس که این کورانِ مادرزاد را گوش است
و نه این کرانِ مادرزاد را چشم — اگر این کوران و این کران را حاسه لمس می‌بود

وجود سے نفرت تھی،

مسلمانون کو شروع اسلام سے ان فرقون کیطرح علمی کتابون

و کتب خانون سے تعصب نہ تھا بلکہ حدیث کی صحیح صحیح کتابون مین ثابت ہے کہ حضرت عمر

توراۃ پڑھا کرتے تھے اور اورون کو بھی سنایا کرتے تھے حالانکہ توراۃ ایک مخالف لوگونکی

کتاب تھی جو مسلمانون سے کیسا سخت دشمنی رکھتے تھے یعنی یہودیون سے اور ایکبار

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے توراۃ تشریف لائی گئی تو آپ نے

ادب سے اوسکو تعظیم کر کہا اور فرمایا آمنت بک وبمن انزلک یعنی ایمان

لایا مین تجھپر اور اوسپر جس نے تجھکو اوتارا ۔ اسیطرح مشہور بادشاہ اور مامون کے بعد

دیگر خانوادہ عباسیہ کے وقت مین مسلمانون سے جو علمیت اور توقیر علمی کتابون

اور علوم کی ہے وہ اسکا یادگار ہے پس اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ

اہل اسلام ہمیشہ سے علم دوست اور علوم و فنون کی کتابون اور کتب خانون کے

سرپرست اور قدردان ہین اور ہمارے ہی مذہب کے بعض حضرات کا یہ خیال کہ

مسلمانون نے علمی کتابون کی غارتگری کی محض غلط ہے ۔ جو واقعہ اسکندریہ مین

ہوا اوسکی صورت اچھی طرح سے بیان ہوئی اور یہ بات ثابت ہوئی کہ یہ حکم خلیفہ کا نہ تھا

اور اوس زمانہ کی حالت اسباب کو مقتضی ہے کہ حضرت عمر کو اس واقعہ کی خبر بعد وقوع کے

ہوئی ہوگی اسلئے کہ اسکندریہ مدینے سے مہینون کی راہ پر واقع ہے اور مدینے تک

کبھی خبر پہونچ سکتی تھی اوسوقت کوئی ذریعہ ایسا نہ تھا جیسے تار برقی یا ریل وغیرہ جس سے

بات ممکن ہوتی کہ یہ واقعہ حضرت عمر کی اطلاع اور ایما سے ہوا ہوگا فقط

راقم محب حسین

البته حوادث و آفات دهر و مصائب و بلیات روزگار و دشواریها و کجیهای
زمانه ایشان را بعبادت و سبک عقلی و خباثت و سفاهت و شرارت و کج اندیشی
خودها آگاه میگرداند — لکن صد اسف که این کوران و این کران چون وصول شمول
قوّهٔ لامسه هم ندارند — جای عجب اینجاست که با وجود آنکه ایشان بدین حالند
هر یکی خود را (سقراط) یونانی و (کنفیشیس) چینی و (ستانیلیون) امریکائی
و (مترابومی) فرانساوی و (گاریبالدی) ایطالیائی میشمارند — بلکه ایشان را
ناقص و خیالاتشان را پست و کارهاشان را حقیر و خرده انگاشته خویش را تفضیل میدهند
— و اظهار تأسف مینماید که قوم او حقیقت و کنه ماهیت او را نفهمیده تعظیم و توقیر
لائق بجا نمیآورند — اینست بیماری حاقیکه جمیع اطبا از مداواتش آن عاجز شده اند
— بارها تجربه شده است که این اقبال‌گشتها خودها را (تمستوکلس) و (ارستید)
میدانند — و این روباه خصلتان خودها را از آنیبال افریقی شجاع‌تر گمان میکنند
— چه روی داده است که این هنشقه‌ها دعوی آیاسی مینمایند — و این گنگها خودها را
(دیموستنیس) و (سیسرون) میانگارند — و این مادرها با مقنّع سر همسری
دارند — و این خیاست‌کاران طعنه بر سموئیل میزنند — و این ابوجهلها خودها را
از محمد اعقل میدانند — و این چنگیزها نوشیروان را ظالم مینامند — و این
شکم پرستان حسیس النفس ابو یزید را شره میگویند — و این بوزینه‌ها دعوی
انسانیت میکنند — اینک کوران دوربین و کران تیزگوش و کودنان هوشیار
و بلیدان خردمند و ضعیف الرأیان عاقبت اندیش و جاهلان علامه فتی الفلسان
اشفقت و خائنان با امانت و گمراهان راه بر و وحشی خصلتان مدنیت گستر و مفسدان

هرستند آیا از برای تعدیل افکار و تقویم اخلاق من خواهد بود و یا از برای فساد و تباهی
آنها؟ و اگر معلم بوده باشند آیا تعظیم و تکریم آن خواهد بود و اگر معلم مرا از روی صدق
و راستی تحصیل و توقیر نماید همین بدین دلالت میکند که باید معلم من در تعلیم و تربیت
طریق خیانت را پیش گرفته باشد ــ ندانستن این امر واضح آیا از غباوت طبیعت ــ
سبحان الله آیا درد نگهبانی خواهد کرد ــ عجب این چه بلاهت است آیا استبطال
[illegible] می‌کنند ــ این چه بلاهت است که [illegible] بهبودی او است
آیا [illegible] خواهد کرد که از برای معالجه چشم من طبیب حاذقی بدست آرد ــ البته
طبع بجا است خیال محال ــ [illegible] باطل چنان لباس حق را پوشیده تا
گوشت افعی آن را ذکر نماید [illegible] از افاده [illegible] تا کجا به آنها [illegible] لهذا [illegible]
این دلیل را کافی نخواهی شمرد و از این جهت طرز دیگری را پیش گرفته میگوید تربیت
و تعلیم نفس واحده [illegible] تصور می‌شود نخستین آنکه آن شخص را [illegible] اتکا
و بنای تربیت و تعلیم آن را اولاً و بالذات به منفعت القوم که [illegible] باکه آن
و منفعت ذات آن شخص در درجه ثانیه و بالتبع ملاحظه کرده ــ و منفعت قوم [illegible]
[illegible] که منافع افراد باشد جداول از آن متفرع می‌شود ــ [illegible]
تقدیر خانواده [illegible] که [illegible] مجموعه باشد و هیئت مجموعه که از آن قوم تعبیر [illegible]
[illegible] محافظ افراد [illegible] آنکه بنای تربیت و تعلیم آن شخص [illegible]
[illegible] ملاحظه [illegible] آن [illegible] تربیت و تعلیم آن اولاً و بالذات منفعت دیگران
و فائده [illegible] ملحوظ شده منفعت خود آن شخص بالتبع باشد ــ اکنون میتوان
گفت که این تربیت شالوده قوم آن را نفع خواهد بخشید آیا میتوان گمان کرد که [illegible]

از عدم تمیز و نیکی و بد — آن ستایشے را که در یک ساعت اگھوری با اگھوری دیگر به کسے —
(لبنا رک) و (عزم چکنت) را در تمام عمر حاصل نشده است — الغرض این نهاد نیست بس
عجیب است — عجیب از این هست رو بعجب از این — بے حیائی — گمان مکن که باید اگھوری
عریان و فقیر بوده در کوچه ها و بازار ها بگردد — اینک اگھوریان صاحب خدم و حشم
اگھوری بودن بدل است نه بلباس — اگھوری شدن کار هر کس نیست که می تواند
حیا را از خود سلب کند مگر آنکه درین طریقه زائیده شده باشد و یا آنکه از سرشته سے ابا
گردیده باشد — نهایت تکبر را هرگز ندیده — که را نهایت دل در شخص و امید سے
جمع شود ایک — باقی آئنده — راقم جلال الدین حسینی

کرۂ زمین کے نسبت اگلے لوگوں کے خیالات

سر داران صاحب کہتے ہین کہ علم نجوم اور علم کیمیا کے زمانہ کے بہت پہلے تک
لوگوں کا یہہ خیال تہا کہ کرہ زمین ایک بہت بڑا وسیع میدان ہے اور ساکن ہے اور جملہ
کائنات کا مرکز ہے اور اجسام فلکی جو کہ ستے چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں اوسکے
گرد گھومتے ہین — ارسطو جو اوس زمانہ مین بہت بڑا حکیم تہا اپنے شاگردوں کو
سکہاتا تہا کہ " اجسام فلکی کرون مین جڑے ہوئے ہین اور وہ زمین کے اطراف
ان کرون کے ساتھ دورہ کرتے ہین — اجسام فلکی بالذات ساکن ہین —
بلکہ وہ ایسے جیسے ساکن ستارے قایم ہین اور پہر پانچ سیارے ہین اوکے
آفتاب ہے اور زمین ہے اور زمین کے بعد مہتاب ہے — زمین بالذات
ساکن ہے اور تمام کائنات کا مرکز ہے "

راقم محب حسین

كلمة الحكمة ضالة المؤمن حيث وجدها فهو احق بها

خذوا الكلمة الحق من سفيه ودعوا الكلمة الباطل من نبيه

نشان ۱۰ عدد ماہ ذی حجہ ۱۲۹۸ھ مطابق اکتوبر ماہ اکتوبر سنہ ۱۸۸۱ع

جلد اول رسالہ بے نظیر کیمیا تاثیر واحد

کا مسمّٰی

معلم شفیق

مشتمل بر علوم و فنون قدیمہ و جدیدہ [illegible]

ریاضیات - طبعیات - الٰہیات - تجارت - اخلاق

طب - تاریخ - جغرافیہ - ادب - کیمیا - سیاست - معادن -

إن الله وملائكته يصلون على معلم الناس الخير

اشتہار

اس ماہ سے جلسہ خیرخواہ شدہ دفع حیدرآباد دکن کی کارروائی وغیرہ طبع ہونے کے لیے ایک مطبع اندر چادرگھاٹ ریزیڈنسی متصل ماکہ انگریزی ترپ بازار میں قائم ہوا ہے ۔ اور اس مطبع میں بہت خوشنما کتابیں اور رسالے ارزاں قیمت سے بہت کم اجرت سے چھپتے ہیں ۔ اسواسطے حضرات خریداران سلم اور دیگر معززین اور شائقین بلدہ کی خدمت میں التماس ہے کہ براہ عنایت جو کچھ کام طبع فرمانا چاہیں اوس سے اس مطبع کو سرفراز فرماویں ۔ اہتمام اوسکا عمدہ اور درست ہوگا ۔ المشتہر تجمل حسین مالک و مہتمم مطبع اسلامیہ واقع چادرگھاٹ

اشتہار

ہمارے مطبع میں چند نسخے مولوی وحید الزمان صاحب کے لغات کے فروخت کے واسطے موجود ہیں ۔ جن صاحبوں کو خریداری منظور ہو وہ فی نسخہ ایک روپیہ پیشگی روانہ فرماکر خرید فرماویں یہ نسخے بہت کم ہیں ۔ اور پھر ملنا انکا دشوار ہوگا المشتہر تجمل حسین مہتمم [illegible]

رسید زر از حضرات خریداران سلم

میر اشفاق حسین صاحب [illegible] اول ۔۔۔	[illegible]
چوبے پرشوتم داس صاحب مترجم اول دفتر معتمد مالگزاری سرکار عالی	[illegible]
راجہ گردھاری پرشاد صاحب مدد سررشتہ دار جمعیت باقاعدہ سرکار عالی	[illegible]
میر عبد الجواد صاحب مدرس مدرسہ اعزہ	[illegible]

فہرست مضامین

مقدمہ

یہ رسالہ ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ طبع ہو کر خریداروں کے پاس آتا ہے

علوم و فنون قدیمہ اور جدیدہ یعنے ریاضیات طبعیات۔ آ[illegible]

تجارت۔ اخلاق۔ طب۔ تاریخ۔ جغرافیہ۔ ادب۔ کیمیا۔ نباتات۔ معادن۔

وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔

عمدہ عمدہ مفید کتابوں کے ترجمے جنکی آجکل ہماری قوم کو ضرورت ہے تحریر کیے جاتی ہیں۔

مفید چیزوں کے تیار کرنے کے مجرب نسخے اور ولایتی اشیا کے بنانے کی صحیح صحیح ترکیبیں تصریح سے لکھے جاتے ہیں۔

زراعت اور دیسی پیداوار کی ترقیوں کی تدبیریں مندرج ہوتی ہیں اور زراعت کے تجربے مختلف زبانوں کے رسالوں سے ترجمہ ہو کر شایع ہوتی ہیں۔

شرح قیمت بحساب مندرجہ ذیل ہے

(۱)	جو صاحب بلدہ میں تشریف رکھتے ہیں اون سے سالانہ پیشگی		[illegible]
(۲)	"	" ششماہی	[illegible]
(۳)	"	" سہ ماہی	[illegible]
(۴)	"	" فی رسالہ	۱۲
(۵)	اور جو صاحب بلدہ میں تشریف فرما نہیں ہیں اون سے سالانہ معہ محصول ڈاک پیشگی		[illegible]
(۶)	"	" ششماہی	[illegible] ۱۱
(۷)	"	" سہ ماہی	[illegible]
(۸)	"	" فی رسالہ	۱۲

واضح ہو کہ جو صاحب اس بابت میں ہیں اون سے رقم سکہ حالی اور دوسروں سے کمپنی لیجاوے گی۔

علمی خبرین

سنتے ہین کہ اس آنے والے بڑے دن کو اخبار، گرافک کے پانچ لاکھہ پچاس ہزار (۵۵۰۰۰۰) نسخے طبع ہوکر خریدارون کو تقسیم ہونگے
حاشیہ اڈیٹر معلم — افسوس صد افسوس ہا رے اہل وطن عیدین کے ہفتون کے رسالون اور اخبارون کو پڑھتے تک ہی نہین خریدارون کے تعداد کی ترقی تو کجا —

ہندوستان کی صنعت اور کاریگری کی جو نمائش گاہ مقام شملہ پر ہوئی تھی اوسمین اس سال تصویرون اور دیگر اشیا کے فروخت کرنے سے بارہ ہزار روپیہ کی آمدنی ہوئی اس آمدنی مین بہ نسبت سال گذشتہ کے آمدنی کے جو پانچ ہزار روپیہ کی تھی ترقی ہوئی — سب سے زیادہ چیزین لارڈ ریپن نے اس نمائش گاہ مین خریدکین —

مغربی شمالی کے ایک اخبار سے معلوم ہوا کہ امرتسر مین اسقدر تپ دباہی بخار سے اب تک نو ہزار آدمی مرے ہین — یہہ تعداد مردون کی جو اس بیماری سے مرے ہین چند سال گذشتہ کی تعداد سے زیادہ ہی ڈاکٹر بنٹ صاحب مددگار صدر مہتمم صفائی (ڈپٹی سنیٹری کمشنر) نے اس بیماری سے مرے ہوئے آدمیون کی بہت سے لاشون کو چیر کر امتحان کیا اور انکو کوئی علامت ٹائیفائڈ فیور یعنے تپ بلغمی کی نہ ملین وہ کہتے ہین کہ یہہ بخار

ہیئت

دمدار ستارہ

(جسکو عربی میں ذوالذنب اور انگریزی میں کامٹ کہتے ہیں)

دمدار ستارہ ایک خاص قسم کے اجسام فلکی ہیں جنکا علاقہ نظام شمسی ہے۔ انگریزی میں دمدار ستارہ کو کامٹ کہتے ہیں۔ کامٹ "کومٹا" سے مشتق ہے جو لاطینی زبان کا ایک لفظ ہے اور جسکے معنی بال کے ہیں چونکہ دمدار ستارہ میں بالوں کی پونچھ سی ہوتی ہے۔ لہٰذا اسکا نام اونہون نے کامٹ رکھا جسقدر اوہام اور خیالات فاسد اس ستارہ کے دکھائی دینے سے لوگوں میں پیدا ہوتے ہیں وہ اور کسی ستارہ کی دور اور رویت سے نہیں ہوتے جب دمدار ستارہ نکلتا ہے تو عوام الناس میں ایک تہلکہ پڑجاتا ہے اور وہ خیال کرتے ہیں کہ یہہ علامت خاص اتفاق کی ہے کہ قہر اور غضب خداوند تعالیٰ جل شانہ کا نازل ہونے والا ہے اور یہہ پیشگوئی کرتا ہے اس امر کی کہ کوئی عظیم سیاسی انقلاب واقع ہوگا یا کوئی بڑا بھاری تغیر آب وہوا میں پڑیگا یعنی کوئی وبا یا طوفان عظیم آویگا۔

تمام ہیئت دان اس بات پر متفق ہیں کہ یہہ ستارے سیارے ہیں اور ان میں صرف فرق یہ ہے وہ آفتاب سے آتی ہے اور جن قواعد کے ذریعہ سے اور سیارے انتظام پاتے ہیں۔ وہی قواعد ان میں بھی جاری ہیں دمدار ستاروں میں خصوصیت یہہ ہے کہ انکا دورہ بے ترتیب ہوتا ہے۔

ہیلی صاحب کا دمدار ستارہ

یعنی مدور نہیں ہوتا اور وہ ہر طرف سے طریق شمسی میں داخل ہوتے ہیں ۔
مثل دوسرے سیاروں کے دم دار ستارہ کا قرص دکھائی
نہیں دیتا ہے۔ اسکی روشنی زردی سپیدی مائل ہوتی ہے اور اسکی ایک
دم اکثر ہوتی ہے یا یوں کہو کہ ایک روشنی کا سلسلہ ہوتا ہی اور یہہ دم اوس
طرف سے دم دار ستارہ کی پیدا ہوتی ہی جو آفتاب کے روبرو نہیں ہوتی
ہی اور اس دم کی جڑ ہمیشہ آفتاب کے مقابل رہتی ہی ۔

دم دار ستاروں کی تعداد بہت کثیر ہی انمیں سے بہت سے ایسے
ہیں جو طریق شمسی کے برابر دورہ کرتے ہیں۔ اور بہت سے ایسے ہیں جو
آفتاب سے پیچھے کی طرف چلے جاتے ہیں۔ اکثر بڑے بڑے دم دار
ستارے دکھائی دیتے ہیں ۔

جو دم دار ستارہ سنہ ۱۸۴۳ عیسوی میں نکلا تھا وہ تمام یورپ میں دکھائی
دیا تھا ۔ ۲۷ دسمبر سنہ مذکور کی شام کو یہہ ستارہ حضیض (یعنی وہ نکتہ اوسکے
دور کا جو آفتاب سے نہایت قریب ہی) سے گذرا اور اوسوقت اوسکا فاصلہ
آفتاب سے ۱۴۶۰۰۰ میل کا تھا اور آفتاب کے مرکز سے ۵۸۴۰۰۰ میل کا تھا
یہہ ستارہ بحساب ۱۲۵۰۰۰ میل فی گھنٹہ راستہ طے کرتا تھا اسکے دم کا طول
۱۱۲۷۵۰۰۰ میل کا تھا ۔ اگر ایک ریل گاڑی بحساب ۲۰ میل فی گھنٹہ جاوے تو
اسقدر فاصلہ کو ۵۷۰ سال میں طے کریگی اور اسکا نکتہ اوج جو آفتاب سے
نہایت بعید ہی ۱۲۳۵۰۰۰ میل کے فاصلہ پر ہے یہہ دم دار ستارہ اپنی
گردش کو ۵۷۶ برس کے عرصہ میں پورا کرتا ہے اور وہ سنہ ۱۹۶۳ عیسوی میں

میں نکتہ اوج پر پہونچیگا اور ۲۲۵۵ عیسوی میں پہر نمودار ہوگا ۔

ایک مشہور دمدار ستارہ جسکو ہیلی صاحب کا دمدار ستارہ کہتے
ہیں بعد ہر ۷۶ سال کے عرصہ کے ہمیشہ ۱۴۵۶ع ۱۵۳۱ع ۱۶۰۷ع ۱۶۸۲ع
۱۷۵۹ع اور اخیر ۱۸۳۵ع میں متواتر نکلا ہے ۔ اس ستارہ کو ہیلی صاحب کا
دمدار ستارہ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اونہوں نے پیشین گوئی کی تھی
کہ یہ ستارہ ۱۷۵۹ع میں نکلیگا ۔ سیارہ جارجم سڈس کا مدار اس
دمدار ستارہ کے مدار کو برابر دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور اس دمدار ستارہ
کا اوج یعنے نہایت بعد آفتاب سے ۳۳۴۲۵۰۰۰۰۰ میل کا ہے ۔ ۱۶ نومبر
۱۸۳۵ع کو یہ ستارہ اپنی مقام حضیض (نکتہ نہایت قریب آفتاب) سے گذرا تہا
اور امید ہی کہ یہی ستارہ پہر اخیر فروری کو ۱۹۱۱ع میں نکلیگا ۔

دو دمدار ستارہ ۱۸۶۳ع میں نکلا تہا اوسکا مدار بہت لنبا تہا اور
ہیئت دانوں نے قیاس کیا تہا کہ اوسکے نکتہ حضیض کو نکتہ اوج کے درمیان
میں ۵۴۰۰۰۰۰۰۰ ار کا فاصلہ ہے ۔

ایک دمدار ستارہ ۱۸۲۶ع میں نمودار ہوا تہا جسکو ہیئت
دانوں نے شمار کیا تہا کہ وہ ۶¾ سال میں ایک بار اپنا دورا گرد آفتاب
کے پورا کریگا اور دکھائی دیگا لیکن ۱۸۵۲ع سے اب تک کہ ایک [illegible]
سال کا عرصہ ہونے کو آیا ایک بار کبھی وہ دکھائی نہیں دیا ۔ اور تحقیق
اونکے حساب کے رو سے اور ۳⅓ سال میں ایک بار نمودار

ایک مرتبہ آفتاب کے گرد پورا کریگا اس ستارہ کا نکتہ اوج یعنے انتہا
بعد آفتاب سے ۲۰۰,۰۰۰,۰۰۰,۰۰۰ ۴ میل کا ہے

ایک چہوٹا دمدار ستارہ جسکو انیک صاحب کا دمدار ستارہ
کہتے ہیں تمام اور دمدار ستاروں سے اسبات مین ممتاز ہے کہ اوسکے
دور کا زمانہ بہت قلیل ہے اور وہ آفتاب کے گرد اپنے گردش کو ۱۲۰۰ یوم
مین پورا کرتا ہے

بیلا صاحب کا دمدار ستارہ بھی بہت ہی قلیل عرصہ مین اپنے گردش
کو پورا کرتا ہے اور وہ ۲۴۶۰.۵ یوم یعنے $6\frac{3}{4}$ سال مین ایک مرتبہ آفتاب
کے گرد اپنا دورہ پورا کرتا ہے

۱۸۲۵ع مین چار چہوٹے چہوٹے دمدار ستارے نکلے
تہے اور ایسے کوئی سال نہین گذرتی ہے جسمین یہ ستارے نہ نکلین اگرچہ
وہ زمین سے دکہلائی ندین - بہت سے دمدار ستارے دن کے وقت
بغیر ہمکو دکہلائی دینے کے گذر جاتے ہین اور بہت سے ایسے چہوٹے
ہوتے ہین جنکا دکہائی دینا مشکل ہے

دمدار ستارہ مین ایک روشن نکتہ قریب مرکز سر کے ہوتا ہے
جہان سے دم نکلی ہوئی معلوم ہوتی ہے - یہ نکتہ اوسکے تمام جسم سے گاڑہ
ہوتا ہے اور اسکو اصطلاح مین نیوکلیس کہتے ہین

جب پہلے پہل دمدار ستارہ آسمان پر نمودار ہوتا ہے تو اوسکی دم

ہوسٹن کے حساب سے اوسکو ابتک ۲۰۰ مرتبہ نکلنا چاہیئے تہا - اس ستارہ کے
غائب ہونے کے اسباب بڑی نوحاشت اور نوکاوت سے لوگون نے بیان
کئے ہین - لیکن ان مین سے کوئی قابل یقین نہین ہے

جو دمدار ستارہ ۱۸۴۳ء کو نکلا تہا وہ نہایت خوبصورت تہا -
اوسکے نیوکلیز (بیچ کا نکتہ) کا قطر ۴۰۰۰ میل کا تہا اور اوسکے کوما (بیچ کے
نکتہ پر جو جسم گہرا ہوا سا ہے) کا قطر ۱۲۲۰۰۰ میل کا تہا اور سطح رفتار اسکی
نے یوم اپنے مدار پر ۱۴۳۵۰۰ میل کی ہے

۱۸۵۸ء کا دمدار ستارہ ایسا چمکدار اور ایسا بڑا تہا کہ اوسوقت
تک جو دمدار ستارے دکہائی دیتے ہین وہ سب اوسکے سامنے
گرد تہے - اوسکے نیوکلیز کا قطر ۵۰۰ میل کا شمار ہوا ہے اور نیوکلیز
کے چارون طرف جو حلقہ سا تہا اوسکا قطر ۹۴۶۰۰ میل کا تہا اوسکی دم
کی لمبائی جو ۱۵ اکتوبر کو پوری پوری دکہائی دی ہی ۱۰۰۰۰۰۰۰ میل کی
اندازہ ہوئی تہی اوسکی دم بادل مین اوس فاصلہ سے بہت زیادہ بڑہ گئی
تہی کہ جو درمیان زمین اور سورج کے ہے - جب یہ ستارہ اپنے نکتہ
خضیض پر پہونچا تہا تو اوسکا فاصلہ آفتاب سے ۵۵۳۲۰۰۰۰ میل کا
تہا - ڈاکٹر ہنسیل کا قول ہے کہ یہ ستارہ اپنی گردش کو آفتاب کے گرد
۳۸۳۳ سال مین ایکبار پورا کریگا - اور بقول بعض ہیئت دانون کے
وہ اپنا دورہ ۳۸۰۰۵ مین اور بقول دیگر ۲۵۰۰ مین اور بقول بعض ۲۰۰۰ مین

صاف صاف دیکھا جبکہ اون پر ہو کر ایک دمدار ستارہ کی دم گذری تھی اور اس نے ان ستارون کو اپنے مادہ سے جسکی دبازت ۵۰،۰۰۰ میل کی تھی ڈھانک لیا تھا ۔

اب ہم مختصر طور پر مشہور حکیمون کے رایون کو جو دمدار ستارہ کے دم کی نسبت ہین بیان کرتے ہین ۔

" ٹیکو براہی کی راے یہہ ہی کہ دم مذکور آفتاب کی روشنی ہے جو دمدار ستارہ کے نیکولیس مین ہو کر منعکس ہوتی ہے اور اوسکا اعتقاد یہہ ہی کہ یہہ نیکولیس مثل آئینہ کے شفاف ہے ۔

کیپلر کا خیال ہی کہ آفتاب کی شعاعین دمدار ستارہ کے کرہ ہوا کے [illegible] دور دہکیلتی ہین اور اس سے یہہ دم پیدا ہوتی ہے [illegible] دم اون رقیق بخارات سے [illegible] دمدار ستارہ کے کرہ مین [illegible]

نیوٹن [illegible] کا خیال ہی کہ آفتاب کی شعاعین دمدار ستارہ کے کرہ ہوا کو دور دہکیلتی ہین اور اس سے یہہ دم پیدا ہوتی ہے اور جو خم اس دم مین ہوتا ہے اوسکی وجہ یہہ ہی کہ اوپر سے آفتاب کی شعاعین دمدار ستارہ کے کرہ ہوا کو دور دہتی ہین اور اخیر کرہ مذکور کے ورتیسے اپنی کشش ثقل یا کشش [illegible] کرہ نما کے وجہ سے

بہت چھوٹی دکھائی دیتی ہے۔ اور جوں جوں وہ آفتاب کے قریب ہوتا
جاتا ہے تو ترن اوسکی دم بڑہتی جاتی ہے اور جسوقت وہ نکتہ حضیض
جو آفتاب سے نہایت قریب ہی گذرتا ہے اوسوقت اسکی دم بہت روشن
اور بہت بڑی معلوم ہوتی ہے جیسے کہ کسی اور وقت جب وہ اس نکتہ
کے قریب سے دور ہوتا ہی نہین معلوم ہوتی ہے اور جسوقت وہ
نکتہ حضیض سے گذرتا ہی تو اسیوقت اوسکی دم اوس راہ کی طرف کسیقدر
خمیدہ معلوم ہوتی ہی جسپر ہوکر وہ گذریگا۔ اسوقت اسکی خمیدہ دم محدب
طرف بہ نسبت مجوف طرف کے زیادہ روشن ہوتی ہے۔ جب دمدار ستارہ
کی دم اپنی انتہا سے ترقی پر پہونچ جاتی ہے تب اوسمین زوال شروع
ہوتا ہے اور وہ بہت جلد گہٹنے لگتی ہی یہانتک کہ دمدار ستارہ اور
اسکی دم ایک ہی وقت مین آنکہون سے غائب ہوجاتے ہین۔

اب تک معلوم نہین ہوا ہی کہ اوسکی دم کس مادہ سے بنی ہوئی
ہی اور جو مختلف رائین اسکے باب مین بیان کیجاتی ہین وہ محض اختراعی ہین
اور کوئی اونمین سے پایہ ثبوت کو نہین پہونچی ہی اوسکی دم خواہ کسی مادہ
سے کیون نہ بنی ہو لیکن یہہ بات ظاہر ہے کہ وہ نہایت باریک اور نہایت
شفاف ہوتی ہے یہانتک کہ چہوٹے چہوٹے ستارے جو اوسکے
نیچے آجاتے ہین اور جنکو وہ ڈہانک لیتی ہے صاف نظر آتے ہین اور
اوسکے نیچے سے اونکی روشنی مین کسی قسم کی کمی واقع نہین ہوتی ہی
مسٹر جی ہرشل صاحب کہتے ہین کہ مینے چہوٹے چہوٹے ستارونکو

اسقدر طول و طویل کیون ہوتے ہین اور اسقدر دور تک کیون برابر روشن رہتے ہین کیونکہ اگر وہ بخارات روشن ہوتے تو دیکھا ہی نہ تہو —

اسگلے زمانہ کے حکما دمدار ستارہ کو نہایت ثاقب خیال کرتے تہے اور سمجہتے تہے کہ دمدار ستارے کرہ زمین مین فاسفرسی بخارات سے جو قابل اشتعال ہوئی ہین پیدا ہوتے ہین۔ لیکن اب ثابت ہو گیا ہے اور اسمین کسی طرحکا شک نہین ہے کہ دمدار ستارے کرہ زمین سے بہت دور لاکہون اور کرورون میل کے فاصلہ تک پہنچ جاتے ہین اور مثل اور سیارون کے اپنا دورہ ایک مدت کم و بیش مین کرتے رہتے ہین اور وہ نظام شمسی مین داخل ہین لیکن وہ دوسری سیارون سے بہت باتون مین مختلف ہین۔ اول تو عام سیارون کا مدار قریب قریب کروی شکل کا ہوتا ہے اور وہ آسمان مین ایک مقام محدود کے اندر گردش کرتے ہین اونکا مدار طریقۃ الشمس کے ادہر ادہر آٹہہ درجہ کا ہوا کرتا ہے لیکن دمدار ستارون کی مدار طریقۃ الشمس کو ہر طرف سے قطع کرتے ہین اور بعض صورتون مین اوسپر خط مستقیم کے طور پر ہوتی ہین فقط

راقم محبوب سبحان

ادب

زبان سنسکرت

لفظ سنسکرت کے لغوی معنی ملائم گفتگو کے ہین۔ اور اس لفظ کو شستہ اور آراستہ دونون طرح پر کہتے ہین۔ سنسکرت زبان اب ترک کیا الا استعمال

اپنے مرکز ثقل یا نیکلیئس کی طرف مائل ہوتے ہیں اور دونوں مخالف کششوں سے یہہ خم پیدا ہوتا ہے ۔

میران کا خیال ہی کہ ومدار ستارہ کی دم آفتاب کے کرہ ہوا کا ایک جز ہی ۔

ایک فرانسیسی حکیم بابٹ نامی کے راے ہی کہ دم مذکورہ بخارات ہیں جو طمازت آفتاب کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں اور یہہ کہ ومدار ستارے نکتہ حضیض پر پہونچنے کے قبل اجسام محکم ہوتے ہیں اور جب وہ اس نکتہ سے گذرتے ہیں تب جزاً یا کلاً آفتاب کی سخت حرارت کے سبب سے بخارات میں مبتدل ہو جاتے ہیں ۔

اگرچہ یہہ راہین بڑے بڑے حکیموں کی ومدار ستارے کی نسبت ہیں لیکن ہم انمین سے کسی کے ساتہہ اتفاق نہین کرتے ہین اور ہم اسبات کو تسلیم کرتے ہین کہ اب تک ومدار ستارہ کی دم کے اسباب صحیح اور اوسکی پوری حقیقت معلوم نہین ہوئی ہے ۔ کیونکہ جب ہم ومدار ستارون کی دم کی لنبائی پر غور کرتے ہین جو کبھی کبھی دس کروڑ میل تک بہی شمار ہوئی ہے تو ہمکو معلوم ہوتا ہی کہ جو مختلف رائین حکماء مذکورہ بالا نے ظاہر کی ہین انمین سے ایک بہی قابل اطمینان نہین اگر ہم سر اسحٰق نیوٹن کے قول کو مانلین تو تعجب ہوتا ہی کہ وہ بخارات جو ومدار ستارہ مین سے بسبب حرارت آفتاب کے پیدا ہو جاتے ہین ۔

کا تحصیل کرنا اونکو آسان ہوجائیگا - علاوہ برین اسپہ زبان اردو جو تقریباً تمام ہند مین مروج ہے اپنی تکمیل پر نہین پہونچی ہے - اور اسمین الفاظ علمی اور صنعتی بہت کم ہین - اس دشواری کو وہی لوگ اچھی طرح سے جانتے ہین جنکو اردو زبان مین ترجمہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے - پس زبان سنسکرت کو تحصیل کرنا - اور اس سے علمی الفاظ زبان اردو مین لانا ایک مقدم کام ہے جسکا کرنا ہر ایک خیرخواہ ملک پر لازمات سے ہے

راقم محب حسن -

اخلاق

بقیہ قانون سخن

(یعنے بات چیت کرنے کے قاعدے)

۹ جلسہ اور مجلس مین جتنے حاضرین ہوتے ہین اون سب کو بات چیت کرنے اور اپنی راے ظاہر کرنے کا برابر حق ہوتا ہے پس اونکو اس حق سے محروم رکھنا اور خود لگاتار باتون کی جھڑی باندھنا ایک نہایت برا کرنا ہے - اس سے صرف اونکی حق تلفی ہی نہین ہے بلکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حاضرین جلسہ میں کسیکو گفتگو کرنے کی لیاقت نہین اور اسوجہ سے تمنے اپنے آپکو لائق اور متفرد خیال کرکے باتین اتنا شروع کی ہین پس اس سے زیادہ اور کیا بدتمیزی ہے ایک شخص کا منہ بند کرنا یعنے مین بند کر دینا قابل معافی کی ہے مگر کسیکی بات کو کاٹنا اور اوسکے زبان کو بات کہنے سے روکنا ہرگز قابل معافی نہین ہے - یہہ بد تہذیبی نہ

ہی یعنی ہند کے لوگ اوسکو تحریر اور تقریر مین بہت ہی کم استعمال مین لاتے ہین ۔ لیکن سر ولیم جون صاحب نے اس زبان کی نسبت کہا ہے کہ یہہ زبان یونانی زبان سے زیادہ تر ملایم ہے یعنی بہ نسبت یونانی زبان کے اسمین الفاظ ثقیل بہت ہی کم ہین اور لاطینی زبان سے زیادہ تر الفاظ مین مالا مال ہے یعنی بہ نسبت زبان لاطینی کے اس زبان مین الفاظ ہر شے کے واسطے کثرت سے ملتے ہین ۔ اور علاوہ ازین سنسکرت ان دونون زبانون یعنے لاطینی اور یونانی سے بہت زیادہ شیرین اور فصیح ہے ۔ ہند کے تمام مروج زبانین جو فے الحال بولی جاتی ہین سب کی سب تھوڑی ہی اور بہت زبان سنسکرت سے ماخوذ ہین ۔ اور اگرچہ زبان سنسکرت کی تحصیل بہ نسبت زبان یونانی کے زیادہ مشکل ہے لیکن بوجہ اسکے کہ اسکی طرز ادا اور اسکے اصول اسی طرح پر ہین جیسے کہ ایک دوسری زبان کے ہوتے ہین اسواسطے جو لوگ زبان یونانی یا لاطینی جانتے ہین ۔ اونکو سنسکرت آسانی سے آتی ہے ۔ افسوس ہے کہ آجکل اکثر یورپ کے لوگ اور خصوصًا انگلستان کے طالب علم جو غیر ملک اور اجنبی ملک کے آدمی ہین اس زبان کی فصاحت اور بلاغت دیکھکر اوسکو دل و جان سے حاصل کر رہے اور اسکی تحصیل سے طرح طرح کے علمی فایدے اوٹھاتے ہین ۔ اور ہم لوگ جو اس ملک کے قدیم باشندے ہین اور جنکے بزرگون کی زبان اصلی یہہ تھی وہ اپنی جہالت سے اوسکو ترک کر دین ۔ اور اپنی گھر کی دولت سے کوئی فایدہ نہ اوٹھاتے۔

ہمارے نزدیک زبان سنسکرت کا ہندیون کو تحصیل کرنا بھی ضرور ہے کیونکہ اول تو اونکی زبان اوس سے نکلی ہے ۔ اور دوسرے تمام زبانون

وہ ایسے کلمات سے پرہیز کریں جیسے کہ یہہ ہین "صاحب یہہ بات درست نہین ہے" "یہہ بات سچ نہین ہوسکتی ہے" "بات یون ہے جسطرح کہ مین کہتا ہون یہہ ضرور جہوٹ ہے" اسیطرح سے اور بہی بہت سے کلمات بدتہذیبی بہین جو آجکل ہماری قوم مین بہت رایج ہو رہے ہین اور خصوصاً بعض بعض نوجوان ہمارے ملک کے ان بدتمیزیون کو زیادہ ملزم ہین - ان کلمات کو زبان پر لانے سے بہتر یہہ ہے کہ تم ایک مرتبہ صاف صاف اونکو جہوٹا اور لغو کہدو - کنایتاً اور اشارۃً کسیکو جہوٹا اور کاذب اوسکے منہ پر کہنا صاف کہنے سے برا ہی - اسیطرح ہر ایک چہوٹی چہوٹی بات کی تکذیب کرنا آدمیت سے خارج ہی - پس تمکو چاہیئے کہ تم ہمیشہ کو بطور قاعدہ کے خیال رکہو کہ چہوٹی چہوٹی بے فایدہ باتون مین بغیر کسی زیادہ ضرورت اور خوف نقصان کے لوگون کی مخالفت اور تکذیب نہین کرنا چاہیئے کیونکہ اس بیجا مخالفت اور تکذیب سے تمہارے دوست ہاتہہ سے جاتے رہینگے اور کبہی رنجش اور دشمنی بہی اسکا نتیجہ ہوگا -

۱۴ خود بخود بغیر پوچہے کسیکو نصیحت کرنا بہی خلاف تہذیب ہی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نصیحت کرنے والا شخص اپنی آپکو بہ نسبت دوسرے لوگون کے زیادہ عقلمند اور ذی شعور خیال کرتا ہے - اور لوگون کو اپنا علم اور واقفیت جتاتا ہے اور انکی ناتجربہ کاری اور جہالت کو بتلاتا ہے اس قسم کی بے تکلفی کسی عام دوست اور ملاقاتی اور جان پہچان والے سے ہرگز نہیں کرنا چاہیئے بعض وقت ایسے بے وقوفون سے بہی پالا پڑتا ہی کہ وہ خود بلا پوچہے تلاسے نصیحت کرنے لگتے ہین اور اگر اونکی نصیحت کو

سبب بے تہذیبیوں پر قائم ہی

۱۰ جب کوئی شخص تم سے ٹھیر ٹھیر کے بات چیت کرے یعنے کلام مین جلدی نکرے اوسکو مدد دینا یا الفاظ مین پیش دستی کرنا نہین چاہیئے۔ اور ادہر وہ ایک لفظ یا بات کو زبان سے نکالا چاہتا ہی کہ اودہر فوراً تم بول نہ اوٹھو بلکہ صبر کرو۔ اور اوسکو بات کہنے دو۔ یہہ حرکت بدتمیزی کی ہی اور اس سے معلوم ہوتا ہی کہ تم بہت بڑی زبان دان اپنے آپ کو سمجھتے ہو۔ اور متکلم کو حقیر جانتے ہو۔ یہہ مسلم ہی کہ ہر شخص اپنے آپ کو بہتر اور عمدہ گفتگو کرنے والا آدمی جانتا ہے گو وہ کیسا ہی اپنے آپ کو از رہے عجز و انکسار ہیچمدان ظاہر کرے۔ پس جب تم بات چیت مین اوسکو الفاظ بتاؤ گے اور کلام مین سبقت کروگے تو ظاہر ہوگا کہ وہ کم استعداد آدمی ہی اور تم اوسکی اصلاح کرتے ہو۔ اسواسطے یہہ عادت نہایت بدنما اور لغو ہی اور اس سے سامع کی شوخی اور بدتہذیبی ظاہر ہوتی ہے۔

۱۱ جو لوگ دوسرونکی باتون کو خواہ مخواہ بے موقع اور بے محل جھوٹلاتے ہین، اور ہر ایک بات مین مخالفت اور حجت کرنے لگتے ہین وہ فی الحقیقت بڑے بدتہذیب ہوتے ہین۔ اور اونکی اس حرکت سے معلوم ہوتا ہی کہ اونہون نے عمدہ تربیت اور تعلیم نہین پائی۔ اور عمدہ لوگون کی صحبت مین نہین رہے ہین۔ جن لوگون کو منظور ہو کہ ہر جلسہ اور ہر صحبت مین تمام لوگ اون سے خوش اور راضی رہین تو اونکو چاہیئے کہ

اسواسطے تمکو چاہیئے کہ تم اس خراب عادت سے پرہیز کرو اگرچہ یہہ بات آجکل کے
بعض مہذبون مین سنیہے دیکھو اور اپنے متکلم کے کلام کو دہان لگاکر سنو

(۱۴) اس سے بڑہکر کوئی بات نادانی کی نہین ہے کہ لوگون
سے بیفایدہ اپنا حال بیان کرنے لگنا اس قسم کا آدمی صرف ایک ذرا
دیر کی خوشی کے خاطر جو اوسکو ایسے فضول گفتگو سے حاصل ہوتی ہے
بہت سے بے موقع باتین کہہ گذرتا ہے اور ان باتون سے اپنے دوستون
کی دوستی سے ہاتہہ دہوتا ہے اور ایک قسم کا نقصان اوٹہاتا ہے چونکہ
ایسی فضول گفتگو سے ضرور کسیکو رنج پہونچتا ہے اسواسطے یہہ حرکت
ہرگز نہین کرنا چاہیئے —

(۱۵) ترش روی اور سخت گوئی ایک بہت بڑی بات خلاف
اخلاق ہے مثلاً اگر کوئی شخص تم سے کہے کہ "فلان صاحب نے
آپکو بہت بہت سلام کہا ہے" تو اوسکی جواب مین کہنا کہ ہم اونکو نہین جانتے
ہم نے سلام علیک سے کیا غرض" ایک بڑی کج خلقی کی بات ہے یا یہہ
اگر کوئی تم سے کہے کہ "فلان صاحب نے آپکو پوچھا ہے" تو اوسکے
جواب مین یہہ کہہ دینا کہ اگر ایسی ہی اونکو مزاج پرسی مطلوب تھی تو خود
آنکر نبض دیکھہ جاتے " کیسی بدتمیزی کی بات ہے اس قسم کے
کلام فی الواقع دل کو رنج پہونچاتے ہین - ایسے شخص پر لوگ ہنستے ہین
اور اوسکو عجیب مزاج کا آدمی بتلاتے ہین لیکن آخر الامر اس قسم کے

نہ مانو تو خفا ہو جاتے ہیں اور کہنے لگتے ہیں کہ یہہ شخص بڑا مغرور ہے کسیکی نصیحت
نہیں مانتا ہے اور میری نصیحت کو دل سے اور اُس پر عمل کرنے کو حقیر جانتا ہے
اسکو تو ایسے احمقوں سے یہہ پوچھو کہ اول تو آپ خود بخود و بلا استفسار نصیحت کرتے
ہیں پہر اِسطرح یہہ ہے کہ اپنی راے کو اسقدر عمدہ اور درست سمجھتے ہیں کہ جسکا قبول کرنا
ہر شخص کو ضرور ہے ـ

۱۴۰ کوئی بات اس سے بڑھکر بد تمیزی کی نہیں ہے کہ ایک شخص تم سے باتیں
کرے اور تم انکو دہان سے نہ سنو اور اچھی طرح سے اسکی طرف مخاطب نہ ہو ـ
اگرچہ یہہ بات تم لوگوں میں اکثر پاؤ گے مگر تمکو اِس خلاف تہذیب حرکت سے
اجتناب کرنا چاہیے ـ بعض نا تربیت یافتہ لوگوں میں یہہ عادت ہوتی ہے کہ جب
کوئی اُن سے باتیں کرتا ہے تو اسکی طرف مخاطب ہوتے اور اسکی باتیں
دہان سے سننے کی بعوض میں وہ کبہی بلا اس کو ہوا کو دیکھنے لگتے ہیں اور
کبہی کمرے میں جو تصویریں لگی ہوتی ہیں انپر نظر ڈالتے ہیں اور کبہی کہڑکیوں سے
جہانکتے ہیں اور کبہی اپنے کتے اور بلی سے کہیلنے لگتے ہیں اور یا اپنی کہڑی کی زنجیر
سے مشغل کرتے ہیں اور اپنی بید یا چہڑی کو حرکت دینے لگتے ہیں اور یا ناخونوں
کو تراشنے لگتے ہیں اس حرکت سے زیادہ اور کسی بات سے بیہودہ پن اور نالائقی
ظاہر نہیں ہوتا ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ متکلم کی باتوں کو تم سننا نہیں
چاہتے اور اس حرکت سے یہہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ تم متکلم کے کلام کو اس لائق نہیں سمجھتے
ہو کہ اسکے سننے میں دہان لگاؤ ـ اب ذرا اپنے دلمیں تم غور کرو اور انصاف سے
کہو کہ اگر کوئی شخص تمارے ساتہہ بہی برتاؤ کرے تو تم کو ناگوار ہوگا یا نہیں ـ

بقیهٔ مقاله

شرح حال اگهوریان با شوکت و شان

فاست تکبر را هرگز دیده که با نهایت ذُل و رتخص واحدے جمع شود آنکه نظر کن در سفله گان متعالم و دنی النفسان متفلسف و اگهوریان متصلبت تا آنکه بر تو منکشف گردد که این هم ممکن بوده است و می‌شود که اخلاق متضاده و اوصاف متباینه در الواح نفوس مجتمع شود - یعنی در نفوس اَدْنیا و اَخِسّا - اگر در این امر غور کنی خواهی دانست که فطرت و طینت و نبتهٔ نا درست را هرگز ممکن نیست که تربیت و تادیب با صلاح آورد - سبحان الله آیا اخلاق طبیعیه تغییر می‌یابد - چگونه می‌شود که عادات متوارثه و نیست در وجود انکه بعد - (ز سیون) حاصل شده باشد بسعی و کوشش معلم و مربی زائل گردد - مدارس و ایسکول عقول سلیمه زکیه را دانش و بینش می‌آموزد و نفوس شریفه ذکیه را با داب حسنه و اخلاق فاضله مزین می‌سازد و آثار رکاکت را از عقول سخیفه و دنائت را از نفوس خبیثه ستردن نتوانند - لو زینه از تربیت انسان می‌شود - محال است - اگر تغییر صورت بتدبیر ممکن است البته تبدیل سیرت اندال و لئیمها جایز بود - علم در تربیت عقول و نفوس را مانند غذا است - غذا که صحیح المزاج را باعث توانائی و قوتست با همان غذا موجب ازدیاد مرض بیماران است - دنی النفس سخیف العقل چون بمدرسه [illegible] در آید و پا در دائرهٔ تعلیم و تعلّم نهد مگر آن بهره اینست که مندرجات علوم را بعد [illegible] قاصد و نیت خود نماید و خیالات معوجهٔ خویش را در لباس مطالب علمیه بعالم جلوه دهد و شب و روز

آدمی سے سب نفرت کرنے لگتے ہیں —

(۱۶) جس صحبت اور جلسہ میں تم ہو اوسکے موافق اور حسب موقع بات چیت کرنا چاہیئے بزرگ اور خورد اور حکیم و مولوی اور حاکم و محکوم کے ساتھ ایک ہی طریقے سے گفتگو نکرنا چاہیئے تمکو تجربہ اور تمیز کی قوت سے خود معلوم ہوجائیگا کہ کس طرح بڑوں کے ساتھ ادب سے اور چھوٹوں کے ساتھ خوش مزاجی سے باتیں کرتے ہیں —

(۱۷) عورتوں کے ساتھ باتیں کرنے میں اسباب کا لحاظ ضرور ہے کہ جہان تک ممکن ہو باتیں نرم اور پسندیدہ ہوں — اصطلاحات منطقی کے نام سے عورتیں گھبراتی ہیں ایسے الفاظ مثل دلائل اور براہین اور ہیولا اور صورت کے سننے سے ڈرتی ہیں عورتوں کو بخوبی صاف اور سیدھی تقریر میں ایک بات سمجھا سکتے ہیں اور اسکا ثبوت انکے دل پر ایک عام اور سلیس کلمے سے زیادہ تر ہوتا ہے بہ نسبت اسکے کہ قواعد منطق کا استعمال کیا جائے —

(۱۸) گفتگو میں اسباب کا زیادہ خیال یہ ہے کہ کوئی ایسی بات ذکر نہ کیجائے یا ایسا کلمہ زبان پر نہ آیا جائے جس سے کسی شخص کو جو اسوقت موجود ہوں کسیطرح کا رنج پہونچے یا اونکو کسی رنج اور حادثہ کی یاد آئے جو انپر گذرا ہو — باقی آیندہ

راقم محب حسین

درین اندیشه خواهد بود که فنون مکتسبه را چسان آلت استحصال شهوات خسیسه و وسیلهٔ
اکتساب اغراض رذیله سازد ـ اسباب و آلات و وسائل چه علم بوده باشد و چه غیر آن
همه از برای استحصال خواهشها است و چون طبیعت شریر باشد بغیر از شریه خواهشها
خواهد بود ـ حقیقت علت شد دیگر چگونه خواهد شد ـ فافهم پس چسان مقتضی آن می شود
ـ پس اگر طبیعت شریر باشد و خواهش شریره اسباب مساعد بغیر از [illegible] جهت از صاحب
آن طبیعت سر زند ـ و شری که از بی گذشتگی مرتکب [illegible] که مثل شر شریر الحس
نادانی باشد که هیچگونه وسیله از برای اجرای مقاصد خبیثه نبود ندارد ـ اشد اثر
از علت قویه چسان مساوی اثر علت ضعیفه می شود ـ تنگی دائرهٔ منافع خواهشها [illegible]
کج اندیشی و ضیق بال جهالت آن نیست مگر از عدم وسائل و فقدان آلات ـ
حالیکه قوانین و قواعد احکام و ملل را ندانند و سبل انشاءها و ذریعه‌ها را نشناسند و
بطرق عقل و احترازها و تبدیل و تحریف و حذف و اضافه و جمع و تفریق پی نبرده باشند [illegible]
آن چه خواهد بود ـ گمراهیکه اگر در طریقه آن فراهمی [illegible] شود عاجز [illegible]
افکار دیگران را چسان خواهد شد ـ و بالجمله الگهوریا [illegible] ضعیف العقل
و ضعیف العقل بد طینت را تعلیم و تربیت سود ندهد بلکه باعث ازدیاد شرارت و فساد آن خواهد شد ـ
ـ میدانم که هم در ثبوت مقدمهٔ اولی شک داری و هم در تحقیق مقدمهٔ ثانیه
لهذا هر دو را بعبارات واضحه بیان میکنم و براهین عقلیه و طبیعیه اقامه مینمایم
گوش داشته باش و بخوبی تأمل نما که مطلب بسیار دقیق است ـ اگر قوت
دیا امتی دیده شود که در تحت ادارهٔ واحده سلطنت باشد و جمیع طبقات آن چون

رسمے بدبیری و سستی و فا ئی و مماطله و خلف وعده و کسالت و گرانجانی و دون همتی و تملق
و تجسس کلبی و اغواء و اضلال و اغراء فاش گردد بلاشک تعاصد مفقود و روح الحیات و قوۀ
محرکه و مخدا نیه معدوم و جهت حرکت هر فردے از افراد آن قوم مخالف جهت حرکت دیگری
خواهد شد چونکه زوال علت لامحاله مستلزم زوال معلول است ــ و بسبب تنافی اراد
و اختلاف جا ها و آثار ناهدیه نفوس و تباعد طبایع و تضارب آراء و تدافع افکار
و تضاد مرامات و تباغض قلوب و تنافر اخلاق و تکره ملاقات و آحاد آن مردم را در آن
هنگام حاصل بشود اجتماع و اتصال دیگر توام نمیشود و مایهٔ رأیے موجب رفاه آسایش
ابرای ایشان متیسر خواهد بود مگر بسبب قاهر خارجی و قاهر اجنبی و حیات و بود آن
مردمان ما سوا الاعدا و تباه کاران دشمن جان خود ها ممکن نباشد مگر در تحت اداره
دیگرے ـ اینست حکمت تبدل ادارات در عالم وجود ــ این چنین اشخاص که این گونه
بوده باشند حال آنها با نفوس و عقول ایشان مثل حال وباء و طاعون و جذام و دیگر
امراض ساریه است با ایشان هیچ اگر مملکتی و مدنی که منزل نفوس و عقول آن
مستعد بوده باشند خواه اهمیت داشته باشد یا نه شده در زمان قلیلی بدان مملکت
آن آسیب که با خود ها کرده بودند خصوصا اگر در مرکز که محل اجتماع خلق است جا گیرند چنانچه
شان امراض ساریه است و اگر نفوس و عقول را استعدادی نباشد لامحاله تخم
فساد را کاشته موجب سوء اداره و وهن و ناکامی خواهند شد و آئین سموم قتاله
بالمرة شبه اثر نخواهد بود پس هر کسے را واجب است که با این گروه در آن معامله کند

از یک صنف بوده باشد و یا از دو صنف و جهت توجه هر یکی مخالف جهت دیگر است مثل مبتدا برین
اینکه بر روی خط مستقیمی یکی مشرقاً و دیگری مغرباً حرکت کند از ینست که هر گز توافق مرافقت
در میانهٔ احمقها و حسودها و بخیلها و طمّاعها و متکبرها و خائنها واقع نمی شود پس افکار معدّله
و صفات مقوّمه همان افکار و همان صفاتیست که باعث توافق و تلائم باشد و جهت
توجه آنها نقطهٔ سعادت هم بوده باشد — و این گونه صفات را انسانها اخلاق فاضله
نامیده اند و این چنین افکار را افکار عالیه — بنا برین هر وقتیکه در تلائم افکار و توافق
صفات اقوام وهمی حاصل شود البته در وحدت اداره و تناضد طبقات و سیع الحیات
ایشان خلل بظهور خواهد رسید و جهات حرکات افراد ... خواهد شد و در میانه آمر
و مأمور و آحاد و معلّی و واضع و رافع تنافر روی خواهد داد — و چون تدریجاً و رفته رفته
تلائم افکار به تباین مبدل شود و توافق صفات بتضادّ متحول گردد یعنی صفات ذمیمهٔ اخلاق
رذیله و افکار دنیه و خیالات باطله غلبه نماید و اخلاق فاضله و افکار سنیه زائل شود
کج اندیشی و خیالات معوّجه و حسد و بخل و تبغض و ... و منافقی و ریا و دروغ گوئی
و شهوت پرستی و خود ستائی و تکبر بیجا و عجب ... و کاهلی و رشوت خواری و خباثت
شعاری و تدلیس و تزویر و حماقت و بلادت و بلاهت و حرص و طمع و ستمگری
و سفلگی و نذالت و لوم و بی غیرتی و قلّت ناموس و خودغرضی و نمّامی و
غمّازی و بهتان زنی و افترا و غیبت و فتّانی و تعدی و ظلم و جور و حق ناشناسی
و اهانت و قسوت و غفلت و خباثت و ذلّت نفس و طیش و وقاحت و عبادت

معده چون طعامی را قبول نکند علم بیمنفعت مانع از ترقی می شود - اگر اخلاق بعلم نیکو می شد
میبایست که یک اگهوری هم در عالم انسان بشود - و بالجمله هر کسی از خواندن کتب
سیاست و معاشرت سیاسیین و عقلاء (بسمارک) نمی شود - چرا نمی شود بجهت آنکه
وضع زمان بنوعی دیگر است - تغییر وضع و ماهیتها قرون متعدده میخواهد با تعلیم
و تربیت مستمره - شجاع از شنیدن قصص جنگاوران جبون میگردد بلکه شجاعت و اقدامهایش
افزون می شود - خائن از استماع فضائل امانت امین نخواهد شد - دزدها
شناعت سرقت را نمیدانند و خیانت کاران ذمائم اختلاس و تزویر و رشوه خواری
را نشنیده اند - میدانند و شنیده اند ولکن آن انفعال نفسیکه از ملاحظهٔ این امور
ارباب نفوس مطهره را حاصل می شود ایشان را حاصل نمی شود چونکه بودن نفس
بدین کیفیت که از ملاحظهٔ امثال این امور منفعل شود منحصر از توارث هیچ دیگر صورت پذیر نیست
— و قبیح را هرگز انفعال نفسیکه عبارت از حیاء است در ارتکاب امور شنیعه و سیئه ها
اگرچه کتابها در فضائل خصلت حیا خوانده باشد - این مطلب بسیار دقیق است
و تو بسیار غبی لهذا ثانیاً بیان میکنم شاید بفهمی - افکار مستقیمه و اخلاق معتدله آثار قوای
جسمانیه که مانند قوای بذرها و تخمها در مکمون محال معینه و مواضع مخصوصهٔ کالبد انسانها
نهاده شده است و آن قوای جسمانیه و محال آنها اندک اندک بسبب تعلیم و تربیت ترقی
بازدیاد و افزونی مینهند و نمو مینمایند چنانچه بذرها و قوای آنها بسبب زراعت و رعایت قانون
فلاحت با موافقت هوا و زمین کم کم افزونی می پذیرد - و ممکن نیست که آن قوی و محال آنها

که با مجذومین میکند — خطاب بعقل است اشتباه کن — این مقدمۂ فلسفیۂ فراموش نشود
تا آنکه مقدمۂ دیگر را بیان کنم پس از آن استنتاج نتیجه نمایم — استقامت افکار امم
و اعتدال اخلاق ایشان نه از جملۂ اموریست که در ماهها و سالها حاصل شود بلکه اگر چندین
قرن تعلیم و تربیت در امتی مستمر ماند و کاملاً بعد بطن در تقویم افکار و تعدیل اخلاق
سعی و کوشش شود البته ممکن است که در آن هنگام اشخاصی در آن امت یافته شوند
که باستقامت و اعتدال موصوف گردند — افکار مستقیمه و خیالات عالیۂ دیگران را
یاد گرفتن شخصی موجب آن نمی شود که خود او صاحب افکار عالیه شود بلکه اگر کسی خود
صاحب افکار عالیه نبوده باشد کنه افکار دیگران را نخواهد فهمید و بموارد و متعلقات
آنها پی نخواهد برد و روابط و مناسبات آن افکار بر او پوشیده خواهد ماند و بتبع آن
لوازم آنها از ملزومات و ملزومات آنها از لوازم قادر نخواهد شد — کور مادر زاد
از شنیدن کیفیات الوان نه ماهیات آنها را خواهد فهمید و نه بر لوازم و خواص آنها
حکم تواند کرد و بدانستن اخلاق فاضله آثار حسنه آنها و اخلاق رذیله و مضار آنها کسی طاهر النفس
و مهذب الاخلاق نمی شود — محض شناختن مرض و دانستن دوا را آن موجب رفع مرض و
حصول صحت نخواهد شد — دانستن مضار و خواص منافع حلویات باعث نفرت صفراوی مزاج
از آن و رغبت بدین نمیتواند شد — اگر علم سبب تغییر میول و حالات نفسانیه می شد و یا آنکه آثار
خارجیه و نتایج ظاهرۂ آنها را منع میکرد بایستی کسی بموت عزیزان محزون نشود و اگر محزون شود
آه و زاری نماید چونکه هر کسی معلوم است که فوت شده بر نمیگردد و حزن آه و زاری گریه کردن لغو و بیفائده است

طاعت بدرجهٔ اغبیا و اشرار جنس فرانس توانند رسید چگونه میرسند بانقص در اصل سرشت ـ کور را دوربین چه فائده میدهد ـ حیوان گوشت خوار از گوشت چگونه صبر کند بلکه باید دانست که اخفاد و مقلد خان انسانیت و اولاد وحشیان چون تعلم یابند صورت شر و فساد خود ها را تغییر داده دائرهٔ آن را وسیع خواهند نمود و آنچه کمی که بواسطهٔ تعلیم و تربیت در اصل قواهی ایشان حاصل می شود در مکون مانده در نسل آنها بطناً بعد بطن اگر سلسلهٔ تربیت و تعلیم منقطع نگردد ظاهر خواهد گردید مثل آنکه بعضی از هیأت و احوال و شاهات و امراض اجداد در اخفاد ظهور و بروز نموده در اولاد که آلة ایصال و منتشر است در مکون میماند ـ شر و فسادی بر تربیت و تعلیم آنها مترتب می شود با آن اثر خیر همچنانست که زرعی آتش گرفته بسوزد و زمین را قابلیت زراعت آینده قوت حاصل شود ـ چون کیفیت نمو قوا را دانستی باید بدانی که اختلاط آنها بقرینهٔ بسبیل تدریج است ـ دلیل همان دلیل است و مثال همان مثال ـ این مقدمه را هم چون مقدمهٔ اولی در خاطر داشته باش و در هر دو تامل نما و غور کن تا آنکه قادر گردی بتطبیق کلیات بر جزئیات و توانا شوی بر استخراج نتائج ـ الله لبعد اربعین ایلئی فلسفهٔ و داد امر طبیعهٔ بجوبی فهمید که در روی زمین قومی یافت می شود که درگفتار و رفتار و اخلاق بپایهٔ آگاه ربان رسیده باشد چونکه این گروه بسبب تباهی سجایا و سخاوت عقل و ملت و دانش انچنان سلسلهٔ انقیاد و رشتهٔ هیئت اجتماعیه را گسیخته که خود ها بقابهٔ زنان بر دند و دستی قاهر سربیار بر زمین نهاده استعمال شده و دیگر از شرّ یکدیگر محفوظ مانده جانب بسلامت بر ده خدا خود ها را بلا مشابه بلا جبر شده

ادبا

در اولاد و خویشتن و احفاد آنها اینکه پس از مدنیّت بنهایت فساد رسیده باشند در یک طبقه
بسبب حسن تعلیم و تربیت بکمال نموّ رسیده مصدر افکار عالیهٔ مستقیمه و منشأ اخلاق حسنهٔ
فاضله گردد — زیرا آنکه نموّ قوای جسمانیه مطلقاً تدریجیست خصوصاً این گونه قوّت‌ها
و نطفه در هر جا محال و ممتنع است — تخمیکه از اقلیمی باقلیم دیگر نقل می‌شود از برای حرکت
قوّهٔ آن بسوی کمال و یا بسوی نقص مدّتها باید اگرچه چندین بار تبدیل صورت نکند
و از اجمال بتفصیل و از کمون به بروز منتقل نگردد و هرگاه بنهایت کمال و یا نهایت نقص
نخواهد رسید با وجود آنکه [illegible] را [illegible] نسبت [illegible] قوی و حرکت از نباتات
سریعست و حرکت قوّه در سرعت و بطء تابع محلّ است [illegible] — و درین شکّی نیست که حرکت
نموّ انسان بطیء است و تأثیر تعلیم و تربیت تا بتربیت روحانی و تأثیر روحانی [illegible] نسبت
از تأثیر جسمانی [illegible] که استمرار تعلیم و تربیت در دو سه بطن مسلسل کافی
از برای کمال نموّ قوای انسانی نخواهد بود اگر تعلیم از نسل وحشیان [illegible] بار اولاد
مفقودفان [illegible] و انسانیّت بوده باشد — [illegible] اگر تعلیم و تربیت [illegible] تا چندین در
سلسلهٔ مستمر باشد البتّه بعد از چند [illegible] تأثیرات بر آن قوای کامنه و تأثیرات آلهمه
آنها در حلقات آن سلسله نامی خواهند یافت شد که قوای ایشان تربیت و تا
بکمال نموّ رسیده منشأ همه کمالات و فضائل خواهد شد و بالجمله تغییر و [illegible]
و تحوّل صور مواضع قوای فعّاله و منفعله و تبدیل خون منی مرد در قرون و دوام علّت
متوثّره صورت نه بندد — اگر یک ملیون از اولاد زنگیها و احفاد مفقودفان انسانیّت
و مدنیّت در پاریس بتعلّم علوم و آداب مشغول شوند هرگز قبول نکنی که از کیا و احبار آن

جبر خاطر بیگانگان بچه دعوت خواهد کرد — نظر کن بر افعال و اعمال و حرکات و سکنات ایشان
تا آنکه همه این امور را بچشم مشاهده کنی — ایشان را شنیده بودی و لکن ندیده بودی چشم را
باز کن و با گهوریان بنگر تا آنکه ایشان خالص غیر مشوب را ببینی — اگهوریان ابتدا در تعلیم
و تعلم اگر یکی از اهل ملت خود ها را ببینند فی الحال [illegible] یا ایشان را چنان بنگرند
که جمیع اعضاء و جوارح حتی جفون هم از حرکت باز میایستد گاه گاهی بسبب تشنجی که لازم
قبیح است دستها را حرکت میدهند و تمام سر را می جنبانند — گویا که همه را فتح کرده اند —
و اگر یکی بیگانگان را بنگرند فوراً ایشان را بیماری رعشه ذل حاصل می شود و هر یک
از اعضاء و جوارح آنها در تسابق هر عضو بعضو [illegible] آمده عجیبه حرکات مختلفه و غریبه
اختلاجات متنوعه از آنها بظهور میرسد — اگر [illegible] حیثیت — تو همتی را نگو
قوم اگهوریان را بیجا [illegible] رسانیده است که [illegible] کمتر اراده ایشان بسبب نهایت
ذل در سستی اراده بیگانگان لباس هستی [illegible] — با وجود این اخلاق
رذیله و این اوصاف ذمیمه چنان گفتنت [illegible] که گاه گاهی مقاله در بیان فضائل
[illegible] صفات [illegible] در یا کاری [illegible]
ظاهر [illegible] از دیگران دزدیده مشهور می سازند — [illegible] تبیح الوجه [illegible] الصورة
را بهتر آنست که آئینه در خانه نباشد [illegible] را نمی بیند که شکل
خود را بگیرد — شخص [illegible] اگر یکی از اخلاق فاضله بگوید گویا مردم را بیچ قبیح [illegible]
خود آگاه میگردانند و تو با آنها بذم خویش گویا میکند — اینجا جای خنده است [illegible]
خنده — سبحان الله سبحان الله عاقل اگهوری با به همین طور باشد — اخلاق رذیله

بدیگری واگذاشته بمهتری و سالاری و کتابی راضی شدند — و ایشان را اینقدر هم
عقل نشد که از برای استحصال این رتبت شریفه معاهده نامهٔ بگیرند اینها ایشان از تسلیم
و قبول رد داده و گرفتند ازین مراتب سیئه هم محروم شدند و حق این بود که محروم شوند
چونکه ایشان را این قدر هم قابلیت نیست — اکنون تو خود اندازه کن که از چند قرن
هر آنیم قوای عقلیه و نفسیهٔ ایشان بغایت سرعت روی بانحطاط نهاده است —
و میزان حرکت بسوی اسفل را فراموش مکن — قاعدهٔ کلیهٔ عطالت (ساکن متحرک
نمی شود و متحرک ساکن نمی شود مگر بسببی) را از دست مده — گمان مکن که نهایت
حرکت اگهوریان نقطهٔ توحش و تبربر خواهد بود و پس از رسیدن بدان نقطه چون
سایر جنگلیان خواهند شد — آب را که هر قدر متعفن و گنده شود بپایهٔ آب
جاریئی که بر قاذورات و جیفه ها و زبالها میگذرد نخواهد رسید — آیا طفلی بجذام
و آتشک او لاکشش چون اولاد سالم المزاج است — آیا زمینها که بسبب سوء
تصرف شوره زار شده است در صلاحیت زراعت مانند اراضی صالحهٔ حرّه است —
سعهٔ دائرهٔ فساد و شرارت و خباثت جنگلیان بچه قدر خواهد بود — جنگلی مکر و حیل و تزویر
و تدلیس و ریاکاری و منافقی از کجا میداند — عقل وحشی اگرچه بسیط است لکن از مرتبهٔ
جهل بسیط بیرون نرفته است — جهل مرکب را که با جهل بسیط برابر داشته — پس اگر
اگهوریان بدرسم روند با این طینت و جبلت و با این عقل داد اکه بغیر از طرق
جمع رذائل و طرح فضائل و تفریق کلمهٔ امت و کسر ناموس انسانیت چه خواهند آموخت
و فطرت لئیمهٔ خبیثهٔ ایشان را بجز از سبل بر انداختن و پامال نمودن خویشان بجهت

عجیب آن آواز بهمه گوشها رسید تو چگونه نشنیدی ـ بشرف نفس و علو همت مسلمانان سابق سوگند است که اگر درین آواز غور نکنی و در مقصد صاحب آواز تأمل ننمائی اسم ترا هم مانند سادومی بچه در دفتر اگهوریان خواهم نوشت ـ جهت حرکت اگهوریان و مقصد ایشان از اول معلوم بود ولی بزبان نمیآوردند بلکه بجهت اغراء ساده لوحان و اغوای احمقان عکس مقصود را همیشه ذکر میکردند و از برای اشتباه کار رسی و پرده پوشی در مجمعها و محفلها مقاله با القا میکردند تا آنکه درین روزها (ناستوده مرگشان) صبر نموده خیرخواهی را تفسیر کرد و مقصد حقیقی هم قطاران خود تصریح نمود و پرده از روی کار برداشت و حل معمی نمود ـ حقیقةً حقیقتاً همان یادگارسی که یونانیان از برای (دیوجانس) ساخته بودند باید از برای همین خیرخواه نیز ساخته شود ـ چه معنی دارد سگ از برای استحصال استخوانی تملق میکند و دم حرکت میدهد و سر بپای معطی نهاده چه خودی باشد چه بیگانه بجهت اظهار خلوص نیت آوازها در میدهد ـ انسان از سگ هم کمتر است لاحول و لا ـ انسان را خدا نشد ریبا که بتملق و خضوع هزار مرحله از سگها پیشی گیرد و اگر دم ندارد پیش هم کم از آن نیست (ناستوده مرگشان) همین نکته را فهمیده از آن بود که آواز برآورد و در پیشه شرکت داد و نانهای خورده را حلال کرد ـ خدا کند که این نمک سبب مزید نعمت گردد ـ چه تعجب کنم چه تعجب کنم ـ تعجب عبارتست از کیفیتی که در حالت ادراک امور غریبه انسان را حاصل میشود ـ و چون اگهوریان از برای شکم پرستی بدین راه قدم زده اند و میزنند و خواهند زد دیگر چه غرابت و چه تعجب ـ بلی آنچه جای تعجب است اینست که دیگران افعال اگهوریان

این اگهوریان را چون کسی نظر کند ابتدا چنان گمان میکند که اینها مانند اخلاق رذیله
دیگران ملکاتیست بسیط ولی چون بتحلیل کیمیاوی اخلاقی بنگرد می بیند که هر یک از خلق ذمیم
ایشان را که بسیط خیال میکرد مرکب است از اخلاق ذمیمهٔ چند مثلاً خلق تکبر ایشان که
بحسب ظاهر بسیط بنظر می‌آمد چون تحلیل شد ظاهر می شود که مؤلف میباشد از اصل خلق
تکبر و خودپسندی و خودنمائی و تقلید بیگانگان و سد ابواب مساعی جمیله و کتمان جهالت و
اظهار خلاف واقع (یعنی افکار بسیار عالیه در پیش دارند) و آزار صاحب مساکین و لو هم
چونکه بدین پیرایه جلوه میکنند مگر با ضعفا و مسخرگی بجهت آنکه طبیعت متعلمه را با این صفت
ملائمت نیست و تکلف بسیار زیرا آنکه او با تمثال را چنانچه باید از لوازم تکبر اخلاقی
و حرکات [illegible] مستهجنهٔ غیر منتظمه چنانکه بو متکبران بنجولی ارکان این صفت رانیده اند
و آواز بلند گفتن متکبرانه و سخن گفتن بیجا و جواب ندادن و رحل و کلمات مهمله با آه و تأسف
و روی گردانیدن از آشنایان در وقت مقابله و مواجهه و نسبت کردن و در هنگام مکالمه
با هر یاسی و نصیحت با لعن و شتم و تهمت و تهمت زدن حقیقة [illegible] متکبر باید بهمین گونه باشد
انصاف باید داد — و همچنین است حال سائر اخلاق اگهوریان اگر تحلیل کرده شود —
بسیار تعجب است از تو که باز میگوئی اگهوری اگهوری — [illegible] در اگهور [illegible] پیدا کرا —
ترا عادت چیست که چشم خود را تکذیب میکنی و عقل و هوش خویش را یک طرف بداده باور
خود ایمان میاوری — افعال و حرکات این گروه را ملاحظه نمیکنی و میگوئی که ایمان میگوید
که ما روح در کالبد ها میدمیم و مردها را زنده میکنیم — بسیار خوب گیریم که شما بیشتر از گوشت
بچیز دیگر ایمان نیاورید آیا آن او از کجا از (لنا ست کهٔ) بر شما است بگوئید تو نرسید —

طلب نمایند و البته اگر زنده با هیئت مجموعهٔ ایشان را به بینند ایشان را با لمرهٔ محروم نمود خواهند
— اگھوریان نه تنها قطع رجا بعث و نُشور مردها را نموده اقامهٔ برهان بر استحاله و امتناع
آن مینمایند بلکه جمیع بیماران و ضعیف الجثّه ها و ناتوانان را دعوت مرگ میکنند و بر استحسان
موت دلیلهای قطعی میاورند و چنان بیان میکنند که راه نجات این گونه مردم بغیر از مرگ
نیست و مداوات کردن را سبب فائده میشمارند — با وجود این چیز خواهند چیز خواهند —
راست باید گفت این یکی راه بهیده اند زنده گی بسیار درد و سر دارد — زنده گی
راهمی باید بس عالی و عقلی باید بسیار بزرگ و تجلدی قوی الغایه و دلی چون سنگ خارا
و قوّت اعلی بسیار محکم و عزمی در نهایت ثبات — مُحدّث ضعیف العقل را این گونه صفات
چگونه حاصل می شود — اکسل طبیعت آن مردمان از ... الست — ای ضعیف جسمان و
نحیفان و ای بیماران همگی مرگ را در دهید — برهان (ناسودهٔ مرگ شان)
بسیار قوی است من هم قبول نمودم — اگر به یار ایشان باطل هم باشد باز همگی لباس
حیات را از خود با دور کنید — شخص از برای خاطر (ناسودهٔ مرگ شان) دیاران
ایشان ازین زنده گی درگذرید — چون اگر شما این کار را نکنید ایشان را ضرر و زیان
بسیار خواهد شد و اگر مُرده واحیا این جهان شما را هیچ ضرر نکرد — اگر شما را تنگی صبر
و مرضیم بود و باشد آنجا از مرگ منع میکند (ناسودهٔ مرگ شان) از برای شما
راه بسیار خوبی نشان میدهد و نیز روش و کشش اموات را بقین چون اهل قدیم
فلسطین و باستنده گان پارینه اسطخر را بطریق واضح بیان میکند تا آنکه دستور العمل

نفهمیده توجیه و تأویل ننمایند با وجود آنکه مقاصد و نیتٔ ایشان از سخافت و رکاکت آرا
شان آشکار تر است ـ جمیع مردها هزار ساله و دو هزار ساله و همه استخوانهای
پوسیدهٔ قرون خالیه درین روزها سر از قبرها و دخمها برآورده با آوازهای بسیار بلند
ندای الحیات الحیات البعث البعث النشور النشور میزنند اما اگهوریان خیرخواه
بقوت تمام الموت الموت الهلاک الهلاک الفنی الفنی آواز مینمایند ـ برحال قومی
که خیرخواه آن اگهوریست باید گریست ـ بیچاره مردهاییکه در ظلمتکدهٔ قبور و تنگنای
گورها برهنه و عریان و گرسنه و عطشان افتاده و آرمیده اند و هر ساعتی از دیدن
صُوَر هائلهٔ نکیرها و منکرها لرزان و ترسان اند و آرزوی سازوسامانی نالان و گریانند
و تذکار لذات زندگانی ایشان را بآتش حسرت نشانده است و زندها حقوق
آنها را بتمامها غصب نموده ایشان را بدبختی و مصیبت و قبیح ترین وجهی از بساط
زندگانی رانده است و بغیر از خاکی که آنهم با نمک شور مزه آمیخته شده چیزی دیگری
از برای خوردن آنها نمانده است گاه گاهی با امید رجعت و برجا رابعث دلهای
خود ها را تسلی میدهند و شعلهای این عذابهای الیم را بتذکار حشر و نشر فرو می نشانند
ـ و ممکن است که این آمال اجساد ایشان را حفظ و از تلاشی و تفرق باز دارد
و می شود که این آرزوها این بیچاره مردگان را برین وا دارد که خیالات خود ها را
حرکت داده در صدد استحصال اسباب نجات برآیند و جای است چون این
خواهشها در ایشان قوت بگیرد با یکدیگر مخابرت نموده و مشورت کرده بهیئت مجموعی
اگرچه در نهایت ضعف و ناتوانی بوده باشند بعضی از حقوق خود ها را از زندها

خاک بر چشم هر کسی شرم است - اهل سطحی و فلسفین نیستند درین زبان اگر عبارت از مشتی
استخوان پوسیده که هر روز اجزا آن متلاشی و متناثر میگردد - زبانی نخواهد گویم که آنرا هم
آنها هم محو خواهد شد - تمدن مذهبی و عربیه پشتوئیی - حقیقت راست گفته بود مگر کاره لو تاتیشه
بر عکس و وا اثر گو نه است - آیا راست نگفتم که نشاید اگهوریا در مجامع و محافل راه داد -
ایشان با این فساد اخلاق و تباهی افکار در هر امر که در آیند و در هر حسب و اداره که
شریک شوند لامحاله موجب فساد و زیان و بربادی خواهند شد - اگر ... علاقه دارد
طبیعت گذشته را ادراک نیکی اندکی صبر کن تا آنکه چشم خویش سیاه بنمایم - سر ولی کل حال
از این اگهوری ممنون شدم که پایان کار را نشان داد - بعد از قول این اگهوری دیگر هیچکس را عذری نماند
لیکن کویته قصد رانیده انستم و عاقبت را فهمیدم - چه قدر اصرار میکنی و چه قدر دارای عجز را دوست میداری
- این تیغ را حمل بر تعزیر مکن - بر نادان تعذر نمودن از نادانی است - جمیل الوجه را
چه حق است که بر کور ناز کند - تا بر خوب صورت بر معنا است چونکه چشم ... را میداند
و مرا یاسی آن را ادراک میکنند - ولی کلام را سودی نیست - چرا بگویم و سامعی که
گوش چه فائده دارد و ثمرهٔ آن چه خواهد بود - کسی که فرق در میانه آسمان و ... لقیا بکند
نستعلیق را از قبطی نشناسد و تاتار را از فارس نداند و کیخسرو خردمند را با افراسیاب
نادان یکی داند و در تباین مترادفات حکم نماید و متبائنات را مترادف انگارد و نفع
و ضرر و سود را از زیان نپندارد با آن سخن گفتن چه فائده خواهد بخشید - در نزد کور چه رنگ
چه زیبائی - در پیش نادان چه مغالطه چه برهان - در نزد احمق چه تیک چه شک
- در پیش دیوانه مجنون چه فرزانه - در نزد احمق چه دوست چه دشمن -

بوده باشد از برای شما ور مقابر. دیگر سبب تأخیر علیت - اینک (بوم شوم) بر دیوار (لشامت آکدکا) نشسته هر وقت بخرابی و تباهی و ویرانی و هلاک و اضمحلال و فنی و موت ندا در میدهد - نه بیحیائی این گروه را حد است و نه بیعقلی و بی ادراکی این جماعت را اندازه است - این روش اهل فلسطین و این کنش اسطخریان که می بینی بقایای حیات قدیم و آثار زندگانی دیرینه است نه آنکه سپس مردمان این مسلک را اتخاذ نموده‌اند. (دهیش) و (مانگ) چرا مانند ایشان نمی شوند.

البته نمیشوند چون هیچ وقت زنده نبوده اند. زنده کسی است که هم اقوام را بسوی کمالات به مهابا انگیزاند. زنده کیست که مردم را بتعلیم علوم و صنایع و تجارت دعوت میکند. اگر قومی مرده را روحی و گنشی روانشی و بینشی از پیش نبوده باشد ممکن نیست که بغیر نفخ روح الحیاة از راستکاری در امور حاصل شود - چونکه دشواری استحصال اسباب رستگاری چون دشواری استحصال آب حیات است اگر چنان سببی داشته باشد چرا زنده نشود (ترجیح بلا مرجح در هر جا محال است). بلی اگر پیش از مردن اسباب رستگاری اورا بوده باشد می شود که رمقهای دراز پس از موت باقی بمانند. باصل کلام برگردیم این دیو اگهوری بجهت اکتساب غایات خود که شکم پر کردن باشد عجیبه مغالطه ها بهانه و غیره مثالها می آورد. اگر کسی لاحول کند که اهل اسطخر و فلسطین در زمان حیات خود با چه بودند آیا می تواند که اکنون اسم آنها را در میان امم ذکر کند و بگوید که الآن اسطخریان چنیند و اهل فلسطین چنانند - مار ر آمی این دیو البته اکنون دارای بزرگ بجسید می چی باتلی دالا داولاد آن مینارد - و سلیمان بزرگ نسل و سلالهٔ او فخر میکند -

سگ چون دیوانہ شود چہ صاحب آن چہ بیگانہ — پس اگر صد درم داری مشتی بر دم شم نہادہ ای — سبحان اللہ اصرار تو از حد تجاوز کرد — جان من شرح حال اگھوریان باشوکت وشان را گفتہ ہا باید این چند ورق — باقی آیندہ — راقم جلال الدین حسینی

کیمیا

شیشہ کے شکستہ برتنون کو جوڑنیکی ترکیب

آی سن گلاس اسپرٹ واین بیٹھا یاسے ان تینوں چیزوں کو حسب ضرورت لیکر برتن جس ڈالکر یہی سکے موافق پکاوین حب یہہ سب اجزا ایک جگہ ہو جاوین تب شکستہ شیشہ کے ٹکڑون پر لگاکر باہم ملاوس

چینی کے شکستہ برتنون کے جوڑنیکی ترکیب

ایک آرنا ر سدہ کو شہد کے موافق پیسکر بیضہ مرغ کی سفیدی مین ملاوین اور ٹوٹے ہوئے ٹکڑون پر لگاکر باہم ملاکر دہوپ مین رکھدینا

اس ترکیب سے جوڑ مضبوط ہو جائیگا —

ہاتھی دانت کے رنگنے کی ترکیب

جس رنگ کا رنگنا منظور ہو اوسی رنگ کی بانات کی دھجیان اور ایک ٹکڑا پھٹکری کا لیکر آدہ سیر پانی مین جوش دین جب رنگ نکل آسے تب بانات کے ٹکڑے نکالکر ہاتھی دانت کا ٹکڑا یا کھلونا اسمین ڈالین تہوڑی دیر مین جو رنگ بانات کا ہوگا وہ اسپر آجائیگا ۔

راقم محب حسین